کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 بدھ 20 محرم الحرام 1447ھ 16 جولائی 2025ء صفحات 08 شمارہ 11
رجسٹرڈ BC-m-1 Email. mashriqqta2008@gmail.com PTCL 081-2827345 081-2827344 قیمت 30 روپے

آئی ایم ایف کا ٹیکس چھوٹ سے انکار، حکومت نے 3 لاکھ ٹن چینی کی درآمد کا ٹینڈر واپس لے لیا

ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان نے 3 لاکھ ٹن چینی کی درآمد کا ٹینڈر واپس لے کر 50 ہزار میٹرک ٹن چینی کی درآمد کا نظر ثانی ٹینڈر جاری کر دیا، 22 جولائی تک بولیاں طلب

حکومت نے 5 لاکھ ٹن چینی کی درآمد کا حتمی فیصلہ کیا اور یوٹیز معاف کر دی تھیں تاہم آئی ایم ایف کی جانب سے چینی کی درآمد پر ٹیکس چھوٹ دیے جانے پر شدید تحفظات کا اظہار کیا گیا

وفاقی حکومت نے جون 24 میں چینی کی ایکس مل قیمت 140 روپے، مارچ 25 میں 159 روپے کلو مقرر کی تھی جب کہ اس بار چینی کی ایکس مل قیمت 165 روپے کلو مقرر کی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے درآمدی چینی پر ٹیکس چھوٹ پر آئی ایم ایف کے انکار کے بعد چینی کی درآمد کیلئے جاری کیا جانے والا ٹینڈر واپس لے لیا، نجی ٹی وی کے مطابق ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان نے 3 لاکھ ٹن چینی کی درآمد کا ٹینڈر واپس لے کر 50 ہزار میٹرک ٹن چینی کی درآمد کا نظر ثانی ٹینڈر جاری کر دیا، انٹرنیشنل سپلائرز سے 50 ہزار ٹن چینی کی درآمد کیلئے 22 جولائی تک بولیاں طلب کر لی گئیں، آئی ایم ایف کی جانب سے چینی کی درآمد پر ٹیکس چھوٹ دیے جانے پر شدید تحفظات کا اظہار کیا گیا۔۔۔ دوسری جانب چینی کی درآمد کی اجازت کے باوجود چینی کی ایکس مل قیمت پہلے کے مقابلے زیادہ مقرر کی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق چینی کی برآمد کی اجازت کے وقت مقررہ قیمت کے مقابلے ایکس مل قیمت میں 25 روپے کلو کا اضافہ ہوا ہے، اس سال مارچ میں حکومتی اعلان کردہ قیمت کے مقابلے ایکس مل قیمت میں 6 روپے کلو اضافہ ہوا ہے۔ کابینہ دستاویز کے مطابق وفاقی حکومت نے جون 24 میں چینی کی ایکس مل قیمت 140 روپے فی کلو مقرر کی تھی اور مارچ 25 میں حکومت نے چینی کی ایکس مل قیمت 159 روپے کلو مقرر کی جب کہ حکومت نے شوگر ملوں کے ساتھ چینی کی ایکس مل قیمت 165 روپے کلو مقرر کی ہے۔ وزارت نیشنل فوڈ سیکیورٹی نے گزشتہ روز چینی کی نئی ایکس مل قیمت مقرر کرنے کا اعلان کیا تھا۔ واضح رہے کہ حکومت نے جون 2024 میں چینی برآمد کرنے کی منظوری کا عمل شروع کیا تھا، حکومت نے جون تا۔۔۔۔۔ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخوا میں ن لیگ کی ایک مخصوص نشست بڑھ گئی

اقلیتی نشست پر ن لیگ اور جے یو آئی میں ٹاس ہوگا، الیکشن کمیشن کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن نے خیبر پختونخوا کی مخصوص نشست پر محفوظ فیصلہ سنا دیا، ن لیگ کی ایک نشست میں اضافہ، جے یو آئی سے سیٹ واپس لے لی گئی، تحریری فیصلے میں لکھا گیا خیبر پختونخوا اسمبلی میں ن لیگ، جے یو آئی کو 9، 9 نشستیں مل گئیں، پی ٹی آئی اور اے این پی کو ایک ایک اضافی نشست ملی، الیکشن کمیشن نے آزاد رکن طارق۔۔۔ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز احمد گورایہ اور ترجمان حکومت شاہد رند پریس کانفرنس کر رہے ہیں

صدر، وزیراعظم کی ملاقات، ملکی ترقی و استحکام کیلئے ملکر کام کرنے کے عزم کا اعادہ

ملاقات میں ملک کی سیاسی، معاشی اور سیکیورٹی، امن وامان کی صورتحال اور دہشت گردی کے خلاف اقدامات پر بھی تبادلہ کیا گیا

وزیراعظم شہباز شریف نے معیشت کی بہتری کیلئے حکومتی اقدامات سے صدر کو آگاہ کیا، آصف زرداری کا اطمینان کا اظہار

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم نے صدر مملکت آصف علی زرداری سے اہم ملاقات کی جس میں ملک کی سیاسی، معاشی اور سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ ایوان صدر کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ایوان صدر میں ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں وفاقی وزیر برائے دفاع خواجہ محمد آصف، منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال، قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ، محسن نقوی، اور وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی وعوامی امور رانا ثنا اللہ خان بھی موجود تھے۔ دونوں۔۔۔ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعظم شہباز شریف ملاقات کر رہے ہیں

پیٹرول 5.36، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 11 روپے 37 پیسے فی لیٹر اضافہ

پیٹرول کی نئی قیمت 272 روپے 15 پیسے فی لیٹر مقرر، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی نئی قیمت 284 روپے 35 پیسے فی لیٹر ہو گئی

مٹی کے تیل کی قیمت میں 3 روپے 10 پیسے فی جب کہ لائٹ ڈیزل آئل کی قیمت میں 1 روپے 85 پیسے فی لیٹر کمی کی گئی

اسلام آباد (شاکر رحمان) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا وزارت خزانہ کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا پیٹرول کی قیمت میں 5 روپے 36 پیسے فی لیٹر اضافہ کیا گیا ہے، پیٹرول کی نئی قیمت 272 روپے 15 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 11 روپے 37 پیسے اضافہ کیا گیا ہے، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی نئی قیمت۔۔۔ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، میر یاسین مینگل، سعد اللہ اچکزئی، سید حسن آغا و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نائب وزیراعظم کی چینی صدر شی جن پنگ سے ملاقات، پاک چین پائیدار دوستی کو مزید مضبوط کرنے اور مشترکہ علاقائی اہداف کو آگے بڑھانے کا عزم

پاکستان نے ایران پر اسرائیل اور امریکی حملوں کو کبھی قبول نہیں کیا

تنازعات مذاکرات سے حل کیے جائیں، اسحاق ڈار کا ایس سی او وزرائے خارجہ کونسل کے اجلاس سے خطاب

ایران پر اسرائیل کی جانب سے غیر منصفانہ جارحیت، جوہری تنصیبات پر امریکی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، ایس سی او کے رکن ممالک کے خلاف اس طرح کی غیر قانونی کارروائیاں ناقابل قبول ہیں

جارحیت کو پالیسی ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کے بڑھتے رجحان پر پاکستان کو گہری تشویش ہے، تنازعات سفارتکاری و بین الاقوامی قانون، انصاف اور غیر جانبداری اصولوں کے مطابق حل کیے جائیں

پاکستان مسئلہ فلسطین کے دو ریاستی حل کا حامی ہے، اجلاس سے خطاب، روس، ایران اور کرغزستان کے وزراء خارجہ کے ساتھ ملاقاتیں، باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق

اسحاق ڈار کی بیجنگ کے گریٹ ہال آف دی پیپل میں چینی صدر سے ملاقات کی، نائب وزیراعظم نے صدر شی جن پنگ کو پاکستان کی قیادت، حکومت اور عوام کی جانب سے گرمجوش مبارکباد پہنچائی

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے وزرائے خارجہ اجلاس میں شرکت کے دوران ایران پر اسرائیل، امریکہ کے حملوں کو ناقابل قبول قرار دیدیا، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ ایران پر اسرائیل کی۔۔۔ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

انڈونیشیا کے وزیر دفاع کی فیلڈ مارشل سے ملاقات، دہشتگردی کیخلاف پاک فوج کے کردار کی تعریف

ملاقات کے دوران دفاعی تعاون، علاقائی سیکورٹی کے امور اور فوجی تعلقات مزید مضبوط بنانے کے پہلوؤں پر تبادلہ خیال

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے امن و استحکام کو برقرار رکھنے کیلئے باہمی تعاون کی اہمیت کو اجاگر کیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (زاہد احمد خان) انڈونیشیا کے وزیر دفاع نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاک فوج کے کردار کو سراہا اور پاکستان کیساتھ دفاعی تعلقات مزید وسیع کرنے کی خواہش کا اظہار کیا، پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پاکستان۔۔۔ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

برطانیہ، ہزاروں افغانوں کی خفیہ منصوبے کے تحت آبادکاری سکیم ختم

طالبان حکومت کے بعد 1900 افغان مددگاروں، 3 ہزار 600 اہل خانہ کو برطانیہ لایا گیا

لندن (بیورو رپورٹ) برٹش آرمی کیلئے کام کرنیوالے افغانوں کو خفیہ منصوبے کے تحت برطانیہ میں آباد کرنے کے منصوبے کو ختم کر دیا گیا، عالمی خبر۔۔۔ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

عافیہ کیس، حکومت کا ہائیکورٹ فیصلے کیخلاف سپریم کورٹ سے رجوع

کونسل رسائی بھی دی جا چکی، درخواست میں ترامیم سے کیس کو طول دیا جا رہا ہے

فوزیہ صدیقی کی اصل درخواست پر عمل ہو چکا، ہائیکورٹ کا حکم نامہ کالعدم قرار دیا جائے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے عافیہ صدیقی کیس میں سپریم کورٹ سے رجوع کرتے ہوئے اسلام آباد ہائی کورٹ کا 16 مئی کا آرڈر کالعدم قرار دینے کی اپیل کردی، اپیل میں کہا گیا 16 مئی کو ہائیکورٹ نے فوزیہ صدیقی کی درخواست میں ترمیم منظور کی، فوزیہ صدیقی کی اصل درخواست والی استدعا پر عمل ہو چکا، عافیہ صدیقی سے۔۔۔ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

ہم جیلوں میں بیٹھے، آپ اختلافات پیدا کر رہے ہیں، عمران خان کا پارٹی رہنماؤں کو سخت پیغام

لاہور اجلاس کو لیکر پارٹی میں اختلاف جان بوجھ کر پیدا کیا جا رہا ہے، ذاتی اختلافات فوری ختم کریں، بانی پی ٹی آئی

میرے، بشریٰ کیساتھ ظلم ہو رہا ہے، ٹی وی اور اخبارات بند، انسانی حقوق ختم کر دیے گئے، بہنوں سے گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے کہا ہے لاہور اجلاس کو لے کر پارٹی میں اختلاف جان بوجھ کر پیدا کیا جا رہا ہے، ذاتی اختلافات ختم کریں اور سارا فوکس تحریک پر رکھیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملاقات کرنے والی اپنی بہنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا علیمہ خان نے۔۔۔ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

اسسٹنٹ کمشنر تربت کی بازیابی کی کوششیں جاری، مصور کاکڑ کے قتل میں ملوث ملزم گرفتار کر لیا، شاہد رند / اعتزاز گورایہ

ملزم ریحان طیب شاہ کی گرفتاری کی کوششیں جاری، بدامنی پھیلانے، قتل و غارت گری کرنیوالوں کیخلاف سخت ایکشن لیا جا رہا ہے

اغواء میں استعمال میں ہونے والی گاڑی بھی برآمد کر لی گئی ملزم ہشام ریمانڈ پر ہے، دیگر ملزمان جلد گرفتار ہوں گے، اعتزاز احمد گورایہ

اسسٹنٹ کمشنر تربت کی بحفاظت بازیابی کے لئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، ترجمان حکومت شاہد رند کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ اعتزاز احمد گورایہ نے کہا ہے کہ شہید ہونے والے معصوم مصور خان کاکڑ کے اغواء میں ملوث اور سہولت کار افغانی ملزم کو گرفتار کر کے اس کے دیگر ساتھیوں کو گرفتار کرنے کے لئے کوششیں جاری ہیں۔ اغواء میں ملوث 2 ملزمان مارے گئے ہیں ان خیالات کا اظہار۔۔۔ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

توہین مذہب مقدمات کی تحقیقات کیلئے حکومت کو کمیشن تشکیل دینے کا حکم

وفاقی حکومت کا تشکیل کردہ کمیشن 4 ماہ میں اپنی کارروائی مکمل کرے، جسٹس سردار اعجاز اسحاق

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عدالت نے توہین مذہب کے مقدمات کی تحقیقات کیلئے حکومت کو کمیشن تشکیل دینے کا حکم دے دیا، اسلام آباد ہائیکورٹ کے۔۔۔ بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

سانحہ سوات 384 صفحات کی تحقیقاتی رپورٹ پشاور ہائیکورٹ میں جمع

رپورٹ میں سانحہ سوات سے قبل کیے گئے اقدامات اور نظام میں موجود خامیوں کی نشاندہی

سیلاب سے پہلے اور بعد میں کی گئی تیاریوں، حکومتی اقدامات و معطل افسروں کی تفصیلات بھی فراہم

پشاور (بیورو رپورٹ) سانحہ سوات کی تحقیقات اور دریاؤں کو محفوظ بنانے سے متعلق سماعت کے دوران 384 صفحات کی تحقیقاتی رپورٹ پشاور ہائی کورٹ میں جمع کرا دی گئی، رپورٹ میں سیلاب سے پہلے اور بعد میں کی گئی تیاریوں اور واقعہ کے بعد حکومتی اقدامات و معطل افسروں کی تفصیلات بھی فراہم کی گئیں، رپورٹ کے مطابق تحقیقاتی کمیٹی نے 10 افسروں اور ذمے دار افراد کے بیانات قلمبند کیے، سانحہ سوات کے 3 دن بعد وزیراعلیٰ نے تجاوزات کیخلاف آپریشن کی ہدایت کی، رپورٹ کے مطابق سانحہ سوات سے قبل کیے گئے اقدامات۔۔۔ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی سپریم کورٹ نے محکمہ تعلیم ختم کرنے کی اجازت دیدی

عدالت کے 9 رکنی بینچ میں شامل 3 آزاد خیال ججز نے فیصلے سے اختلاف کیا

نیویارک (بیورو رپورٹ) امریکہ کی سپریم کورٹ نے اہم فیصلے میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو محکمہ تعلیم کو ختم کرنے کا عمل دوبارہ شروع کرنے کی اجازت دے۔۔۔ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

ایف بی آر قوانین کیخلاف تاجر تنظیموں کا بلوچستان سمیت ملک گیر احتجاج کا اعلان

26 جولائی کو ہر ضلع و تحصیل میں احتجاج ہوگا، 16 لاکھ سے زائد کاروباری لوگ ملک چھوڑ چکے، اجمل بلوچ و دیگر

ڈیجیٹل انوائسنگ اور 37AA، 7B اور 21 ایس کارروائی کسی صورت قبول نہیں کی جائے گی، عبدالرحیم کاکڑ

بلوچستان کے تاجر اپنی مرکزی تنظیموں اور قائدین کی کال پر بلوچستان بھر کی سڑکوں پر سراپا احتجاج ہوں گے، پریس کانفرنس

کوئٹہ، اسلام آباد (سٹی رپورٹر، بیورو) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان (ر) کے صدر عبدالرحیم کاکڑ نے وفاقی حکومت کی جانب سے ایف بی آر کو اختیارات دینے، ڈیجیٹل انوائسنگ اور ادائیگیوں پر 20 فیصد ٹیکس کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ڈیجیٹل انوائسنگ 37 اے اے، 7 بی اور 21 ایس کارروائی کی مذمت کرتے ہیں اگر ہمارے مطالبات تسلیم نہ کئے گئے تو ملک بھر کی تاجروں کی طرح کوئٹہ اور بلوچستان کے تاجر اپنے مرکزی تنظیموں اور۔۔۔ بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

خاران، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی ڈی آئی جی کمپلیکس کا دورہ کر رہے ہیں

گورنر جعفر خان مندوخیل سے مسلم لیگ ن بلوچستان کے آرگنائزر شیخ جعفر خان مندوخیل کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

مخصوص نشستیں، پی ٹی آئی کی درخواست اعتراض کیساتھ واپس

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور ہائیکورٹ کے رجسٹرار نے مخصوص نشستوں سے متعلق تحریک انصاف کی درخواست اعتراض لگا کر واپس کر دی، رجسٹرار پشاور ہائیکورٹ کے مطابق سپریم کورٹ کے آئینی بنچ نے ہائیکورٹ کا مخصوص۔۔۔ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

سینٹ الیکشن، 2 اراکین اسمبلی مشال یوسفزئی کے تجویز و تائید کنندہ بننے سے دستبردار

پشاور (بیورو رپورٹ) سینٹ الیکشن میں تحریک انصاف کے پی اسمبلی کے 2 اراکین مشال یوسفزئی کے تجویز کنندہ اور تائید کنندہ بننے سے دستبردار ہو گئے، پی ٹی آئی کے رکن صوبائی اسمبلی طارق آریانی نے کہا ہے۔۔۔ بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

شوگر ملز مالکان نے حکومتی معاہدے کو ہوا میں اڑا دیا، ہول سیل گروسرز

165 کے حکومتی معاہدے کے باوجود چینی کی ایکس ملز قیمت 175 روپے کر دی گئی

کراچی (بیورو رپورٹ) ہول سیل گروسرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین رؤف ابراہیم نے کہا ہے شوگر ملز مالکان نے حکومتی معاہدے کو ہوا میں اڑا دیا اور 165 روپے۔۔۔ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

علیمہ خان نے بھی پی ٹی آئی میں اختلافات کی تردید کر دی

پارٹی کے اتحاد پر اطمینان، پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز کا لاہور اجلاس خوش آئند ہے

پنجاب کی پارٹی قیادت کو اجلاس میں نہ بلانے کی کوئی اطلاع نہیں دی گئی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی چیئرمین عمران خان کی بہن علیمہ خان نے بھی پارٹی میں اختلافات کی تردید کر دی، اڈیالہ۔۔۔ بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

اوگرا نے جولائی کیلئے آر ایل این جی کی قیمتوں میں کمی کر دی

کمی کے بعد آر ایل این جی کی نئی قیمت 11.57 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے جولائی کیلئے آر ایل این جی کی قیمتوں میں کمی کر دی، اوگرا کی جانب سے آر ایل این جی کی قیمتوں میں کمی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، نوٹیفکیشن کے مطابق سوئی ناردرن۔۔۔ بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

احتجاج کی کال پر اختلافات، عالیہ حمزہ نے عہدہ چھوڑنے کی دھمکی دیدی

پنجاب کی چیف آرگنائزر عالیہ حمزہ 5 اگست کو فائنل کال کے مؤقف پر ڈٹ گئیں، ذرائع

لاہور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی 5 اگست کو احتجاج کی کال پر مرکزی اور پنجاب قیادت میں اختلافات سامنے آ گئے، پنجاب کی چیف۔۔۔ بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان مکمل صحت مند، دستیاب سہولیات کسی بھی قیدی کو حاصل نہیں، اڈیالہ جیل انتظامیہ

بانی پی ٹی آئی کے اعضاء رئیسہ مقررہ معیار کے مطابق، خوراک، مطالعہ کتب و اخبارات سمیت ورزش، واک و دیگر سہولت میسر ہے

3 مہینوں میں 66 خواتین و حضرات کی ملاقاتیں، عمران خان جیل سے مین سٹریم میڈیا، اخبارات سے مخاطب ہوتے رہے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) اڈیالہ جیل انتظامیہ نے کہا ہے کہ عمران خان کو جیل میں بی کلاس کی تمام سہولیات حاصل، بانی پی ٹی آئی مکمل صحت مند، اعضاء رئیسہ مقررہ معیار کے مطابق ہیں، بانی پی ٹی آئی کی سیکیورٹی و صحت پر فرائض بھرپور ادا کر رہے ہیں، بانی پی ٹی آئی کو دی گئی سہولیات بی کلاس کے دیگر قیدیوں کو۔۔۔ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

الیکشن کمیشن نے جعلی ڈگری پر رکن قومی اسمبلی جمشید دستی کو نااہل قرار دیدیا

ای سی پی نے اسپیکر قومی اسمبلی کا ریفرنس منظور کر لیا اور محفوظ کیا گیا فیصلہ جاری کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن نے رکن قومی اسمبلی جمشید دستی کو نااہل قرار دیدیا، الیکشن کمیشن نے محفوظ فیصلہ۔۔۔ بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

عمران کی سابق اہلیہ ریحام خان کا سیاسی جماعت بنانے کا اعلان

نئی سیاسی جماعت عوام کی آواز بن کر حکمرانوں کا پیچھا کرے گی، صحافیوں سے گفتگو

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان کی سیاست میں نئے باب کا اضافہ، پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین عمران خان کی سابقہ اہلیہ ریحام خان نے بھی سیاسی جماعت بنانے۔۔۔ بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی، ریحام خان پریس کانفرنس میں نئی سیاسی جماعت بنانے کا اعلان کر رہی ہیں

آمدنی کے مطابق ٹیکس نہ دینے والے صنعتکار و تاجروں کے اثاثوں کی چھان بین کا فیصلہ

عالی شان بنگلوں، بڑی کوٹھیوں میں رہنے والے بہت کم ٹیکس دے رہے ہیں، ایف بی آر پہلے مرحلے میں صنعتکاروں، تاجروں کو نوٹسز جاری کریگا

ادارہ جواب سے مطمئن نہ ہوا تو پھر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی ایف بی آر نے تاجروں کے شاہانہ رہن سہن کا ڈیٹا اکٹھا کر لیا، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایف بی آر نے آمدنی کے مطابق ٹیکس نہ دینے والے صنعتکاروں اور تاجروں کے اثاثوں کی چھان بین کا فیصلہ کر لیا، ذرائع کے مطابق عالی شان بنگلوں اور بڑی کوٹھیوں میں رہنے والے بہت کم ٹیکس دے رہے ہیں، ایف بی آر پہلے مرحلے میں ٹیکس کم دینے والے صنعتکاروں۔۔۔ بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

بانی کی ہدایت پر تحریک کا آغاز، عروج 5 اگست ہی ہوگا، بیرسٹر گوہر

علی امین گنڈا پور خان صاحب کے کھلاڑی، پارٹی میں کوئی اختلاف نہیں

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) چیئرمین تحریک انصاف (پی ٹی آئی) بیرسٹر گوہر نے وزیراعلیٰ علی امین گنڈا پور کے بیان۔۔۔ بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے جنگ کے دوران جس طرح ساتھ دیا، ابھی نہیں بھول سکتے، ایرانی صدر

اسلامی ممالک کے درمیان اتحاد و ہم آہنگی ناگزیر، صیہونی حکومت تقسیم اور کمزوری پیدا کرنے کی کوشش کر رہی ہے

وزیر داخلہ محسن نقوی کی ملاقات، جنگ میں فتح کی مبارکباد، پاک ایران تعلقات اور دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال

تہران (بیورو رپورٹ) وزیر داخلہ محسن نقوی نے تہران میں ایران کے صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات کی، باہمی دلچسپی کے امور، پاک ایران تعلقات اور دو۔۔۔ بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر پورٹ پاکستان کی معیشت کا دل ہے، وفاقی وزیر

گوادر بندرگاہ کا پہیہ چلے گا تو ملک میں معاشی انقلاب آئے گا

جنید انور چوہدری کا گوادر کا دورہ، ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ

گوادر (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے بحری امور جنید انور چوہدری دو روزہ سرکاری دورے پر گوادر پہنچ گئے، ان کے ہمراہ وفاقی پارلیمانی سیکرٹری سمیت اعلیٰ۔۔۔ بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

سلمان اکرم راجہ کی عبوری ضمانت میں 19 جولائی تک توسیع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کی عبوری ضمانت میں توسیع کر دی گئی، انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے سماعت کی، 26 اور 24 نومبر کے مقدمات۔۔۔ بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کا اقتدار خطرے میں پڑ گیا

الٹرا آرتھوڈوکس جماعت کے بعد شاس کا بھی حکومتی اتحاد سے علیحدہ ہونے کا امکان

تل ابیب (بیورو رپورٹ) اسرائیل میں مذہبی تعلیمی اداروں کے طلبہ کو فوجی خدمات سے مستثنیٰ قرار دینے کا قانون نہ بنانے پر تنازع شدید، الٹرا آرتھوڈوکس جماعت یو ٹی جے کے بعد شاس کا بھی حکومتی اتحاد سے علیحدہ ہونے کا امکان بڑھ گیا، اسرائیلی۔۔۔ بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان ریلوے نے 11 ٹرینیں آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ کر لیا

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان ریلوے نے ٹرینوں کو پرائیویٹ سیکٹر کے تعاون سے چلانے کی ایک بار پھر کوششیں شروع کر دیں، 11 ٹرینیں آؤٹ سورس کرنے کا اشتہار جاری کر دیا گیا، ہزارہ ایکسپریس۔۔۔ بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

جرنیلوں، ججز کو حاصل مراعات اور تنخواہوں کا پیکج بتایا جائے، ثناء اللہ مستی خیل

یہ مطالبہ کرنے پر کوئی بھی نتیجہ بھگتنے کو تیار ہوں، چیئرمین پی اے سی اور دیگر ارکان مطالبہ سن کر مسکرا دیے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پارلیمنٹ کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) کے رکن ثناء اللہ مستی خیل نے مطالبہ کیا ہے کہ جرنیلوں اور سپریم کورٹ ججز کو حاصل مراعات اور تنخواہوں کا پیکج بھی بتایا جائے، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین جنید اکبر کی زیر صدارت۔۔۔ بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں پولیو وائرس کی نشاندہی نہیں ہوئی

19 سائٹس کے ماحول میں پولیو وائرس کی موجودگی میں 83 فیصد کمی

پولیو کا آخری کیس سال 2024 کے نومبر میں ضلع قلعہ عبداللہ سے رپورٹ ہوا

کوئٹہ (آن لائن) انسداد پولیو حکام کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں گزشتہ تین ماہ کے دوران صوبے کے 19 ہائی رسک علاقوں کے ماحول میں پولیو وائرس کی۔۔۔ بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

لوکل کونسلز مخصوص نشستوں پر پولنگ 3 اگست کو ہوگی

امیدواروں کو انتخابی نشانات الاٹ کر کے حتمی فہرست شائع کر دی

کوئٹہ (آن لائن) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق بلوچستان میں (ضلع کوئٹہ کے علاوہ) لوکل کونسلز کی مخصوص نشستوں پر پولنگ۔۔۔ بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

احتجاج کیس میں عمر ایوب کی ضمانتیں خارج، گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم

جج امجد علی شاہ کی 24 اور 26 نومبر کے 10 سے زائد مقدمات میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کی عبوری ضمانت درخواست پر سماعت

انسداد دہشتگردی کی عدالت کے جج نے رہنما پی ٹی آئی و اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی اور کونسل کی عدم پیروی پر ضمانتیں خارج کیں

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) انسداد دہشتگردی کی عدالت نے اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم دے دیا، راولپنڈی میں انسداد دہشت گردی کی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے 24 اور 26 نومبر کے 10 سے زائد مقدمات میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کی عبوری ضمانت کی درخواست پر سماعت کی۔۔۔ بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کو عمران خان سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہے، عرفان صدیقی

پی ٹی آئی جمہوری رویوں کے لیے نہیں، صرف سڑکوں پر احتجاج اور فساد کے لیے بنی ہے

90 روزہ تحریک کے بعد بھی ہاتھ کچھ نہیں آئے گا، بہتر ہے گنڈا پور ابھی استعفیٰ دے دیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما، سینٹ میں مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی پارٹی لیڈر اور امور خارجہ کمیٹی کے چیئرمین سینیٹر۔۔۔ بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

پنجاب اسمبلی، اپوزیشن کے معطل ارکان کیخلاف کارروائی روک دی گئی

جرمانہ وصولی کی کارروائی اور تنخواہوں سے رقم کاٹنے کا عمل بھی روک دیا گیا، ذرائع

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن اور حکومتی اراکین میں مذاکرات نتیجہ خیز ہونے تک سپیکر ملک احمد خان نے اسمبلی سیکرٹریٹ کو معطل ارکان کے خلاف مزید کارروائیاں روک دی گئیں، حکومتی ذرائع کے مطابق سپیکر پنجاب اسمبلی اور حکومتی ارکان۔۔۔ بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں حالیہ مون سون بارشوں سے 16 جاں بحق، 58 مکانات کو نقصان پہنچا

مون سون سیزن کی بارشوں کے دوران جاں بحق ہونیوالوں میں 7 بچے اور 4 خواتین شامل 16 زخمی ہوئے

4 سرکاری املاک کو نقصان پہنچا ہے جن میں تین ریونیو دفاتر اور ایک محکمہ تعلیم کی عمارت شامل ہے، رپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں مون سون کی بارشوں کے دوران اب تک 16 افراد جاں بحق جبکہ 8 زخمی ہو گئے، 58 مکانات کو نقصان پہنچا۔ محکمہ پی ڈی ایم اے کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق بلوچستان میں مون سون سیزن کی بارشوں کے دوران۔۔۔ بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

پی آئی اے کی نجکاری 2 سے 3 ماہ میں مکمل کرنے کا ہدف مقرر

شارٹ لسٹڈ بولی دہندگان کو پی آئی اے کے مالیاتی و عملیاتی ریکارڈ تک رسائی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے قومی ایئرلائن پی آئی اے کی نجکاری آئندہ 2 سے 3 ماہ میں مکمل کرنے کا ہدف مقرر کر دیا، شارٹ لسٹڈ بولی دہندگان کو پی آئی اے کے مالیاتی و عملیاتی ریکارڈ تک رسائی دے دی گئی، رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر فاروق ستار کی۔۔۔ بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے اشرف کرد کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

سولرائزیشن کی تکمیل سے قبل کنکشن منقطع کرنا تشویشناک ہے، تاج محمد رئیسانی

وعدہ تھا کہ پہلے ٹیوب ویلز سولرائز ہوں گے پھر بجلی کے کنکشنز منقطع ہوں گے جبکہ عملدرآمد برخلاف ہے

افسوس ہے کہ کچھی میں یہ منصوبہ تکمیل سے پہلے ہی کیسکو کی جانب سے تنازع کا شکار ہو گیا ہے

کچھی (پ ر) ضلع کچھی کی ممتاز سیاسی و قبائلی شخصیت چیئرمین یونین کونسل مٹھڑی حاجی میر تاج محمد رئیسانی نے حکومت کی جانب سے بجلی پر چلنے والے ٹیوب ویلز کی سولرائزیشن کے منصوبے پر عمل درآمد کے دوران کیسکو کی جانب سے بجلی کے کنکشنز کی قبل از وقت منقطع پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے اور اسے کسانوں کے ساتھ سراسر ناانصافی قرار دیا ہے حاجی میر تاج محمد رئیسانی نے اپنے ایک تفصیلی بیان میں کہا کہ حکومت نے کسانوں کو ریلیف فراہم کرنے اور زراعت کو فروغ دینے کے لیے یہ منصوبہ شروع کیا تھا کہ بجلی پر چلنے والے ٹیوب ویلز کو مرحلہ وار شمسی توانائی پر منتقل کیا جائے گا اس منصوبے کے تحت یہ وعدہ کیا گیا تھا کہ پہلے کسانوں کے ٹیوب ویلز کو سولر پر منتقل کیا جائے گا اور اس کے بعد ہی ان کے بجلی کے کنکشنز منقطع کیے جائیں گے یہ ایک خوش آئند اقدام تھا جس سے کسانوں کو طویل مدتی فائدہ پہنچنا تھا تاہم حاجی میر تاج محمد رئیسانی نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کچھی میں یہ منصوبہ اپنی تکمیل سے پہلے ہی کیسکو کی جانب سے تنازع کا شکار ہو گیا ہے انہوں نے بتایا کہ سولر پر منتقلی کا عمل ابھی مکمل نہیں ہوا اور نہ ہی تمام کسانوں کو متبادل شمسی توانائی فراہم کی گئی ہے لیکن اس کے باوجود کیسکو نے یکطرفہ طور پر بجلی کے کنکشنز منقطع کرنا شروع کر دیے ہیں حاجی میر تاج محمد رئیسانی نے کسانوں کے حقوق کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس ناانصافی کے خلاف ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے اور کسانوں کے جائز مطالبات پورے ہونے تک اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

132Kv صحبت پور گرڈ اسٹیشن کے گرے ہوئے ٹاور کی بحالی کا کام جاری ہے، ترجمان کیسکو

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان نے کہا ہے کہ حالیہ بارشوں اور طوفانی ہواؤں کی وجہ سے 132Kv صحبت پور گرڈ اسٹیشن کے گرے ہوئے ٹاور کی دوبارہ تنصیب اور مرمت و بحالی کا کام ہنگامی بنیادوں پر جاری ہے۔ اس سلسلے میں چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کی خصوصی ہدایات پر کیسکو ٹیموں نے پیر کے روز متاثرہ ٹاور کی تنصیب کا سامان صحبت پور گرڈ اسٹیشن پہنچا دیا جس کے بعد پیر کے روز ہی کام شروع کر دیا اور کیسکو ٹیموں نے مسلسل دن رات کام کرتے ہوئے منگل کے روز متاثرہ ٹاور کی تنصیب کا کام آخری مراحل تک پہنچا دیا۔ ترجمان نے مزید کہا کہ ٹاور کی تنصیب کے بعد گرڈ اسٹیشن میں مرمتی …

بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف نیفرالوجی یورالوجی نے ISO سرٹیفکیشن حاصل کر لیا

BINUQ کوالٹی مینجمنٹ سسٹم کے تحت اپنی کامیابی کا اعلان کرنے پر فخر ہے، سی ای او

یہ کامیابی بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ طبی معیارات کی فراہمی کے سفر میں ایک اہم سنگ میل ہے

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف نیفرالوجی یورالوجی کوئٹہ نے آئی ایس او بین الاقوامی سرٹیفکیشن حاصل کر لیا۔ چیف ایگزیکٹو ہیڈ ڈاکٹر فہیم خان نے بتایا کہ بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف نیفرالوجی یورالوجی کوئٹہ (BINUQ) کو ISO 9001:2015 کوالٹی مینجمنٹ سسٹم کے تحت اپنے کامیاب سرٹیفکیشن کا اعلان کرنے پر فخر ہے، جو صوبہ بلوچستان میں بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ صحت کی دیکھ بھال کے معیارات کی فراہمی کے سفر میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ یہ اہم کامیابی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی دور اندیش قیادت … وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی سرپرستی، نگرانی اور سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب پانیزئی کی پرعزم رہنمائی سے ممکن ہوئی۔ صحت کی دیکھ بھال کی معیاری اصلاحات کے لیے ان کی مسلسل حمایت، سمت اور عزم نے اس کامیابی کی بنیاد رکھی۔ یہ کامیابی حکومت بلوچستان کے صحت عامہ کے اداروں کو بہتر بنانے شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنانے اور لوگوں کو صحت کی معیاری خدمات کی فراہمی کے وسیع تر وژن کی عکاسی کرتی ہے۔ آئی ایس او (ISO) سرٹیفکیشن ایک آزاد سرٹیفکیشن باڈی کے سخت آڈٹ کے بعد دیا گیا۔



کوئٹہ شہر کے بیچوں بیچ نالیاں بند، سڑکیں جوہڑوں میں تبدیل، ہر سو تعفن

سول ہسپتال کے چاروں اطراف جن میں صحافت روڈ، سیکرٹریٹ چوک، جناح روڈ، رمزے روڈ میں عرصہ دراز سے نالیاں بند، چلنا محال

نالیاں بند ہونے کی وجہ سے سیوریج کا پانی سڑکوں پر بہتا ہے، تعفن کی وجہ سے سانس لینا محال، وبائیں پھوٹنے کا خدشہ

کوئٹہ (امیاز رپورٹر) کوئٹہ کے اہم اور کاروباری علاقہ جناح روڈ خصوصاً سول ہسپتال کے چاروں اطراف جن میں صحافت روڈ، سیکرٹریٹ چوک، جناح روڈ، رمزے روڈ میں عرصہ دراز سے نالیاں بند ہیں، نالیاں بند ہونے کی وجہ سے بدبو میں اضافہ ہوا ہے، جس سے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاوہ اندرون بلوچستان سے آنے والے شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، حکومت … محمد علی کاکڑ، عارف عثمانی و دیگر نے بتایا ہے کہ کوئٹہ صوبائی دارالحکومت کا دل کہلایا جاتا ہے اور دنیا کے طول و عرض سے جو لوگ جب بھی وزٹ کرتے ہیں تو وہ دارالحکومت آتے ہیں جب دارالحکومت کوئٹہ میں صفائی کا برا حال ہوتا ہے تو باقی علاقوں کا کیا حال ہوگا، نہ صرف سول ہسپتال کے چاروں اطراف جو چاروں سڑکیں ہیں وہاں پر نالیاں بند ہے بلکہ دیگر علاقوں میں … مختلف علاقوں جو تقریباً اس وقت 30 لاکھ آبادی رجسٹرڈ ہے۔ ان علاقوں میں صفائی کا عمل جاری رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان فوری طور پر میٹروپولیٹن کارپوریشن کا از خود وزٹ کرکے ملازمین اور افسران کے محکمہ میں ہونے والی مالی بحرانوں کا بھی نوٹس لیکر ہنگامی ایمرجنسی بنیادوں پر فنڈز مہیا کرے اسی طرح محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری …



کوئٹہ: پیپلز پارٹی کے سابق صوبائی صدر … و دیگر رہنما اجلاس میں شریک ہیں

کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کرانے کے بجائے پہلوئی کرپشن چھپانے کیلئے کی جا رہی ہے، رحیم کاکڑ

چیف سیکرٹری بلوچستان … کی صدارت میں منعقدہ اجلاس

بلوچستان میں پیپلز پارٹی کے کارکنوں کا کوئی پرسان حال نہیں، لالہ یوسف خلجی

کارکنوں کو ٹشو پیپر کی طرح استعمال کرنے کے بعد پھینکا جا رہا ہے

ڈپٹی کمشنر … کی زیر صدارت اجلاس

جمعیت علماء اسلام عوام کی ترجمان جماعت ہے، ملک سکندر ایڈووکیٹ

ٹرک ڈرائیور اسمگلنگ کے زمرے میں آنے والا سامان قطعاً لوڈ نہ کریں، نور احمد کاکڑ

این ایل سی کے تحت شیلا باغ کسٹم چیک پوسٹ پر وزن کرنے کی فرم وصول نہیں کی جائے گی

اطلاع برائے سرکاری افسران و ملازمین

itsectionddg@gmail.com

مطیع اللہ تراب کی انقلابی و مترقی شاعری قوم کیلئے مشعل راہ ہے، اے کے ایم

مرحوم اپنی فقید المثال شاعری کی بدولت پشتو زبان کے تحفظ کے عظیم ہیرو تھے

بیوٹمز اور میزان بینک میں باہمی مفاہمت کی یادداشت پر دستخط

معاہدہ کے تحت مستقبل میں طلباء کو مزید سہولیات فراہم کی جائیں گی، وی سی

کارکن پر مسلح افراد کے تشدد اور گاڑی چھیننے کی مذمت کرتے ہیں، واقعہ ناقابل برداشت ہے

صوبائی حکومت تعلیم دوست پالیسی پر عمل پیرا ہے، وزیر تعلیم

بڑی بسوں کے بعد اب چھوٹی بسوں کو بند کرنے کا کہا جا رہا ہے، حاجی اختر جان کاکڑ

ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی جانب سے لوکل بس مالکان کے ساتھ ناروا سلوک روا رکھا جا رہا ہے

منشیات خاندان، معاشرے اور قوم کیلئے خطرہ ہے، کفایت اللہ آغا

آگاہی سیشنز کا انعقاد تعلیمی اداروں، محلوں اور دیہی علاقوں میں کیا جا رہا ہے

… ڈپٹی کمشنر کے چیئرمین حاجی کفایت اللہ آغا نے گزشتہ روز مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا منشیات کا استعمال صرف ایک شخص کو نہیں بلکہ پورے خاندان، معاشرے اور قوم کو نقصان پہنچاتا ہے۔ نوجوان ہمارے معاشرے کا حقیقی سرمایہ ہیں، لیکن افسوسناک امر یہ ہے کہ بے روزگاری، تعلیمی اداروں میں سہولیات کی کمی، کھیلوں کے … پروگرام کا انعقاد کر رکھی ہے تاکہ نوجوان اس خطرناک لت کے خلاف مؤثر کردار ادا کیا جا سکے۔ حاجی کفایت اللہ آغا نے اس بات پر زور دیا کہ نوجوانوں کو منشیات سے دور رکھنے کے لیے انہیں مثبت سرگرمیوں میں مصروف رکھنا ضروری ہے۔ تعلیم، کھیل، ہنرمندی اور تخلیقی سرگرمیاں ہی وہ راستے ہیں جن کے ذریعے نوجوانوں کی توانائی کو مثبت سمت دی جا سکتی ہے۔

کوئٹہ ٹریفک حکام کی ہفتہ میں 7 مرتبہ … 115 گرفتار

سب انجینئرز کی پوسٹ کو اپ گریڈ کرکے گریڈ 16 کیا جائے، …

انصاف فراہم کرنے پر وفاقی محتسب کا شکر گزار ہوں، سائل

… بل موصول ہوا۔ انہوں نے بجلی کے بل کی فوری درستگی کے لیے متعلقہ محکمے کے پاس گیا۔ لیکن ان کی کوئی شنوائی نہ ہوئی لہٰذا انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی اور غیر منصفانہ بل ارسال کرنے کے خلاف درخواست دائر کی۔

بورڈ آفس کے عہدوں اور کرپشن کی لڑائی میں طلبہ کی قربانی ناقابل قبول ہے

چیئرمین کی ذاتی انا اور بد انتظامی کی وجہ سے 48 ہزار طلبہ کے مستقبل سے کھیلا جا رہا ہے

… کریں گے، آل اقراء پرائیویٹ اسکولز آرگنائزیشن کوئٹہ … ایکشن نہ لیا گیا، تو طلبہ، والدین، اساتذہ اور نجی تعلیمی ادارے مل کر ایک بھرپور احتجاجی تحریک کا آغاز کریں گے۔ عنقریب بلوچستان بورڈ آفس کا گھیراؤ کیا جائے گا، اور یہ پرامن مگر پرجوش احتجاج اس وقت تک جاری رہے گا۔ … کی تھی کہ انہیں ناکام کرکے ایک سازش کا ایندھن بنایا جائے؟ کیا ان بچوں کے والدین کی قربانیاں، اساتذہ کی محنت، اور ان بچوں کے خوابوں کا خون کسی ایک دستخط سے دھو دیا جائے گا؟ کیا اس مجرمانہ غفلت کا کوئی ذمہ دار ہے؟ یا سب ایک دوسرے پر الزام لگا کر اپنی کرسی بچائیں گے؟ ہم خبردار کرتے ہیں کہ اگر اس ظلم پر فوری …

بلوچستان کی فلاح و بہبود کے لئے عملی اقدامات کرنا ہوں گے، …

… نائب صدر تاج محمد بڑیچ، نائب صدر عطاء اللہ مینگل، پاک ایران مشترکہ چیمبر کے سینئر نائب صدر قاری نعیم الرحمن، نائب صدر ڈاکٹر فرحت حسین، بگلاک ویلفیئر سوسائٹی کے چیئرمین ملک رشید کاکڑ، بلوچستان وومن بزنس فورم کی صدر فائزہ مینگل، پاکستان مسلم لیگ ن کی رہنما فاخرہ کاکڑ، کوئٹہ بار ایسوسی ایشن اور بلوچستان ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے عہدیدار بھی موجود تھے۔

انتقال پر ملال / اظہار تعزیت

ممتاز سرجن پروفیسر ڈاکٹر حبیب اللہ اسحاق انتقال کر گئے

… سیکرٹری خورشید کاکا کاکڑ، سینئر سیکرٹری سید قادر آغا، صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، صوبائی سیکرٹری تعمیر خوشحال کاسی، پارٹی ڈاکٹرز ان یونٹ کے سیکرٹری ڈاکٹر صمد پانیزئی، سینئر معاون سیکرٹری ڈاکٹر عبدالقدیر اور سینئر ڈاکٹروں ڈاکٹر سلطان رودی، ڈاکٹر مصطفیٰ ورسک، ڈاکٹر آفتاب کاکڑ، ڈاکٹر شیر محمد ترہ کئی، ڈاکٹر امان اور دیگر نے مرحوم پروفیسر ڈاکٹر حبیب اللہ اسحاق کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے

وفات (آن لائن) ملک علیم بخاری و ملک سلیم بخاری کے کزن محمد یعقوب بخاری کی اہلیہ، ماسٹر عبدالصمد بخاری کی صاحبزادی، محمد ابراہیم بخاری وائس چیئرمین یونین کونسل … کی بھابی قضائے …

… زدہ کو اجاگر کیا۔ ان کی شاعری صرف حسن بیان تک محدود نہ تھی، بلکہ وہ شعوری مزاحمت اور قومی غیرت کی بھرپور ترجمانی تھی۔ انہیں تمام افغان و پشتون عوام میں قدر و احترام کا مقام حاصل تھا، اور ان کی شاعری کو ہر طبقے سے تعلق رکھنے والے لوگ ذوق و شوق سے سنتے تھے۔ ان کے انتقال سے پشتون ادب اور شاعری ایک اہم، توانا اور مؤثر آواز سے محروم ہوگئی ہے۔ مرحوم مطیع اللہ تراب کی ادبی و قومی خدمات کو طویل عرصے تک یاد رکھا جائے گا۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ان کے غم میں برابر کی شریک ہے اور اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہے کہ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل نصیب کرے۔

INTERNSHIP OPPORTUNITIES

Balochistan Revenue Authority invites applications for internship opportunities in the following positions:

Sr.#	Internees for following wings/disciplines	Qualification
1.	Taxation/Finance/ Accounts	Masters/Bachelors (4 years) Degree in Business Administration, Finance, Accounts, Commerce, Economics, Statistics.
2.	Audit	Chartered Accountants (CA), Association of Chartered Certified Accountants (ACCA), Masters/Bachelors (4 years) Degree in Accounting, Certificate in Accounting & Finance (CAF).
3.	Information Technology	Masters/Bachelors (4 years) Degree in Computer Science, Software Engineering, Computer Engineering, Information Technology.
4.	Legal	Masters/Bachelors Degree in Law.

1. Submit your application **online** at https://apply.ebra.com.pk
2. Candidates who are less than 28 years of age on 31st July, 2025 and have acquired requisite educational qualification / degree (minimum 16 years of education) within the last three (3) years are eligible to apply.
3. Candidates who meet the eligibility criteria, are required to submit attested copies of the degrees, CNIC, two recent passport size photographs and the certificate of working experience, if any, at the time of interview. Original documents will also be seen and returned by the interviewing committee. Candidates with incomplete form/documents will not be entertained.
4. Applicants can only apply in one of the above four disciplines/ categories.
5. Interviews will be conducted at Balochistan Revenue Authority office, Head Office, Quetta.
6. No TA/DA will be paid for the purpose.
7. Duration of internship is 6 months (extendable). Monthly stipend @ Rs. 40,000/- will be paid (taxes shall apply).
8. The internship is neither offer of appointment nor it shall confer any right of employment / regularization etc.
9. Placement, assigning of duties, and terminations etc. of internship shall be the discretion of Balochistan Revenue Authority.
10. Short-listed candidates will be informed through their e-mail addresses/BRA Website https://apply.ebra.com.pk
11. Last date for submission of application is 31st July, 2025.

AB No.56/15-7-2025

COMMISSIONER (HR)
Balochistan Revenue Authority

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

EXTENSION IN DEAD LINE FOR SUBMISSION OF TENDERS

Refer advertisement hoisted on BPPR-A Websites (www.bppra.gob.pk) and published in Newspapers on 15th July, 2025 under PRQ No.121/ 14-07-2025, wherein proposal / bid submission and opening date was fixed on 24th July, 2024 at the office of the Executive Engineer Public Health Engineering Division Gwadar is hereby extended upto 29th July, 2025. All other terms and conditions of the tender documents will remain unchanged.

PRQ No.144/15-7-2025

Executive Engineer
Public Health Engineering
Division Gwadar

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اطلاع عام

بلوچستان بورڈ آف مائنز فرسٹ کلاس، سیکنڈ کلاس اور سروے سرٹیفکیٹ کے امتحانات بمقام انسپکٹریٹ آف مائنز بلوچستان نیو سریاب روڈ کوئٹہ مورخہ 20 اکتوبر 2025 سے 25 اکتوبر 2025 کو منعقد کیا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں خواہشمند مائننگ انجینئرز سرویئرز و ڈپلومہ ہولڈرز اپنے کاغذات بمعہ بینک چالان رجسٹریشن ایڈمن آفیسر انسپکٹریٹ آف مائنز بلوچستان نیو سریاب روڈ کوئٹہ 13 اگست 2025 تک کروالیں۔ اس کے بعد کوئی درخواست قابل قبول نہیں ہوگا۔

چیئرمین بورڈ آف ایگزامینرز
بلوچستان چیف انسپکٹر آف مائنز بلوچستان

PRQ No152/15-07-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

تصحیح اشتہار بسلسلہ عارضی تعیناتی ٹیچنگ اسٹاف

بعنوان مندرجہ بالا تحریر ہے کہ تصحیح بسلسلہ عارضی تعیناتی ٹیچنگ سٹاف B-14 تا B-15 عارضی بنیاد پر ضلع خاران کی خالی آسامیاں تشہیر کیلئے ارسال خدمت ہو چکا تھا جس کے تحت حکام بالا سے معلومات کے بعد یہ واضح ہو چکا ہے ای سی ای (ECE) کی خالی آسامیاں 2024ء کے پالیسی کے تحت مشتہر نہیں کی جا سکتی ہے۔ لہٰذا محکمہ تعلیم ضلع خاران کی پہلے سے تشہیر شدہ PRQ No 59/07-07-2025 بسلسلہ عارضی تعیناتی ٹیچنگ اسٹاف B-14 تا B-15 میں ای سی ای (ECE) کی خالی آسامیاں کو درج بالا اشتہار سے منسوخ کیا جائے۔

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن
آفیسر ضلع خاران

PRQ No158/15-07-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

Refer advertisement hoisted on BPPR-A Websites (www.bppra.gob.pk) vide TSE No. 252607780213 and published in Newspapers on 11th July, 2025 under PRQ AB No.36/10-07-2025, wherein the cost of S.No.1 was typographically written as 3.26 million while the actual cost of tender is Rs. 32.613 million. Therefore, the cost of tender for the S.No.1 may be read and write as 32.613 million. All other terms and conditions of the tender documents will remain unchanged.

AB No.58/15-7-2025

CHIEF OFFICER
MUNICIPAL COMMITTEE JIWANI

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

مسائل سے نمٹنے کیلئے اجتماعی حکمت عملی وقت کی ضرورت ہے، یوسف رضا گیلانی

علاقائی امن کو فروغ دینے اور مشترکہ چیلنجز سے افہام و تفہیم اور مکالمے سے نمٹنے کیلئے مل کر کام کیا جائیگا

آئی ایس سی خطے اور دنیا میں امن و ترقی کے فروغ کیلئے ایک مؤثر پلیٹ فارم ثابت ہوگا، چیئرمین سینٹ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیئرمین سینیٹ پاکستان اور انٹرپارلیمنٹری اسپیکرز کانفرنس (آئی ایس سی) کے بانی چیئرمین سید یوسف رضا گیلانی سے آج پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں آئی ایس سی کے سیکرٹری جنرل جناب اک ناتھ دھکل نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران، سیکرٹری جنرل اک ناتھ دھکل نے پاکستان میں نومبر میں منعقد ...

پولیس فورس کی کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں گے، علی ناصر رضوی

ادارے کو جدید اور عوام دوست بنانے کیلئے سینئر پولیس افسران اقدامات کریں

اجلاس میں جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لئے اٹھائے گئے اقدامات کا بھی جائزہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس۔ اجلاس میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، جرائم کے تدارک، عوامی شکایات کے فوری ازالے اور موبائل ٹریکنگ پولیسنگ جیسے اہم امور زیر غور آئے۔ آئی جی اسلام آباد نے پولیس فورس کی کارکردگی کو مزید مؤثر، جدید اور عوام دوست بنانے کے لئے سینئر پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں ...

ڈی ایس پی بھاگ سرکل کی کارروائی نامزد ملزمان گرفتار

بھاگ (نامہ نگار) ڈی آئی جی نصیر آباد ریٹائرڈ کیپٹن عاصم خان اور ایس ایس پی بولان ... کی خصوصی ہدایت پر زیر نگرانی ڈی ایس پی بھاگ سرکل جان محمد کھوسہ، ایس ایچ او بھاگ انسپکٹر لطف علی کھوسہ نے اپنی ٹیم و پولیس اہلکاروں کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے پولیس تھانہ بھاگ کے مقدمہ ایف آئی آر نمبر 37/025 بجرم زیر دفعہ 149_148_147_ADF337 ت پ میں نامزد FIR ملزمان ... کو گرفتار کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔

سبی میں کمپیوٹرائزڈ ڈومیسائل سرٹیفکیٹ فراہم کیے جا رہے ہیں، جہانزیب شیخ

عوامی سہولت میں نمایاں بہتری آئے گی، سرٹیفکیٹ فراہمی میں شفافیت اولین ترجیح ہونی چاہیے، ڈی سی سی

شہریوں کے مسائل فوری حل کیے جائیں اور سسٹم کے مؤثر نفاذ کو یقینی بنایا جائے، افتتاح کے موقع پر اظہار خیال

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے محمد رضوان ملاقات کر رہے ہیں

سبی پولیس قیام امن کیلئے کوشاں ہے، اختر نواز تنولی

صحافی عوامی مسائل کو اجاگر کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، ایس ایس پی

منشیات فروشی، جرائم کا خاتمہ پولیس کی ذمہ داری، پریس کلب میں بات چیت

محکمہ تعلیم میں اضافی ڈی ڈی او اختیارات واپس لے لیے گئے

خواتین افسران، پرنسپلز، سینئر ہیڈ مسٹریس یا سبجیکٹ اسپیشلسٹ دفتر رپورٹ کریں

سینئر اساتذہ کی بنیاد پر نگران ہیڈ ماسٹرز کی تعیناتی عمل میں لائی جائے، ہدایت جاری

ڈیرہ اللہ یار میں کرنٹ لگنے سے نوجوان اور بچہ جاں بحق

4 سالہ بچے کا 80 فیصد جسم جھلس گیا، ہسپتال میں زیر علاج

کوئٹہ میں کم عمر اور غیر لائسنس یافتہ ڈرائیوروں کی بھرمار

ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی، 3 ملزمان گرفتار

نیو ٹراما سینٹر بی ایم سی کی تعمیر کا کام تیز کیا جائے، لعل جان جعفر

جتنے بھی تکنیکی مسائل ہیں انہیں جلد ختم کر کے منصوبے کی تکمیل میں مزید تیزی لائی جائے

معیار پر کوئی بھی سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا، سیکرٹری کی بریفنگ کے موقع پر گفتگو

ملک میں جدید کاروباری سرگرمیوں کا فروغ ممکن بنائیں گے، آصف احمد

پی ٹی سی ایل کارپوریشن کو بہترین ٹیکنالوجی / سہولیات فراہم کی جائیں گی، علی جمیل

عوام پاکستان پارٹی نظام کی تبدیلی کیلئے کوشاں ہے، پروفیسر حلیم صادق

بنیادی مسائل، خاص طور پر صحت، روزگار اور تعلیم کے حوالے سے اقدامات تجویز کریں گے

معصوم مسافروں کو بس سے اتار کر نشانہ بنانا انسانیت سوز عمل ہے، جمال شاہ کاکڑ

بے گناہ افراد کی جان لینا نہ صرف امن دشمنی، بلکہ پورے معاشرے کو عدم تحفظ کی فضا میں دھکیلنے کی کوشش ہے

بلوچستان میں امن و امان کے قیام کیلئے ضروری اقدامات وقت کی اہم ضرورت بن چکے ہیں، رکن قومی اسمبلی

فوڈ اتھارٹی نے غیر معیاری گوشت کی سپلائی ناکام بنا دی

نان شاپ مالک کو وزن کے مطابق نان کی فروخت یقینی بنانے کی ہدایت

شہر میں کھانے پینے کے مراکز کو لائسنس کی عدم دستیابی پر جرمانہ عائد کیا گیا

... ریسٹورنٹ اور ایک بیکری بھی شامل ہیں۔ اتھارٹی حکام کے مطابق ڈپارٹمنٹل سٹورز اور بیکری سے زائد المیعاد مصنوعات، جائنیز نمک اور مضر صحت نان فوڈ گریڈ کلرز برآمد ہوئے جبکہ ریسٹورنٹ کے خلاف صفائی کی انتہائی ابتر صورتحال، نکاسی آب کے اوپن و نامناسب ناقص انتظامات اور اشیاء کی انتہائی غیر محفوظ حالات میں سٹوریج پر ایکشن لیا گیا۔ اتھارٹی حکام نے بارہا تنبیہ کے باوجود بغیر فوڈ بزنس لائسنس کے کاروبار کرنے پر دو دیگر مراکز کے مالکان کو بھی جرمانہ کیا۔۔۔کارروائیوں کے دوران مراکز سے پکڑی گئی مضر صحت اور ایکسپائر مصنوعات ضبط کر لیا گیا۔

کوئٹہ میں بھکاریوں کی یلغار، چوری کی وارداتوں میں اضافہ

بازاروں اور گلی کوچوں میں پھرتے بھکاری ہر چیز پر ہاتھ صاف کر جاتے ہیں

سوشل ویلفیئر محکمہ خاموش تماشائی، فوری اقدامات کیے جائیں، شہریوں کا مطالبہ

جولائی میں ٹریفک حادثات میں 8 جاں بحق 613 افراد زخمی

طبی امداد کیلئے 30 او پی ڈیز لائے، زیادہ حادثات این 50 پر ہوئے

ریسپانس سینٹرز (مرکز 1122) نے جولائی کے دوسرے ہفتے میں ٹریفک حادثات کی رپورٹ جاری کر دی۔ مرکز کے مطابق ماہ جولائی کے دوسرے ہفتے میں بلوچستان کے قومی شاہراہوں جن میں این 25، این 50، این 65، این 70، این 85، ایم 8، این 40 پر 447 ٹریفک حادثات رونما ہوئے ہیں ... بازی ہار چکے ہیں اسی طرح 30 او پی ڈیز کی گئی ہے جنہیں طبی امداد فراہم کی گئی ہے۔ مرکز 1122 کے مطابق سب سے زیادہ ٹریفک حادثات این 50 پر 138 جن میں 181 افراد زخمی جبکہ این 25 پر 92 حادثات رونما ہوئے ہیں جن میں کل 132 افراد زخمی ہوئے

... حکومت کی جانب سے مقرر کردہ وزن کے مطابق نان کی تیاری و فروخت یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ اسی طرح کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں کرانی روڈ اور ہزارہ ٹاؤن میں بی ایف اے آپریشن ٹیم کا کریک ڈاؤن میں 3 ڈیپارٹمنٹل سٹورز سمیت 7 کھانے پینے کے مراکز ...

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور مرطوب رہے گا، محکمہ موسمیات

بارکھان، سبی، کوہلو، موسیٰ خیل، قلعہ سیف اللہ اور ژوب میں موسلادھار بارش کا امکان ہے

شیرانی، عمران خان کے چیف کوارڈینیٹر امجد نیازی، شاہ کا کڑ و دیگر رہنما عمران خان جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

عوام اور مزدوروں کے مسائل حل کرنا پیپلز پارٹی کی ترجیح ہے، سینیٹر عمر گورگیج

تاریخ رہی ہے کہ ہم نے ہمیشہ مزدور تنظیموں کو نہ صرف سپورٹ کیا بلکہ ان کے مسائل کو حل کرنے کی بھرپور کوشش کی

پبلک ویلفیئر ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن کے نومنتخب عہدیدار مبارکباد کے مستحق، مسائل کے حل کیلئے اقدامات اٹھائیں گے

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر و سینیٹر سردار عمر گورگیج نے کہا ہے کہ عوامی مسائل اور خاص کر مزدوروں کے مسائل اجاگر کرنا پیپلز پارٹی کا اولین ترجیح ہے ہماری تاریخ رہی ہے کہ ہم نے ہمیشہ مزدور تنظیموں کو نہ صرف سپورٹ کیا بلکہ ان کے جو بھی مسائل ہوں ان کو حل کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں پبلک ویلفیئر ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن بلوچستان کی نومنتخب کابینہ کی تقریب حلف برداری سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر کنٹری ڈائریکٹر صادق تاجر، عبدالرحیم کاکڑ، ظہور اور دیگر بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی واحد سیاسی و جمہوری جماعت ہے جس نے ہمیشہ عوامی نہ صرف اجاگر کیے بلکہ جہاں ضرورت رہی تو ان کے مسائل حل کرنے کی بھی بھرپور کوشش کی ہے ہمارے پارٹی کا یہ اعزاز حاصل ہے کہ مختلف مزدوروں کی جو جماعتیں ہے ان کی وابستگی ہماری جماعت سے ہے اور پیپلز پارٹی نے ان جماعتوں کو ہمیشہ اولین ترجیح دی ہے بلکہ ان کے ساتھ ملکر ان کے مسائل حل کرنے کی کوشش کی ہے اور آئندہ بھی کریں گے وقت کا تقاضا ہے کہ ہم سب ملکر اس خطے کی برابری اور ترقی کیلئے اپنا کردار ادا کریں، پبلک ویلفیئر ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن کے نومنتخب نمائندوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ بلا غرض اور تعصب اپنے ممبران کی خدمت کریں اور ان کے جو جائز مسائل ہے وہ خود حل کرنے کی کوشش کریں اگر نہیں ہوسکتا تو بلوچستان میں ہماری صوبائی حکومت ہے ہم ان کی رہنمائی کریں گے اس موقع پر انہوں نے نومنتخب عہدیداروں سے حلف بھی لیا۔

TENDER NOTICE

The Assistant Director Local Government Hub invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2023, GOB, amended up-to-date from interested contractors / firms for the works listed below; **Time Limit 06 Month, Earnest Money 5%, Tender Fee Rs.5000/- for each work**

S#	NAME OF WORK	E/Cost
1.	CONST OF SATSING HALL SIDE DRAIN WASHROOMS AND KITCHEN AT SATSING HALL HUB **PSDP NO** 3550 Z2025.0357 **TSE-252607784373**	45.00
2.	REPAIR AND ADD ROOMS CATHOLIC CHURCH AT HUB CHOWKI, THE ROCK OF SALVATION CHURCH HUB CHOWKI & REHAB OF ARP CHURCH HUB CHOWKI **PSDP NO** 3582 Z2025.1998 **TSE-252607784383**	30.00

Regulatory, Rules 2014 and Pakistan Engineering Council By-Laws. Basic Eligibility: The Contractor must have fresh valid registration i.e. 2025 registered with Pakistan Engineering Council (PEC) in relevant category code and registration with tax authorities i.e. (NTN, sales tax Department and BRA). The bidders must have completed (3) assignment of similar nature of works in last (3) years according to estimated cost. The bidder must submit their last three years bank statements and turnover according to estimated cost. All pages must be signed, stamped and marked from 1st to last page Further criteria are mentioned in bidding documents. **METHOD OF PROCUREMENT**: Single stage – One envelope procedure. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS**: **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of **5%**specifiedabove in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Issuance**: Documents will be issued from the date of publication till submission date and time on production of green Challan form amounting Rs: **(5000)** Non-refundable – (as bidding documents charges) deposited in the account of Assistant Director Local Govt Hub.HB-7938 **Submission**: Last date of Submission will be **(31-07-2025), at 11:00.am) Opening**: The tender document will be opened on **(31-07-2025) at (12:00pm)**(bid will be opened within one hour of the deadline for submission of bids), before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives. **Place**: of issuance, submission, inquiries and opening will be :- Address: **Office of the Assistant Director Local Government Hub at Civic Center 3rd Floor Hub..** Phone No: 0335-7977979 **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be black listed by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required.

PRQ No.148/15-7-2025

ASSISTANT DIRECTOR LOCAL GOVERNMENT HUB.

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

REQUEST FOR PROPOSAL

TSE-252607783774 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Request for Proposal for selection of Consultancy service invited on Electronic Public Procurement System (EPPS) from well reputed national/International firms (JV) / service provider meeting with eligibility criteria, viz having registration with FBR for Income Tax and BRA and who are on Active Taxpayers List (ATL) having registration with PEC as a Consulting Engineering Firm, and are not black listed in any procuring agancyv or authority for prepration of Hiring of "Consultancy Services from Consulting Firms" Titled as Consultancy Services for Detailed Design of Construction of Boys Degree College Ahmed Wall District Nushki PSDP No.2566 / z2021.1130 **Bid Security 2%** Detail as under:

S.No.	Description	E/Cost
1	Consultancy Services for Detailed Design of Construction of Boys Degree College Ahmed Wall District Nushki PSDP No.2566 / z2021.1130	4,342,879

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity Turn over of at least 3,800,000 PKR Amount in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan PEC/PCAD Registration Bid Submission fee of Rs 1500 in Favor of EXECUTIVE ENGINEERII PROVINCIAL BR NUSHKI (C02706) ISO codes (9001,14001,45001) 2% of Estimated cost **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The FINANCIAL PROPOSALS shall be opened of those consultants whose technical proposal is considered and approved. The Selection of Consultants shall be made as per Evaluation Criteria method as mentioned in the 'Date Sheet' of this "Request for Proposal" document. The incomplete request for proposal or received after due date mentioned above will not be considered. The RFP Documents can be downloaded from BPPRA Website (www.bppra.gob.pk). **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 30 July, 2025 till 11:00 AM **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM Address: Provincial B&R Nushki Phone no: 0825872699
Fax no: 0825872699 Email: XEN2Districtnushki@gmail.com

PRQ No.145/15-07-2025

Executive Engineer-Buildings CW PP&H Department District Nushki

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ٹینڈر نوٹس

ہیڈ کوارٹرز فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) کوئٹہ کو مندرجہ ذیل یونٹوں میں تعمیراتی اور مختلف مرمتی کام کے لئے برائے مالی سال 2025-26 ورکس برانچ ہیڈ کوارٹرز فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) اور انکم ٹیکس / سیل ٹیکس ڈیپارٹمنٹ سے رجسٹرڈ شدہ ٹھیکیداروں سے جنہوں نے رواں مالی سال کے لئے تجدید کرائی ہو، سے ٹینڈرز مطلوب ہیں۔ ٹینڈرز فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) کے جی ایس او ون (ورکس) کے نام رجسٹری یا دستی مورخہ 30 جولائی 2025 وقت 1130 بجے تک پہنچ جانی چاہیے جو کہ اسی روز بوقت 12 بجے موجودہ ٹھیکیداروں کے روبرو کھولے جائیں گے۔

تفصیل

یونٹ / جگہ	کام کی نوعیت	تخمینہ لاگت
ہیڈ کوارٹرز ایف سی (نارتھ) اسیٹ اپ	تعمیراتی کام	70.000 ملین
	مرمتی / تجدیدی کام	70.000 ملین

شرائط و ضوابط:
ا۔ ٹینڈرز کی تفصیل دفتر ہذا سے دفتری اوقات میں حاصل کی جا سکتی ہے۔
ب۔ بطور ضمانت کل لاگت کا 2 فیصد کال ڈیپازٹ کی صورت میں آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) کے نام جمع کرانا ہوگا۔
ج۔ مشروط، نامکمل اور دیر سے پہنچنے والے ٹینڈرز قابل قبول نہیں ہوں گے۔

PID(Q)30/25

میجر برائے انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ)
(نوید ریاض)
(081-9202089)

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر، پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد
ٹیلیفون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

بدھ 16 جولائی 2025ء

علاقائی امن واستحکام: پاکستان کا مثالی اور لائق تحسین کردار

پاکستان نے ہمیشہ اپنے تمام ہمسایوں کے ساتھ پرامن تعلقات کو اہمیت دی ہے جو کسی سے ڈھکی چھپی نہیں یہی بات نائب وزیر اعظم سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے گزشتہ روز چین کے شہر تیانجن میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے وزرائے خارجہ کونسل اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی اور کسی قسم کی لگی لپٹی رکھے بغیر واضح کیا کہ ہم دیرینہ حل طلب تنازعات کے پرامن حل پر زور دیتے ہیں، جن کا حل بین الاقوامی قانون، انصاف اور دیانت داری کی بنیاد پر ہونا چاہئے۔ نائب وزیر اعظم نے ایس سی او تنظیم کی اہمیت وافادیت، خطے کے حالات، مشرق وسطی بالخصوص غزہ کی صورتحال پر بھی بات کی او ر پاکستان کے موقف کو اجاگر کیا انہوں نے کہا کہ عالمی چیلنجز کے اس دور میں شنگھائی تعاون تنظیم ایک مستحکم قوت کے طور پر ابھری ہے، جسکا جامع نقطہ نظر ممالک کی خودمختاری اور تنازعات کے پرامن حل پر زور دیتا ہے، اتفاق، ترقی اور باہمی احترام کے لئے ایس سی او کا عزم ایک بہتر اور مساوی دنیا کی تعمیر کے لئے امید کی کرن ہے پاکستان اقوام متحدہ اور شنگھائی تعاون تنظیم کے چارٹر کے اصولوں پر کاربند رہنے کے عزم کی تجدید کرتا ہے، ہم امن اور سلامتی کے لئے غیر جارحیت، داخلی معاملات میں عدم مداخلت اور طاقت کے استعمال سے گریز کے اصولوں پر یقین رکھتے ہیں ہم دیرینہ حل طلب تنازعات کے پرامن حل پر زور دیتے ہیں، جن کا حل بین الاقوامی قانون، انصاف اور دیانت داری کی بنیاد پر ہونا چاہئے پاکستان کو جارحیت کو پالیسی کے ایک آلے کے طور پر استعمال کرنے کے رجحانات پر سخت تشویش ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اسرائیل کی ایران کے خلاف بلاجواز جارحیت اور امریکہ کے جوہری تنصیبات پر حملوں کی سختی سے مذمت کی ہے، شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے خلاف ایسے غیر قانونی اقدامات ناقابل قبول ہیں۔ اسحاق ڈار نے غزہ میں اسرائیلی مظالم اور جاری انسانی بحران کو فوری روکنے کی ضرورت پر زور دیا اور کہا کہ فلسطین کے تنازع کا واحد حل دو ریاستی فارمولہ ہے، جس میں 1967 کی سرحدوں پر مشتمل ایک خودمختار فلسطینی ریاست کا قیام شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ متنازعہ علاقوں کی یکطرفہ اور غیر قانونی طور پر تبدیل شدہ حیثیت کی مذمت کی جانی چاہئے۔ وزیر خارجہ نے مندوبین کی توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ پاکستان اپنے تمام ہمسایہ ممالک کے ساتھ امن اور استحکام کا خواہاں ہے، تاہم، گزشتہ تین ماہ کے دوران جنوبی ایشیا میں انتہائی پریشان کن واقعات رونما ہوئے ہیں، ہم مکالمے اور سفارت کاری کے ذریعے تنازعات کے حل پر یقین رکھتے ہیں، جنوبی ایشیا میں امن کے لئے جامع مذاکرات کا آغاز ناگزیر ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ 22 اپریل 2025 کے بعد کے واقعات نے جنوبی ایشیا کی سیاست میں ایک اہم حقیقت کو واضح کیا ہے کہ دیرینہ حل طلب تنازعات کا پرامن حل خطے میں پائیدار امن کے لئے ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان میں پائیدار امن ہماری مشترکہ خواہش ہے، اس سلسلہ میں ایس سی او افغانستان رابطہ گروپ کی بحالی ایک موثر پلیٹ فارم ثابت ہوسکتی ہے۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ نے کہا کہ دہشت گردی انسانیت کے لئے ایک مشترکہ خطرہ ہے، ہمیں اس کے خلاف متحدہ ہوکر کام کرنا ہوگا شنگھائی تعاون تنظیم ایک 10 رکنی یوریشیائی سکیورٹی اور سیاسی تنظیم ہے، جس کے ارکان میں چین، روس، پاکستان، بھارت اور ایران شامل ہیں، اس گروپ کے وزرائے خارجہ کا اجلاس ہر سال ہونے والے سربراہی اجلاس سے قبل ہوتا ہے اس سال اس کی میزبانی چین کر رہا ہے جیسا کہ نائب وزیر اعظم نے کہا ہے شنگھائی تعاون تنظیم ایک اہم پلیٹ فارم ہے اور اس کے توسط سے رکن ممالک کو درپیش چیلنجز اور عالمی امن واستحکام کے لئے وقت پہلے سے جاری اقدامات میں تیزی اور فعالیت کی ضرورت ہے نائب وزیر اعظم نے بالکل بجا کہا ہے اور اس بات کی ضرورت پر زور دیا ہے کہ یہ اہم تنظیم ہے اور پاکستان شنگھائی تعاون تنظیم کو سیاسی، سفارتی، اور معاشی اہمیت کا حامل ایک کلیدی پلیٹ فارم سمجھتا ہے۔ یہ تنظیم علاقائی تعاون اور مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے لئے ایک موثر فورم فراہم کرتی ہے۔ پاکستان کا یہ موقف خطے میں تعاون اور ہم آہنگی کو فروغ دینے کے اس کے عزم کی نشاندہی کرتا ہے اسی طرح دیرینہ حل طلب تنازعات کے پرامن حل پر پاکستان زور دیتا آیا ہے جو بین الاقوامی قانون، انصاف، اور دیانت داری کی بنیاد پر ہونا چاہئے۔ نائب وزیر اعظم نے اسی بین حقیقت کو اجاگر کیا ان کا یہ بیان عالمی امن اور سلامتی کے لئے پاکستان کے پختہ یقین کو ظاہر کرتا ہے۔ ان کا یہ موقف واضح کرتا ہے کہ تنازعات کو طاقت کے بجائے مذاکرات اور قانونی اصولوں کے ذریعے حل کیا جانا چاہئے اسی طرح جارحیت کی اگر بات کی جائے تو پاکستان نے ہمیشہ جارح کی مذمت کی ہے بھلے وہ جس بھی شکل میں ہے تبھی تو نائب وزیر اعظم نے برملا کہا ہے کہ پاکستان کو جارحیت کو پالیسی کے ایک آلے کے طور پر استعمال کرنے کے رجحانات پر شدید تشویش ہے۔ نائب وزیر اعظم نے اسرائیل کی ایران کے خلاف بلاجواز جارحیت اور امریکہ کے جوہری تنصیبات پر حملوں کی سختی سے مذمت کی، اور یہ واضح کیا کہ شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے خلاف ایسے غیر قانونی اقدامات ناقابل قبول ہیں پاکستان کا یہ موقف رہا ہے جو ہر پلیٹ فارم اور ہر فلور پر پاکستان نے دوٹوک انداز میں دنیا کے سامنے رکھا ہے کہ جارحیت کسی مسئلے کا حل نہیں بلکہ مسائل میں اضافے کا باعث ہے کسی بھی ملک کے خلاف جارحانہ کارروائیاں بین الاقوامی امن کے لئے خطرہ ہیں اور ان کی مذمت کی جانی چاہئے اسی طرح غزہ میں جاری مظالم بھلا کس سے مخفی و پوشیدہ ہیں غزہ میں اسرائیلی مظالم اور جاری انسانی بحران کو فوری طور پر روکنے کی ضرورت ہے فلسطین کے تنازع کا واحد حل دو ریاستی فارمولا ہے اسی طرح ایس سی او اجلاس میں نائب وزیر اعظم نے مندوبین کی توجہ اس جانب مبذول کرائی کہ پاکستان اپنے تمام ہمسایہ ممالک کے ساتھ امن اور استحکام کا خواہاں ہے، تاہم، گزشتہ تین ماہ کے دوران جنوبی ایشیا میں انتہائی پریشان کن واقعات رونما ہوئے ہیں یہ حالات وواقعات نہ صرف خطے بلکہ پوری دنیا کے لئے لمحہ فکریہ ہیں مکالمے اور سفارت کاری کے ذریعے تنازعات کے حل پر نائب وزیر اعظم نے زور دیا ہے اور کوئی شک نہیں کہ جنوبی ایشیا میں امن کے لئے جامع مذاکرات کا آغاز ناگزیر ہو چکا ہے۔ خطے میں امن ترقی اور استحکام کے لئے پاکستان کی کوششیں اور کاوشیں کسی سے پوشیدہ نہیں بلکہ علاقائی امن واستحکام کے لیے پاکستان کا کردار مثالی اور لائق تحسین ہے جلد یا بدیر پوری دنیا کو پاکستان کے اصولی اور مبنی بر حقیقت موقف سے کلی اتفاق کرتے ہوئے ان کوششوں میں اپنا حصہ ڈالنا ہوگا۔

دہشت گردوں کے ہاتھ آئے اسلحہ بردار ڈرونز

برملا — نصرت جاوید

گزری جمعرات باجوڑ میں امن کے متلاشی اور پرچارک مولانا خان زیب کی "نامعلوم افراد" کے ہاتھوں شہادت کے بعد میں نے اپنے ٹی وی شو کے پہلے 25 منٹ خیبر پختونخواہ میں دہشت گردی کی سنگین سے سنگین تر ہوئی لہر کی نذر کر دئے۔ 2009ء سے سوات میں ہوئے فوجی آپریشنوں کی اسلام آباد سے جاکر Live کوریج کرتے ہوئے میں نے فخر کا کاخیل کی صورت میں ایسا صحافی دریافت کیا ہے جو دہشت گردی کے مسائل کو وسیع تر تناظر میں رکھتے ہوئے سادہ ترین زبان میں سمجھانے کی اہلیت سے مالا مال ہے۔ اس سے ٹی وی شو کے دوران براہ راست گفتگو کی بدولت ادراک ہوا کہ افغانستان سے کسی نہ کسی صورت پاکستانی علاقوں میں در آئے دہشت گرد تباہی پھیلانے کے لئے "خودکش انسانی بمباروں" کے بجائے اب "خودکش ڈرون" استعمال کرنا شروع ہوگئے ہیں۔

ڈرون بنیادی طور پر ایک جاسوسی طیارہ تھا۔ بغیر پائلٹ کے ہوا میں کھلونے کی صورت نظر آتا۔ میں نے وسیع تر حوالے سے اس کا استعمال 2006ء میں دیکھا۔ بیروت کے جنوب میں حزب اللہ کے حامیوں کے علاقے میں داخل ہوتے ہی ڈرون طیارے پرندوں کے غول کی طرح آسمان پر منڈلاتے نظر آتے جھلسا دینے والی دھوپ میں جنگ کی تباہی سے بچنے کے لئے مکینوں سے خالی ہوئے مکانوں کی لمبی قطاروں میں ان کی آوازیں بھڑوں کے جھنڈ کی نکالی آوازوں کی طرح سنائی دیتی۔ انسانوں سے خالی ہوئے بازاروں میں کئی گھنٹوں تک تنہا سفر کرتے ہوئے یہ آوازیں طلسماتی کہانیوں کے جن بھوتوں کی طرح "آدم بو-آدم بو" پکارتی سنائی دیتیں۔

بطور پاکستانی ڈرون طیاروں کا ذکر سن رکھا تھا۔ عملی زندگی میں ان کا استعمال پہلی بار دیکھا۔ دل کو یہ کہتے ہوئے تسلی دی کہ میرے سر پر منڈلانے والے طیارے درحقیقت آسمان میں اڑتے کیمرے ہیں۔ میرے ہاتھوں میں فقط قلم اور نوٹ بک ہے اور میں شکل سے لبنانی بھی نظر نہیں آتا۔ میری "شناخت" لہذا میرے قتل کی جانب نہیں لے جائے گی۔ ڈرون طیاروں کو مگر "اسلحہ بردار" امریکہ نے پاکستان کے سابقہ قبائلی علاقوں میں مبینہ طور پر القاعدہ اور اس کے "مقامی پشت پناہوں" کی شناخت کے بعد فضا سے میزائل پھینکے میزائلوں کے ذریعے مارنے کیلئے بنایا تھا۔ مجھے گماں تھا کہ افغان جنگ ختم ہوجانے کے بعد ان کا استعمال رک جائے گا۔

یوکرین نے مگر فضائی نگرانی کے لئے ایجاد ہوئے ڈرون کو ایک خونخوار اسلحہ کی شکل دے دی ہے۔ چند ہی ماہ قبل اس نے روس کے جدید ترین طیاروں کے ایک بھاری بھرکم بیڑے کو تباہ کرنے کے لئے ڈرون طیاروں کے استعمال سے دنیا کو حیران کردیا۔ جو طیارے تباہ ہوئے ان کی قیمت "خودکش ڈرون طیارے" سے کئی سو گنا زیادہ تھی۔ یوکرین کے ڈرونز کا مقابلہ کرنے کے لئے روس نے ایران سے ڈرون طیارے خریدنا شروع کر دئے۔ دفاعی امور سے جاہل ہوتے ہوئے مجھے ہرگز اندازہ نہیں کہ ایران کے پاس موجود ڈرون طیارے کس حد تک "مہلک" ہیں۔ ان طیاروں نے مگر ایران کو اسرائیل کی جانب سے مسلط ہوئی جنگ کا مقابلہ کرنے میں کافی مدد دی ہے۔

ایران، روس، اسرائیل اور یوکرین تاہم باقاعدہ ریاستیں ہیں۔ حالیہ پاک-بھارت جنگ کے دوران ان دوملکوں نے بھی ایک دوسرے کی فوجی تنصیبات پر ڈرون حملے کئے تھے۔ ریاستوں کی جانب سے اسلحہ بردار ڈرون کا استعمال سمجھا جاسکتا ہے۔ ان کا دہشت گردوں کے ہاتھوں آ جانا مگر پاکستان ہی نہیں دنیا بھر کی ریاستوں کے لئے پریشان کن خبر ہونی چاہیے۔ میری تحقیق کے مطابق ایک ڈرون کی اوسط قیمت دس سے پچاس ہزار امریکی ڈالر کے درمیان ہے۔ ہمارے ہاں یہ فرض کرلیا جاتا ہے کہ افغانستان میں پناہ گزین ہوئے مذہبی انتہا پسندوں نے امریکہ کے چھوڑے جدید ترین فوجی سامان میں سے اسلحہ بردار ڈرون بھی "چرا" لئے ہوں گے۔

خیبر پختونخواہ میں لیکن ان دنوں جو ڈرون استعمال ہو رہے ہیں ان کے مسلسل حملے دہشت گردوں کے پاس ایسے طیاروں کی بھاری بھرکم تعداد کا پیغام دیتی ہیں۔ معاملہ مگر تعداد تک ہی محدود نہیں ہے۔ مہلک اسلحہ سے لدے جو ڈرون اپنے ہدف تک بھیجے جاتے ہیں وہ مشینی ذہانت کی بدولت گھپ اندھیرے میں بھی مطلوبہ مقام تک پہنچنے کے بعد تباہی پھیلاتے ہیں۔ اتوار کی صبح انگریزی اخباروں میں یہ خبر دیکھی ہے کہ بنوں شہر کو شمالی وزیرستان سے ملانے والی سڑک کے جنگی اعتبار سے حساس ترین مقام پر قائم ایک پولیس سٹیشن پر ساتویں بار ڈرون برسائے گئے۔ ڈرون طیاروں کے ایسے اہداف پر مسلسل حملے دفاعی امور سے نابلد اس قلم گھسیٹ کو یہ سوچنے کو مجبور کر رہے ہیں کہ پاک-افغان سرحد سے متصل علاقوں میں متحرک دہشت گردوں کو کسی "ریاست" نے بھاری بھرکم تعداد میں جدید ترین اسلحہ بردار ڈرون فراہم کئے ہیں۔ پاک-بھارت کشیدگی کو ذہن میں رکھتے ہوئے بلاثبوت بھارت کو وہ ریاست تصور کرسکتا ہوں جو خیبر پختونخواہ میں متحرک دہشت گردوں کو مہلک ڈرون فراہم کرسکتی ہے۔ اسرائیل بھارت کو جدید ترین ڈرون فراہم کرنے میں سرفہرست ہے۔ بنوں کے نواحی علاقوں میں دہشت گردوں کی جانب سے استعمال ہوئے ڈرون اسرائیلی ساختہ بھی ہوسکتے ہیں۔

میرے خدشات اگر درست ہیں تو خیبر پختونخواہ میں مہلک ڈرون طیاروں کا بڑھتا ہوا استعمال نہایت فکرمندانہ ہونا چاہیے۔ اس ضمن میں ٹھوس معلومات مگر ہمارے نام نہاد "عوامی نمائندے" ہی جدید ترین اسلحہ سے آشنا ماہرین کو پارلیمان میں دفاعی امور پر نگاہ رکھنے والی کمیٹیوں میں مدعو کرنے کی بدولت حاصل کرسکتے ہیں۔ اس ضمن میں لیکن کوئی پیش قدمی نظر نہیں آئی۔ ہمارے ریگولر میڈیا میں فقط پرنٹ میڈیا ہی خیبر پختونخواہ میں تواتر سے اسلحہ بردار ڈرون کے استعمال کی خبریں دے رہا ہے۔ حکومت کے لائسنس کے تحت چلائے ٹی وی چینلوں میں اکثر ان کا ذکر نہیں ہوتا۔ میں یہ تسلیم کرنے سے انکاری ہوں کہ چند حکومتی ادارے 24/7 چینلوں کو خیبر پختونخواہ میں دہشت گردوں کی جانب سے مہلک ڈرون طیاروں کے استعمال کے ذکر سے روک رہے ہیں۔ اگر یوں ہو رہا ہوتا تو گزری جمعرات کے بعد میں اس کالم میں اسلحہ بردار ڈرون طیاروں کا ذکر نہ کر رہا ہوتا۔ فطری طور پر بزدل شخص ہوں۔ حکومتی احکامات کو سر جھکائے تسلیم کر لیتا ہوں۔ میری دانست میں کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں سوٹ ٹائی لگاکر ایئر کنڈیشنڈ سٹوڈیوز میں بیٹھے اینکر خواتین وحضرات کو ہرگز اندازہ نہیں کہ کم از کم گزشتہ دو برس سے خیبر پختونخواہ-خاص طور پر اس کے افغان سرحد سے ملحق علاقوں میں-امن وامان کی صورتحال مخدوش سے مخدوش تر ہو رہی ہے۔ ریٹنگ کا حصول بھی انہیں مذکورہ صورتحال کے بیان سے روکتا ہے۔ باقی رہ جاتا ہے سوشل میڈیا۔ حق وصداقت کی علامت ٹھہرائے اس میڈیا میں لیکن ذکر صرف "قیدی نمبر 804" کا بکتا ہے۔ میں اور آپ لاعلمی کے اندھے کنوئیں میں ڈبکیاں لگانے کو لہذا مجبور ہیں۔

نہ جانے کس گلی میں زندگی کی شام ہوجائے

روزن خیال — مریم گیلانی

کچھ عرصہ قبل پیش آنے والے واقعات کے بعد اب اس حوالے سے دو رائے نہیں کہ پاکستانی معاشرے میں بھی معاشرتی اور خاندانی نظام کا ڈھانچہ بکھر چکا ہے پہلے ایک معروف اداکارہ اور پھر ایک ماڈل گرل کی تنہائی میں اس طرح کی موت جس کا علم یا تو مردہ جسم کے گلنے سڑنے کی بو سے ہوا یا پھر کرایہ داری کے تنازعہ پر عدالتی اہلکار رقیت کا تالا توڑنے پہنچا تو معلوم ہوا کہ لاش نو دس ماہ پرانی تھی ایک کے بچوں نے نہ پوچھا اور نہ ہی اس کے وسیع تعلقات پر مبنی سوسائٹی میں جب وہ پردہ سکرین سے ذرا ادھر ادھر ہوئی کسی نے زحمت کی کہ وہ کیسی ہیں ظاہر ہے ان کے رشتہ دار عزیز واقارب بھی ہوں گے مگر کسی کو ان کی پرواہ نہیں ہوگی اور نہ ہی ان کو ان کی پرواہ ہوگی جبھی تو موت و بیماری کا علم ہو سکا اور نہ ہی کسی نے اتنی خبر گیری کی کہ سانسیں چل رہی ہیں یا اکھڑ چکی ہیں کم از کم بچوں کو ہی احساس ہونا چاہئے تھا خیر میں بھی بھی روز کے صبح بخیر کے پیغامات سے اکتا جاتی ہوں پہلے میں سوچتی تھی کہ لوگوں کے پاس فالتو وقت بہت ہے مگر اب احساس ہوتا ہے کہ احباب ٹھیک اور میں غلط تھی کم از کم اس سے اس امر کا احساس ہوتا ہے کہ خیریت بھی ہے اور ابھی یادوں میں ہوں کسی نے بھلایا نہیں پہلے اگر صبح بخیر ایک رسم یا پھر تعلقات کی یاد دہانی تھی تو اب اسے ضروری جانا چاہئے کہ کم از کم جیتے جی ہونے کی رسید تو مل جاتی ہے روزانہ ہو تو اچھا ہے کم از کم ہفتہ وار تعطیل میں تو سلام دعا کا فریضہ نبھایا جائے کہ رشتہ اور دوستی میں اب یہ ضروری ہو گیا ہے بطور مسلمان ہمیں جس قسم کے معاشرتی اطوار اور تعلقات کی تعلیم دی گئی ہے کاش کہ ہم اس طرف متوجہ ہوں ایک سوچ اب یہ بھی چل رہی تھی کہ ایک ایسے معاشرے میں جہاں ہر کسی کو یقین ہو پڑوسی کو پڑوسی کی ضرورت نہ ہو تو خواہ مخواہ مخل ہونے کی ضرورت ہی کیا لیکن اب پتہ چلا کہ پڑوسیوں کے حالات سے آگاہی کا پیمانہ صرف دستگیری نہیں بلکہ اور مقاصد کے لئے بھی یہ ضروری ہے صد حیف کہ ہم ایسی بے حسی کا شکار ہو چکے ہیں کہ اس طرح کے مزید واقعات بھی ہوں تو ہمارے کانوں کے گرد جوں تک نہ رینگے بچوں سے جہاں ہم خبر گیری کی توقع رکھیں وہاں ممکنہ حد تک ان کے اعصاب پر سوار ہونے کا وتیرہ ترک کرنا چاہئے جتنا ممکن ہو ان کو اپنی زندگی جینے دیا جائے وہ جدوجہد کی جس منزل پر ہیں ان کو سہارا دیا جاسکے تو فبہا کم از کم سنگ ریزہ ہی بننے سے گریز ہو تو بھی غنیمت ہوگی میرے ایک عزیز کا بڑا اچھا فارمولہ ہے ایک دن بیٹھے تھے تو باتوں باتوں میں بیٹے کے حوالے سے کہنے لگے کہ میں نے ان سے کہا ہے کہ اگر تمہیں لگتا ہے کہ بیرون ملک جانا تمہارے لئے بہتر ہے تو اس فیصلے کی راہ میں میرے بڑھاپے کو حائل مت سمجھو میں اپنے پنشن سے گزارہ کرلوں گا خدمت کی بھی کوئی الحال ضرورت نہیں میں تمہیں باپ کا قیدی نہیں دیکھنا چاہتا البتہ آپ سے یہ توقع ضرور رکھتا ہوں کہ جب میں معذور واپاہج ہوجاؤں اور مجھے حقیقی معنوں میں کسی کی ضرورت پڑے تبھی مجھے تنہا نہ چھوڑنا ان کا کہنا تھا کہ مسجد میں ایک بڑے کلے حاجی صاحب کو دیکھتا ہوں کہ ان کے سعادت مند بچے مسجد سے نکلتے ان کے جوتے سیدھی کرتے ہیں بظاہر تو اچھا لگتا ہے لیکن پتہ نہیں کیوں مجھے یہ اچھا نہیں لگتا اولاد کی سعادت مندی نعمت ہے ان کو اس کی تربیت بھی ملنی چاہئے لیکن ساتھ ہی والدین کو بھی جب تک ہو سکے اپنا بوجھ خود اٹھانا چاہئے اس معاشرے سے گزرے وقتوں کی توقعات مسائل کا باعث بن سکتی ہیں لہذا توقعات کم سے کم اور شکایات کی پوٹلی بند رکھی جائے اکثر والدین اور معاشرہ یکطرفہ طور پر اولاد ہی کو مطعون ٹھہراتا ہے یقینا ایسا ہوگا بھی لیکن خود احتسابی اچھی بات ہوتی ہے اوپر کی دو مثالوں میں اس کی گنجائش نکلتی ہے کہ اکیلی وخود مختار رہنے والی والدہ کا اپنا طرز عمل کیا تھا اولاد ناخلف سہی خود ان کے اپنے خاندان سے بھی روابط کی ضرورت تھی وہ وسیع تعلقات اور دوستیاں جس کا دعویٰ کیا جاتا ہوتا ہے ان سے مکمل انقطاع کی بھی صورت نظر آتی ہے بہرحال جو ہونا ہوتا ہے ہو کر رہتا ہے اس طرح کے واقعات سے جانے والے کو کوئی فرق نہیں پڑتا بعد والوں کو اس سے سبق سیکھنا چاہئے اب آتے ہیں دوسرے واقعے پر جو زیادہ سنگین اور واضح ہے اتنا واضح اور جامع کہ نو دس ماہ گزر جاتے ہیں کسی کو خیال ہی نہیں آتا کہ وہ ایک فرد غائب کیوں ہے زمین نگل گئی آسمان کھا گیا بڑھاپا بھی نہیں کہ گوشہ نشین ہو گئیں بھری جوانی تھی والدین اپنی اولاد سے خواہ وہ کس قدر بھی بدعملی کا شکار ہو یکسر لاتعلقی اختیار نہیں کرتے مگر بیٹی جب ہاتھ چھڑا کے چلی جائے اور کسی دوسرے شہر میں رنگینیاں اختیار کرے اور خود بھی والدین کے لئے گمنام ہونے کو بہتر خیال کرے اور جو بھی ایسا ہی تو اس طرح کے واقعات ہوتے ہیں یہ معاشرہ قاتل کو تو قبول کرتا ہے مگر مقتول مرد اور عورت دونوں کو نہیں پھر ایک خاص قسم کا طبقہ بھی وجود میں آ گیا ہے جس کو حقوق اور آزادی کے نام سے مادر پدر آزادی کی حمایت ملتی ہے آخر تک ناکردہ فنکارائیں خواجہ سرا اور ان مقتول لڑکوں ہی کے قتل کی شرح زیادہ کیوں ہے کوئی تو وجہ ہے نا کہ بلاوجہ ہی ہر کوئی ان کے جان کا دشمن بنا پھرتا ہے حساس موضوع ہے اتنا ہی کافی ہے۔ چکا چوند اور رنگینیوں کو چننے والوں کو اندھیروں کا سامنا ہوتو ان کے مداحین سامنے آتے ہیں

افواہیں اور تردید: ایک مشہور ظہرانے نے حکومت کو کیسے غیر متعلقہ بنا دیا؟

تلخ نوائی — عارفہ نور

سات سمندر پار واشنگٹن ڈی سی میں ایک اہم ظہرانے کے بعد سے پاکستان کی سیاست اتنی گہری نیند سو چکی ہے کہ اس کے خراٹوں کی آواز پورے ملک میں سنی جاسکتی ہے۔ اب جب امریکیوں نے بھی آرمی چیف کو وائٹ ہاؤس میں مدعو کرکے مہر ثبت کردی ہے کہ اقتدار کس کے ہاتھ میں ہے تو ... ایک ظہرانے یا باہر نظام کی عظمت سے متعلق تجزیات سے اتنا بڑا نتیجہ کیسے اخذ کرسکتا ہے۔ لگتا ہے کہ وزیر اعظم اور وزیر اعلیٰ پنجاب ایک صفحے پر ... پہلی بار سامنے آئی تو حکومت میں بیٹھے افراد پہلے تو 'سکتے' کی کیفیت میں چلے گئے۔ سیاستدانوں کا یہ متوقع ردعمل اس خدشے کے تحت تھا کہ یہ خبریں ... نہیں ہوا۔ تو اصل سوال یہ ہے کہ اس قسم کے تجزیے اور تنقید آخر کہاں سے رہی ہیں؟ یا کیا یہ تمام اشارے شاید سیاستدانوں کو متنبہ کرنے کے لیے ہیں کہ وہ سنبھل جائیں؟ اسلام آباد نامی شہر میں سب کچھ ممکن ہے اور تمام ممکنات پر بحث کی جاسکتی ہے۔ جہاں عام لوگ الجھن میں مبتلا ہیں ...

بڑھتی آبادی وجودی خطرہ

وفاق نامہ — رشید صافی

وطن عزیز کو آج کئی طرح کے چیلنجز درپیش ہیں جن میں موسمیاتی تبدیلی اور معاشی عدم استحکام سرفہرست ہیں، تاہم ایک خاموش مگر زیادہ سنگین خطرہ ... ہو جائیں گے، جس کے نتیجے میں چند برسوں میں رہائش، بے روزگاری اور تعلیمی سہولتوں کے نئے مسائل جنم لیں گے اور ملک کی پائیدار ترقی ایک خواب بن کر رہ جائے گی۔ ...

کاروبار پر ٹیکس: افواہیں اور وضاحت

دسترس — میاں عمران احمد

...

90 روزہ احتجاج کا غیر واضح منصوبہ

تاثرات — سید مجاہد علی

پاکستان تحریک انصاف نے 90 دن کی احتجاجی تحریک چلانے اور عمران خان کی رہائی تک چین سے نہ بیٹھنے کا اعلان کیا ہے۔ خیبر پختون خوا کے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈا پور نے اس بار آر یا پار کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ '90 دن کے بعد فیصلہ کریں گے کہ سیاست کرنی بھی ہے یا نہیں' ... انصاف کے اپوزیشن لیڈر ملک احمد خان اچکزئی پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان سے بات چیت کر ...

یہ کون لوگ ہیں؟

خیالات — ...

...

کیچ میں بجلی بحران سے نمٹنے کے لیے صوبائی حکومت کا قابل ستائش اقدام

تحریر: چاکر بلوچ

بلوچستان کا دوسرا بڑا اور اہم ضلع کیچ ایک طویل عرصے سے بجلی کی شدید قلت، لوڈشیڈنگ، وولٹیج کی کمی اور بنیادی توانائی سہولیات کی عدم دستیابی جیسے مسائل کا سامنا کر رہا ہے۔ متعدد دیہات ایسے بھی ہیں جہاں آج تک بجلی کی سہولت پہنچ ہی نہیں سکی۔ تاہم حالیہ دنوں میں حکومت بلوچستان کی جانب سے اس سنگین مسئلے کے حل کے لیے جو عملی اقدامات اٹھائے گئے ہیں، وہ قابل تحسین، امید افزا اور علاقے کی ترقی کی جانب ایک اہم قدم قرار دیے جا رہے ہیں۔ صوبائی حکومت نے ضلع کیچ کے ان دیہی و دور افتادہ علاقوں میں، جہاں واپڈا کی لائنیں پہنچانا ممکن نہیں یا بجلی کی فراہمی غیر یقینی ہے، سینکڑوں گھروں کو سولر انرجی سسٹم فراہم کرنے کا آغاز کیا ہے۔ اس حوالے سے حال ہی میں سرکٹ ہاؤس تربت میں ایک اہم تقریب منعقد ہوئی، جس میں صوبائی مشیر توانائی میر اصغر رند نے شرکت کی اور خطاب کرتے ہوئے توانائی بحران پر قابو پانے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا۔ صوبائی مشیر توانائی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ "توانائی بحران سے نمٹنے کے لیے حکومت بلوچستان روایتی ذرائع کے بجائے متبادل توانائی کے ذرائع پر توجہ دے رہی ہے، جس میں سولر انرجی کو خاص اہمیت دی جا رہی ہے۔" ان کے مطابق، منصوبے کے پہلے مرحلے میں ضلع کیچ کے 1000 گھروں کو سولر سسٹم فراہم کیے جا رہے ہیں، جن میں اکثریت ان دیہاتوں کی ہے جہاں یا تو بجلی موجود نہیں یا وولٹیج کی کمی کی وجہ سے عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ اس منصوبے کے تحت ضلع کیچ کے مختلف علاقوں تربت سٹی: 100 سیٹ، مند، دشت اور نگور: 500 سیٹ، تمپ: 200 سیٹ اور بلیدہ و زامران کو 200 سیٹ فراہم کیے گئے ہیں۔ ان علاقوں میں بجلی کی عدم دستیابی یا مسلسل بندش نے نہ صرف روزمرہ زندگی کو متاثر کیا بلکہ تعلیمی، طبی اور کاروباری سرگرمیوں پر بھی منفی اثر ڈالا تھا۔ اب ان علاقوں میں سولر انرجی کی فراہمی کو ایک انقلابی اقدام تصور کیا جا رہا ہے۔ سولر انرجی ایک صاف، ماحول دوست اور پائیدار توانائی کا ذریعہ ہے، جو خاص طور پر بلوچستان جیسے علاقوں کے لیے انتہائی موزوں ہے، جہاں سورج کی روشنی سال کے بیشتر مہینوں میں دستیاب رہتی ہے۔ اس منصوبے کے تحت گھروں میں روشنی اور پنکھے دستیاب ہوں گے، چھوٹے برقی آلات چلانے کی سہولت میسر آئے گی، تعلیمی سرگرمیوں میں بہتری آئے گی، کاروبار اور صحت کے شعبے میں سہولتیں بڑھیں گی۔ یہ منصوبہ نہ صرف توانائی بحران کا دیرپا حل فراہم کرے گا بلکہ مقامی افراد کو سولر سسٹم کی مرمت اور دیکھ بھال کی تربیت دے کر روزگار کے مواقع بھی پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ اگر اس منصوبے کا دائرہ کار مزید علاقوں تک پھیلایا جائے اور اسے تسلسل سے جاری رکھا جائے تو ضلع کیچ ترقی کی نئی راہوں پر گامزن ہو سکتا ہے۔ یہ امر باعث اطمینان ہے کہ حکومت نے وقت کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے بجلی بحران کے حل کے لیے روایتی طریقوں سے ہٹ کر جدید اور مؤثر راستہ اختیار کیا ہے۔ توقع ہے کہ جلد ہی ضلع کیچ کے وہ علاقے جو ابھی تک بجلی جیسی بنیادی سہولت سے محروم ہیں، وہ بھی روشنی کی نعمت سے فیضیاب ہوں گے اور ترقی یافتہ زندگی کی طرف قدم بڑھا سکیں گے۔

دستیاب وسائل میں ترقیاتی کاموں پر توجہ دے رہے ہیں، شکیل قمرانی

بحیثیت عوامی نمائندہ ہر وقت احتساب کے لیے تیار ہوں، صحافیوں سے گفتگو

مچھ/کوئٹہ (این این آئی) میئر میونسپل کارپوریشن شکیل احمد قمرانی نے کہا کہ دستیاب وسائل کے ہمراہ میونسپل کارپوریشن کے علاقوں میں ترقیاتی کاموں ... اس کے علاوہ میونسپل کارپوریشن کے ایریاز میں اسپتالوں کے لیے پانی کے کولر بھی لگانے کے لیے فنڈز مختص کر دیے ہیں کیونکہ اسپتالوں میں پانی ...

آدھے گھنٹے کی بارش نے ضلع صحبت پور کو شدید متاثر کردیا، میر اظہار کھوسہ

نوشکی، جناح روڈ پر بہنے والا پانی سڑکوں پر بہنے لگا، شہریوں کو مشکلات

ضلع کاریزات کا ہیڈکوارٹر بوستان کو بنایا جائے، عوامی حلقے

... سال بھر سدا بہار موسم پانی کا بھرپور زمینی ذخیرہ، صوبائی ہیڈکوارٹر کے نزدیک مقام دفاتر کیلئے طویل رقبہ موجود دیگر بیشمار سہولیات بوستان انڈسٹریل ایریا کے مقام پر موجود ہے اعلیان کاریزات برشور تا صاحب عوام کے عوام نے مقامی نمائندہ سے کہا کہ ضلع کاریزات کیلئے مختلف کمیٹیاں سرگرم عمل ہے جو کہ خوش آئند بات ہے اور ضلع کی ... مقام اور جغرافیائی حوالہ سیاحت طویل وعرض کے نسبت اور سال 2 سدا بہار موسم کے حوالہ سیاحت اور پانی کے بھرپور زمینی ذخیرہ اور صوبائی ہیڈکوارٹر کے نزدیک انڈسٹریل ایریا کے مقام موضوع ہیڈکوارٹر شمار ہوتا ہے عوام کے زیادہ تر آبادی کا رائے ہیڈکوارٹر بوستان کے مقام پر زور دیتا ہے دیگر مقامات پر بیشمار تحفظات ہے

میزائی اڈہ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب خان کاکڑ منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایف سی سماجی و فلاحی ترقی میں عوام کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ونگ کمانڈر

عوام اور ایف سی کی مشترکہ کاوشیں علاقے کو ترقی، خوشحالی اور استحکام کی راہ پر گامزن رکھیں گی، لیفٹیننٹ کرنل عرفان

ایف سی کا مشن صرف امن قائم رکھنا نہیں بلکہ تعلیم، صحت، پانی اور دیگر سماجی شعبوں میں بھی عوام کی خدمت کرنا ہے

ماوند کے عوام بہادر اور محب وطن ہیں ہمیشہ ملک دشمن عناصر کو مسترد کیا، ان کے ساتھ مل کر ہر سازش کو ناکام بنائیں گے

کوہلو (یو این اے) تحصیل ماوند، کوہلو میں فرنٹیئر کور ایف سی نارتھ کے زیر اہتمام ایک اہم قبائلی جرگہ منعقد ہوا جس میں علاقہ کے معتبر قبائلی عمائدین، سول سوسائٹی نمائندگان اور ایف سی حکام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ جرگے میں وڈیرہ محمد مرتضیٰ، وڈیرہ شہباز خان، وڈیرہ اقبال خان، وڈیرہ نوریز خان، وڈیرہ در خان، حاجی جھنڈا خان، حاجی عبداللہ سالارانی سمیت دیگر قبائلی رہنماں نے شرکت کی اور علاقے میں امن و استحکام، فلاحی سرگرمیوں اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر ونگ کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل عرفان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایف سی کا مشن صرف امن قائم رکھنا نہیں بلکہ تعلیم، صحت، پانی اور دیگر سماجی شعبوں میں بھی عوام کی خدمت کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماوند کے عوام بہادر اور محب وطن ہیں، جنہوں نے ہمیشہ ملک دشمن عناصر کو مسترد کیا ہے، اور ایف سی ان کے ساتھ مل کر ہر سازش کو ناکام بنائے گی۔ عمائدین نے ایف سی کی امن و ترقی کے لیے کوششوں کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوام اور ایف سی کی مشترکہ کاوشیں علاقے کو ترقی، خوشحالی اور استحکام کی راہ پر گامزن رکھیں گی۔ جرگے کے اختتام پر علاقے میں پائیدار امن، تعلیم، صحت، اور دیگر فلاحی منصوبوں کے فروغ کے لیے تعاون جاری رکھنے کا اعادہ کیا گیا۔

حکومت محنت کشوں کے مسائل سے بخوبی آگاہ ہے، غلام رسول عمرانی

لیبر قوانین کے موثر نفاذ اور فنی تعلیم کے اداروں کی بہتری پر کام کر رہے ہیں، گفتگو

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) صوبائی مشیر برائے محکمہ لیبر اینڈ مین پاور پیپلز چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت محنت کشوں کے مسائل سے بخوبی آگاہ ہے اور ہم ایک مربوط حکمت عملی کے تحت روزگار کے مواقع بڑھانے، لیبر قوانین کے موثر نفاذ اور فنی تعلیم کے اداروں کی بہتری پر کام کر رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مزدور یونین رہنماؤں سے بات چیت کے دوران کیا سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے کہا کہ صوبائی حکومت کی کوشش ہے کہ ہر نوجوان کو ہنر مند بنایا جائے تاکہ وہ نہ صرف صوبے میں بلکہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر بھی بہتر مواقع حاصل کر سکے محکمہ لیبر میں اصلاحات کا عمل جاری ہے اور رواں بجٹ میں اس حوالے سے خصوصی فنڈز مختص کیے گئے ہیں صوبائی مشیر سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے وفد کو یقین دلایا کہ ان کے مسائل کو حل کیا جائے گا اور محکمانہ سطح پر فوری اقدامات کیے جائیں گے۔

حاجی عبداللہ شاہ جیلانی کا عرس عقیدت و احترام سے منایا جاتا ہے

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار کے علاقے فیروز آباد میں حاجی عبداللہ شاہ جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا سالانہ عرس ہر سال عقیدت و احترام سے منایا جاتا ...

خضدار، سید عبداللہ شاہ جیلانی کے 125 ویں عرس کے اختتام پر مہمان خطاب کر رہے ہیں

رئیس ایکرم کرگزی کی والدہ کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ جاری

ملک پشتون پارکا کڑ حاجی محمد اسلم ملیزئی کو مبارکباد

... بردبار شخصیت کو یہ عہدہ ملنا نہ صرف قبیلے بلکہ چمن اور ضلع قلعہ عبداللہ کے لیے بھی خوش آئند امر ہے۔ ملک پشتون پارکا کڑ نے امید ظاہر کی کہ حاجی محمد اسلم خان ملیزئی اپنی نئی ذمہ داریوں کو نہایت سنجیدگی، دیانتداری اور خلوص نیت سے نبھائیں گے اور بلاتفریق قبیلے کے ہر فرد کے لیے ایک شفیق، انصاف پسند اور نیک نیت رہنما ثابت ہوں گے

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کا سوشل میڈیا پوسٹس کا سخت نوٹس

غلط خبریں پھیلانے والوں کو سائبر کرائم ایکٹ کے تحت کارروائی کا انتباہ

عوام سے کیے وعدوں کا مان ہر حال میں برقرار رکھیں گے، خیر محمد

ڈی کے عوام سے وعدے نبھانے کا وقت آ چکا ہے، ڈسٹرکٹ چیئرمین

... انہیں نبھانے کا وقت آ چکا ہے، ہمارے ترقیاتی منصوبے تیزی سے تکمیل کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ مختلف وارڈز میں سڑکوں کی تعمیر اور دیگر نظام کی بہتری، بنیادی سہولیات کے منصوبے جاری ہیں۔ ہم صرف ترقیاتی کاموں کا دعویٰ نہیں کرتے، بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے عوام کو تبدیلی کا واضح احساس دلا رہے ہیں۔ یہ فنڈز عوام کی امانت ہیں ... جال بچھا رہے ہیں جو نہ صرف موجودہ ضروریات کو پورا کرے گا بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے بھی ایک مضبوط اور روشن مستقبل کی بنیاد رکھے گا۔ ڈسٹرکٹ چیئرمین خیر محمد ناصر نے کہا کہ میں تمام منتخب نمائندوں، مقامی عمائدین، اور عوام کا شکر گزار ہوں جنہوں نے ہر قدم پر ہمارا ساتھ دیا۔ انشاء اللہ، ہم یہ سفر مکمل کر کے دم لیں گے

میر محمد صادق عمرانی بلاتفریق عوام کی خدمت کر رہے ہیں، مولانا رستم

نصیر آباد (نامہ نگار) جمعیت علمائے پاکستان نورانی صوبہ بلوچستان کے جنرل سیکرٹری مولانا رستم خان نورانی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے۔ ہمارے حلقے کے ایم پی اے صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی اور ان کے فرزند میر بلال صادق عمرانی دن رات بلاتفریق عوام کی خدمت کر رہے ہیں۔ جو کسی سے ڈھکی چھپی نہیں۔ اور حلقہ ان کی وجہ سے ترقی کی طرف گامزن ہو رہا ہے ایک مختصر سے عرصے میں کافی کاموں پر توجہ دینا یہ سب ان کی عوام سے مخلص ہونے کی دلیل ہے۔ اور انشاء اللہ عنقریب چھتر اور ڈیرہ مراد جمالی میں ایک حقیقی تبدیلی نظر آئے گی انہوں نے کہا میر محمد صادق عمرانی ...

رئیس عبدالقادر بجارانی کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار

اکبر لاشاری مدت ملازمت مکمل کر کے ریٹائر ہو گئے

... قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کی خدمات اور شعبہ تعمیرات میں کی جانے والی کوششوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے نصیر آباد سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں سرکاری عمارات کی تعمیر و مرمت، عوامی فلاح کے متعدد منصوبے اور بلڈنگ سیکٹر کی بہتری کے لیے نمایاں کردار ادا کیا۔

عوامی اشتہارات — MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔ ادارہ رائٹنگ اور مطلوبہ الفاظ والے مسودے کے علاوہ شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جانے کو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام

پلاٹ نمبر D-473 رقبہ 120 گز زرغون اسکیم اس وقت نصیب خان ولد عبداللہ خان کے نام ہے ٹرانسفر 1۔ خالد خان ولد عارف شاہ خان 2۔ عدنان احمد ولد قاضی منظور احمد کے نام کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں پندرہ یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

R.No.........61728

اطلاع عام

پلاٹ نمبر R-1/268D رقبہ 179 گز زرغستان اسکیم اس وقت وقار الدین ولد سمیع الدین کے نام ہے ٹرانسفر 1۔ غلام حسین ولد سیطل خان 2۔ منظور احمد ولد سیطل خان 3۔ ریاض احمد ولد غلام جان کے نام کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں پندرہ یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

R.No.........61728

گمشدگی کاغذات

میرا موٹر سائیکل نمبر SLB-7015 کے کاغذات بنام داؤد ولد رحیم داد کہیں گم ہو گئے ہیں ملنے پر فون نمبر 03458360238 پر مطلع کریں

R.No.........61733

گمشدگی کاغذات

میرا موٹر سائیکل نمبر QAZ-7796 انجن نمبر HKFOMV4501 چیسز نمبر HKFHBC0767 کے کاغذات بنام شمس الدین ولد قمر الدین منی مارکیٹ پر کہیں گم ہو گئے ہیں ملنے پر 03123300640 پر مطلع کریں

حامد بخاری سٹاف.........

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5340228417083 بنام نصیر احمد ولد درخان تیر دل دشت میں کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر 03333721017 پر مطلع کریں

R.No.........61729

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5410187435397 بنام سرور ولد غلام علی سکنہ دوکان تحصیل والدین ضلع کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر قریبی لیٹر بکس میں ڈال دیں

عبدالستار ولد دین.........

TENDER NOTICE

The Chief Officer Municipal Committee Gwadar has invites the sealed tenders based on Composite Schedule of Rates 2023, Government of Balochistan, amended up-to-date from interested Contractors / Firm who have the renewal for the year 2024-25, for the following works:

S.#	Name of Works	E/Cost
1	SUPPLY & INSTALLATION OF 200 KVA PMT & WALL MOUNTED SOLAR STREER LIGHTS AT SHADO BAND WARD GWADAR **TSE-252607779413**	4,437,680
2	SUPPLY & INSTALLATION OF 200 KVA PMT & WALL MOUNTED SOLAR STREET LIGHTS AT GAZARWAN WARD GWADAR **TSE-252607779583**	5,935,280
3	SUPPLY & INSTALLATION OF 200 KVA PMT & WALL MOUNTED SOLAR STREET LIGHTS AT GOWATREE WARD GWADAR **TSE-252607779593**	4,437,680
4	SUPPLY & INSTALLATION OF 200 KVA PMT & WALL MOUNTED SOLAR STREET LIGHTS AT HAJI NAGUMAN WARD GWADAR **TSE-252607779613**	4,437,680
5	SUPPLY & INSTALLATION OF 200 KVA PMT & WALL MOUNTED SOLAR STREET LIGHTS AT ISMAILIA WARD GWADAR **TSE-252607779633**	4,437,680
6	SUPPLY & INSTALLATION OF 200 KVA PMT & WALL MOUNTED SOLAR STREET LIGHTS AT SHEIKH UMAR WARD GWADAR **TSE-252607779653**	4,437,680
7	SUPPLY & INSTALLATION OF 200 KVA PMT & WALL MOUNTED SOLAR STREET LIGHTS AT USMANIA WARD GWADAR **TSE-252607779673**	4,765,280
8	SUPPLY & INSTALLATION OF 200 KVA PMT & WALL MOUNTED SOLAR STREET LIGHTS AT SHAMBAY ISMAIL WARD-1 GWADAR **TSE-252607779773**	3,454,880
9	SUPPLY & INSTALLATION OF 200 KVA PMT & WALL MOUNTED SOLAR STREET LIGHTS AT SHAMBAY ISMAIL WARD-2 GWADAR **TSE-252607779793**	3,454,880
10	SUPPLY & INSTALLATION OF WALL MOUNTED SOLAR STREER LIGHTS AT ASSA WARD GWADAR **TSE-252607779813**	4,446,000
11	SUPPLY & INSTALLATION OF WALL MOUNTED SOLAR STREER LIGHTS AT BAKHSHI COLONY WARD-1 GWADAR **TSE-252607779833**	1,170,000
12	SUPPLY & INSTALLATION OF WALL MOUNTED SOLAR STREER LIGHTS AT GIRLS SCHOOL WARD GWADAR **TSE-252607779963**	4,275,000
13	SUPPLY & INSTALLATION OF WALL MOUNTED SOLAR STREER LIGHTS AT KHUDA BAKHSH WARD GWADAR **TSE-252607779853**	4,446,000
14	SUPPLY & INSTALLATION OF WALL MOUNTED SOLAR STREER LIGHTS AT KOH-E-BUN WARD GWADAR **TSE-252607779883**	4,446,000
15	SUPPLY & INSTALLATION OF WALL MOUNTED SOLAR STREER LIGHTS AT MIR LAL BAKHSH WARD GWADAR **TSE-252607779903**	4,446,000
16	SUPPLY & INSTALLATION OF WALL MOUNTED SOLAR STREER LIGHTS AT MODEL SCHOOL WARD GWADAR **TSE-252607779923**	2,995,200
17	SUPPLY & INSTALLATION OF WALL MOUNTED SOLAR STREER LIGHTS AT MULLA BAND WARD GWADAR **TSE-252607779943**	4,446,000
18	SUPPLY & INSTALLATION OF WALL MOUNTED SOLAR STREER LIGHTS AT MULLAH KARIM BAKHSH WARD GWADAR **TSE-252607779983**	4,446,000
19	SUPPLY & INSTALLATION OF WALL MOUNTED SOLAR STREER LIGHTS AT NIGORI WARD-2 GWADAR **TSE-252607779993**	2,948,400
20	SUPPLY & INSTALLATION OF WALL MOUNTED SOLAR STREER LIGHTS AT NIYAABAD WARD-1 GWADAR **TSE-252607780013**	4,446,000
21	SUPPLY & INSTALLATION OF WALL MOUNTED SOLAR STREER LIGHTS AT SENATOR ISHAQ WARD GWADAR **TSE-252607780033**	3,744,000
22	SUPPLY & INSTALLATION OF WALL MOUNTED SOLAR STREER LIGHTS AT THANA WARD GWADAR **TSE-252607780073**	4,446,000
23	SUPPLY & INSTALLATION OF WALL MOUNTED SOLAR STREER LIGHTS AT ZAHOOR SHAH HASHMI WARD GWADAR **TSE-252607780033**	4,446,000
24	SUPPLY & INSTALLATION OF 100 KVA PMT AT NEW TOWN WARD GWADAR **TSE-252607779361**	4,758,000
25	SUPPLY & INSTALLATION OF 200 KVA & 100 KVA PMT AT T.T.C COLONY WARD GWADAR **TSE-252607779401**	3,964,480
26	SUPPLY & INSTALLATION OF 200 KVA PMT AT MUJAHID WARD GWADAR **TSE-252607782661**	2,378,480
27	SUPPLY OF SEWING MACHINES FOR WOMEN AT GWADAR **TSE-252607782681**	2,875,599
28	SUPPLY & INSTALLATION OF 200 KVA PMT AT BAKHSHI COLONY WARD-2 GWADAR **TSE-252607783461**	4,756,960
29	REPAIR / MAINTENANCE OF COMMUNITY AMBULANCE FOR GWADAR AMBULANCE SERVICES **TSE-252607783641**	1,058,540

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up to date. **BASIC ELIGIBITY:** The Firm/ Contractors must have valid registration with Pakistan Engineering Council who also has deposited case for renewal (2024-25) in relevant Category. Firms (Single Entity) having valid registration with Pakistan Engineering Council (PEC) in the Category C-6 or above and the relevant Specialized code. The firm must register in Balochistan Revenue Authority and presence in active tax payer list (ATL) Valid Registration with Income Tax &Presence in Active Tax Payer List in FBR (ATL) Turnover at least of last three years. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. Other Mandatory conditions and Detail Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-One Envelope Procedure. **ISSUANCE:** The firms/contractors can also download the bidding documents from the BPPRA website at www.bppra.org.pk. The tender processing fee of Rs. 1000/- each tenders must be deposited in favour of undersigned in shape of Pay order, Bank Draft and Call Deposit. **Last Date of bid submission**: The bidding Documents duly filled and attached with copies of supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the office of the undersigned on or before on 04/08/2025 at 1:00 pm. **Tender opening**: All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at 2:00 pm. **Address Place of Bids opening**: Zahoor Shah Ward, Municipal Committee Gwadar. Bid Validity Period: Ninety (90) Days.
Email: makhtoommoosa@gmail.com

AB No.60/15-7-2025

**CHIEF OFFICER
MUNICIPAL COMMITTEE
GWADAR**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

درخواستیں مطلوب ہیں

مکران میڈیکل کالج بمقام تربت میں گریڈ 01 تا 15 کی درج ذیل خالی آسامیوں کو پر کرنے کیلئے بلوچستان کے لوکل/ڈومیسائل امیدواروں سے درخواستیں اخبار میں مشتہر ہونے کے 15 یوم میں پرنسپل مکران میڈیکل کالج تربت کے آفس میں موصول ہو جانی چاہئیں مقررہ تاریخ کے بعد کوئی درخواست وصول نہیں کی جائیں گی۔

نمبر شمار	نام آسامی	گریڈ	تعداد	مطلوبہ تعلیمی قابلیت / تجربہ
1	سیکورٹی انچارج	BPS - 15	01	بی اے، بی ایس سی یا مساوی تعلیم اور متعلقہ فیلڈ میں سند یافتہ ہو
2	سیکورٹی انسپکٹر	BPS - 15	01	بی اے، بی ایس سی یا مساوی تعلیم اور متعلقہ فیلڈ میں سند یافتہ ہو
3	کیٹالاگر	BPS - 14	02	کسی بھی منظور شدہ بورڈ سے بی اے، بی ایس سی اور لائبریری اور انفارمیشن اسٹڈی میں سند یافتہ ہو
4	اسسٹنٹ اسٹور کیپر	BPS - 12	01	کسی بھی منظور شدہ بورڈ سے بی اے، بی ایس سی متعلقہ فیلڈ میں ایک سالہ تجربہ رکھتا ہو
5	اسسٹنٹ کمپیوٹر آپریٹر	BPS - 12	03	کسی بھی منظور شدہ ادارے سے ایف اے یا ایف ایس سی پاس ہو اور ایک سال ڈپلومہ کمپیوٹر سائنس یا آئی ٹی کیا ہو
6	اسسٹنٹ وارڈن فیمیل	BPS - 12	02	کسی بھی منظور شدہ بورڈ سے بی اے، بی ایس سی متعلقہ فیلڈ میں ایک سالہ تجربہ رکھتی ہو
7	اسسٹنٹ وارڈن میل	BPS - 12	02	کسی بھی منظور شدہ بورڈ سے بی اے، بی ایس سی متعلقہ فیلڈ میں ایک سالہ تجربہ رکھتا ہو
8	کیوریٹر میوزیم	BPS - 11	02	کسی بھی منظور شدہ ادارے سے ایف اے یا ایف ایس سی کیا ہو اور متعلقہ فیلڈ میں سند یافتہ ہو
9	جونیئر کلرک	BPS - 11	02	کسی بھی منظور شدہ ادارے سے ایف اے یا ایف ایس سی کیا ہو اور کسی بھی منظور شدہ ادارے سے چھ ماہ کا کمپیوٹر سرٹیفکیٹ رکھتا ہو
10	لائبریری کلرک	BPS - 11	01	کسی بھی منظور شدہ ادارے سے ایف اے یا ایف ایس سی کیا ہو اور کسی بھی منظور شدہ ادارے سے چھ ماہ کا کمپیوٹر سرٹیفکیٹ رکھتا ہو
11	لیبارٹری ٹیکنیشن / اسسٹنٹ	BPS - 11	09	کسی بھی منظور شدہ ادارے سے ایف ایس سی اور گورنمنٹ میڈیکل فیکلٹی سے لیبارٹری اسسٹنٹ یا ٹیکنیشن کا امتحان پاس کیا ہو
12	ریکارڈ کیپر	BPS - 11	02	کسی بھی منظور شدہ بورڈ سے ایف اے یا ایف ایس سی اور کسی بھی منظور شدہ ادارے سے چھ ماہ کا کمپیوٹر سرٹیفکیٹ رکھتا ہو
13	اسٹور انچارج	BPS - 11	05	کسی بھی منظور شدہ بورڈ سے بی اے، بی ایس سی متعلقہ فیلڈ میں ایک سالہ تجربہ رکھتا ہو
14	اسٹور کیپر	BPS - 11	01	کسی بھی منظور شدہ بورڈ سے بی اے، بی ایس سی متعلقہ فیلڈ میں ایک سالہ تجربہ رکھتا ہو
15	اسسٹنٹ کیئر ٹیکر	BPS - 09	01	کسی بھی منظور شدہ بورڈ سے میٹرک پاس ہو تجربہ رکھنے والے کو ترجیح دی جائے گی
16	لیبارٹری ٹیکنیشن	BPS - 09	04	کسی بھی منظور شدہ ادارے سے ایف ایس سی اور گورنمنٹ میڈیکل فیکلٹی سے لیبارٹری ٹیکنیشن کا امتحان پاس کیا ہو
17	فوٹوگرافر	BPS - 08	01	کسی بھی منظور شدہ ادارے سے ایف اے یا ایف ایس سی اور متعلقہ فیلڈ میں چھ ماہ کا سرٹیفکیٹ رکھتا ہو
18	کیئر ٹیکر	BPS - 05	01	کسی بھی منظور شدہ بورڈ سے ایف اے یا ایف ایس سی۔ تجربہ رکھنے والے کو ترجیح دی جائے گی
19	فوٹو مشین آپریٹر	BPS - 05	02	کسی بھی منظور شدہ بورڈ سے میٹرک پاس ہو متعلقہ فیلڈ میں تجربہ رکھتا ہو
20	ڈرائیور	BPS - 04	03	مڈل پاس ہو اور ہیوی / لائٹ کمپیوٹرائزڈ ڈرائیونگ لائسنس یافتہ ہو
21	جنریٹر آپریٹر	BPS - 04	02	مڈل پاس ہو جسمانی طور پر تندرست ہو اور متعلقہ شعبے میں تجربہ رکھتا ہو
22	دفتری	BPS - 02	04	مڈل پاس ہو اور جسمانی طور پر تندرست ہو
23	لیبارٹری اٹینڈنٹ	BPS - 02	02	مڈل پاس ہو اور جسمانی طور پر تندرست ہو
24	بس کنڈکٹر	BPS - 01	01	مڈل پاس ہو اور جسمانی طور پر تندرست ہو
25	فراش	BPS - 01	01	مڈل پاس ہو اور جسمانی طور پر تندرست ہو
26	کلینر	BPS - 01	01	مڈل پاس ہو اور جسمانی طور پر تندرست ہو
27	کوک	BPS - 01	01	مڈل پاس ہو اور متعلقہ شعبے میں ایک سالہ تجربہ رکھتا ہو
28	مالی	BPS - 01	03	مڈل پاس ہو اور جسمانی طور پر تندرست ہو
29	نائب قاصد	BPS - 01	06	مڈل پاس ہو اور جسمانی طور پر تندرست ہو
30	سویپر	BPS - 01	03	مڈل پاس ہو اور جسمانی طور پر تندرست ہو
31	وال مین	BPS - 01	01	مڈل پاس ہو اور جسمانی طور پر تندرست ہو

دیگر شرائط درج ذیل ہیں۔ (1) امیدوار کو بلوچستان کا لوکل/ڈومیسائل ہونا چاہئے۔ (2) عمر کی حد 18 تا 43 سال ہو۔ (3) تمام درخواست گزار اپنے لوکل سرٹیفکیٹ شناختی کارڈ کاپی اور تجربہ کی تصدیق شدہ نقول بمعہ دو عدد پاسپورٹ سائز تصویر درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔ (4) اصلی اسناد و دیگر کاغذات انٹرویو کے وقت ہمراہ لائیں۔ (5) ٹیسٹ انٹرویو کیلئے آنے والے امیدواروں کو کوئی سفر خرچ نہیں دیا جائیگا۔ (6) ایک امیدوار ایک آسامی پر درخواست دینے کا اہل ہوگا اس سے زیادہ درخواست کو مسترد کیا جائیگا۔ (7) پہلے سے سرکاری ملازمین اپنے دفتر کے توسط سے بمعہ این او سی درخواست جمع کریں۔ (8) حکومت بلوچستان کے مروجہ قانون کے تحت معذور، اقلیت اور خواتین کا کوٹہ مختص ہوگا۔ (9) تحریری ٹیسٹ اور انٹرویو کے بارے میں بذریعہ اخبار مطلع کیا جائیگا (10) منتخب شدہ امیدواروں کی تعلیمی اسناد کی متعلقہ بورڈ/یونیورسٹی سے تصدیق کے بعد تعیناتی کے احکامات جاری کیے جائیں گے۔ (11) پوسٹوں کی تعداد میں کمی بیشی ہوسکتی ہے۔ (12) مطلوبہ قابلیت/ٹیکنیکل ڈپلومہ نہ رکھنے والے امیدوار اور غیر رجسٹرڈ/غیر مصدقہ اداروں سے سرٹیفکیٹ حاصل کرنے والے بھی درخواست دینے کی زحمت نہ کریں۔ ان کا نام لسٹ میں شامل نہیں کیا جائیگا اور نہ ہی تحریری ٹسٹ میں بیٹھنے کی اجازت دی جائیگی۔

پرنسپل مکران میڈیکل کالج تربت

PRQ No149/15-07-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The DEVELOPMENT OFFICER GANDAWAH invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Bid Security 2% for each work

S.No	Name of Work/s	E/Cost	T/Fee
1	Provision and Installation of Solar Home System for u/c MIRPUR Tehsil Gandawah.**(TSE-252607784093)**	4,941,792	1,000 PKR
2	Provision and Installation of Solar Home System for u/c MIRPUR Tehsil Gandawah **(TSE-252607784183)**	4,941,792	1,000 PKR
3	Supply and installation of solar street lights u/c kharri Tehsil Gandawah **(TSE-252607784203)**	66,17000	1500PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 3,459,254 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Guarantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 30 July, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 30 July, 2025till 10:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:00 AM **Address:** Development Officer Gandawah District JHALL MAGSI
Phone no: 0333404345 **Email:** mimiazahmedzehri786@gmail.com

AB No.55/15-07-2025

**DEVELOPMENT OFFICER
GANDAWAH**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بلوچستان کے عوام کھیلوں سے پیار اور دہشت گردی سے نفرت کرتے ہیں، مشیر کھیل

پانچویں آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ کا آغاز، 67 ٹیموں کے درمیان سنسنی مقابلے شروع ہوگئے ہیں، سیکرٹری کھیل و ثقافت درانی بلوچ

[illegible]

آسٹریلیا نے ویسٹ انڈیز کی ٹیسٹ تاریخ کے دوسرے کم ترین اسکور پر ڈھیر

ویسٹ انڈیز کی پوری ٹیم 27 رنز پر ڈھیر ہو گئی، پوری ٹیم میں صرف ایک کھلاڑی ڈبل فگر میں داخل ہو سکا، 7 کھلاڑی صفر پر آؤٹ ہوئے

یہ شکست 70 سال میں ٹیسٹ کرکٹ کی دوسری کم ترین اننگز ہے، 1955 میں نیوزی لینڈ کی ٹیم انگلینڈ کے خلاف 26 رنز پر آؤٹ ہوئی تھی

[illegible]

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے [illegible] ملاقات کر رہے ہیں

ٹیسٹ تاریخ کی بدترین شکست پر ویسٹ انڈیز کے کپتان شرمسار اور دل گرفتہ

ہم اپنی غلطیوں سے نہیں سیکھ رہے، یہ دل توڑ دینے والا ہے، روسٹن چیز

[illegible]

ورلڈ ماسٹرز سنوکر، پاکستان نے بھارت کو ہرا دیا

شاہد آفتاب نے بھارت کے من چندرا کو ہرا دیا

[illegible]

انگلینڈ سے شکست، بھارتیوں کو پاکستان کے خلاف چنئی ٹیسٹ یاد آ گیا

[illegible]

آسٹریلیا اور ویسٹ انڈیز کے درمیان تیسرے ٹیسٹ میچ میں آسٹریلین بولر وکٹ لینے کے بعد خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

[illegible]

ارشد ندیم کا انگلینڈ میں انجری کا علاج شروع ہو گیا

[illegible] ندیم کا انگلینڈ میں انجری کا علاج شروع ہوگیا۔ کیمبرج میں ڈاکٹر علی باجوہ نے ارشد ندیم کا چیک اپ کیا۔ ڈاکٹر علی باجوہ نے بتایا کہ ارشد کی انجری کی ٹریٹمنٹ کے حوالے سے یہاں آئے ہیں، وہ سرجری کے بعد ابتدائی ریب مکمل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ دعا کریں کہ ارشد ندیم کا علاج اچھا ہو اور وہ دوبارہ مقابلوں میں حصہ لیں۔

پریکٹس میچ: صائم ایوب الیون کو 8 وکٹوں سے شکست

سلمان آغا الیون کی فخر زمان، محمد حارث کی دھواں دار بیٹنگ

[illegible]

بھارت میں ہاکی ایونٹس میں شرکت کا فیصلہ حکومت کرے گی، سیکرٹری پی ایچ ایف

اچھی کارکردگی پر ٹیم کی تعریف کی بجائے تنقید کی جا رہی ہے، ہم نے 18 ویں رینکنگ سے شروع کیا اور ہم 12 نمبر پر آگئے ہیں

[illegible] کے شکرگزار ہیں، ٹیم کو ایشیا کپ کے لیے بھارت بھجوانے کا حتمی فیصلہ وزیراعظم پاکستان کریں گے، رانا مجاہد کی بات چیت

[illegible] ہیں، اس وقت پاکستان ہاکی فیڈریشن ایشیا کپ کے حوالے نازک صورت حال میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایشیا کپ کے حوالے سے ہماری حکومت جو بھی فیصلہ کرے گی ہم اس پر عمل کریں گے۔ ٹیم کو ایشیا کپ کے لیے بھارت بھجوانے کا حتمی فیصلہ وزیراعظم پاکستان کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ نیشنز کپ اور انڈر 18 ایشیا کپ کے علاوہ کھلاڑیوں کو باقی ٹورنامنٹس کے ڈیلی الاؤنس مل گئے ہیں۔ ہم نے ایک ارب یا 70 کروڑ روپے کی رقم کا کوئی مطالبہ نہیں کیا۔ سیکریٹری آئی پی سی اور ڈی جی پی ایس بی سے میٹنگ میں طے پایا ہے کہ ہم نے اخراجات کی تفصیل بنا کر دینی ہے۔ ہاکی کے لیے کم از کم سالانہ 75 کروڑ روپے کا بجٹ درکار ہے۔

جونیئر ورلڈ کپ کے لیے بھی پاکستان ہاکی ٹیم کو بھارت نہ بھیجنے کا فیصلہ

[illegible]

تین ملکی ٹی 20 سیریز، جنوبی افریقہ نے زمبابوے کو 5 وکٹوں سے ہرا دیا

[illegible]

ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے پشین میں کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد

ٹورنامنٹ میں ڈی سی کرکٹ کلب، ملزئی کلب اور دیگر ٹیموں نے بھرپور حصہ لیا

کوئٹہ (پ ر) ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے پشین میں کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا۔ ٹورنامنٹ میں ڈی سی کرکٹ کلب، ملزئی کلب اور دیگر ٹیموں نے بھرپور حصہ لیا اور نوجوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ٹورنامنٹ کا مقصد نوجوانوں کو مثبت اور صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا تھا، جسے عوامی سطح پر خوب سراہا گیا۔

41 برس میں بدترین اوپنر کا منفی ریکارڈ کونسٹاس سے جڑ گیا

دوسری اننگز میں صفر پر آؤٹ ہوئے، مجموعی طور پر ٹور کی 6 اننگز میں 8.33 کی اوسط سے 50 رنز بنائے

کراچی (آن لائن) ٹیسٹ کی 41 برس کی تاریخ میں بدترین آسٹریلوی اوپنر کا منفی ریکارڈ سیم کونسٹاس سے جڑ گیا۔ سیم کونسٹاس ویسٹ انڈیز کے خلاف دوسری اننگز میں صفر پر آؤٹ ہوئے، مجموعی طور پر انہوں نے اس ٹور کی 6 اننگز میں 8.33 کی اوسط سے 50 رنز بنائے۔ سن 1984 کے بعد سے یہ کسی بھی آسٹریلوی اوپنر کی ایک سیریز میں کم ترین اوسط ہے۔ کونسٹاس اس سیریز میں 2 مرتبہ صفر پر آؤٹ ہوئے۔ تیسرے ٹیسٹ سے قبل آسٹریلوی کوچ اینڈریو میکڈونلڈ نے ان کا دفاع کرتے ہوئے کہا تھا کہ 4 میچز کسی کی صلاحیتوں کے بارے میں فیصلہ کرنے کے لیے کافی نہیں ہوتے، نوجوان بیٹر کو صلاحیتوں کے اظہار کے لیے مزید وقت کی ضرورت ہے۔

مچل اسٹارک کا اپنے 100 ویں ٹیسٹ پر کیریئر کا سب سے بہترین اسپیل

78 سال پرانا ریکارڈ توڑ دیا، اپنے کیریئر کی 400 وکٹیں بھی مکمل کر لیں

کراچی (آن لائن) آسٹریلوی فاسٹ بولر مچل اسٹارک نے اپنے 100 ویں ٹیسٹ میچ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 400 وکٹیں مکمل کر لیں۔ ویسٹ انڈیز کے خلاف کھیلے گئے تیسرے اور آخری ڈے نائٹ ٹیسٹ میچ میں اسٹارک نے محض 9 رنز کے عوض 6 وکٹیں حاصل کیں اور اپنی ٹیسٹ کیریئر کی بہترین بولنگ کرتے ہوئے آسٹریلیا کی 176 رنز سے فتح میں مرکزی کردار ادا کیا۔ اس میچ میں انہوں نے اپنے کیریئر کی 400 ویں وکٹ بھی حاصل کی، وہ بھی ایک ایسے اوور میں جس میں انہوں نے لگاتار تین وکٹیں لے کر تباہی مچائی۔ مچل اسٹارک نے ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ کی تیز ترین 5 وکٹیں بھی حاصل کیں، انہوں نے اپنے اسپیل کی صرف 15 گیندوں میں 5 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی اور ٹیسٹ کرکٹ میں کم سے کم گیندوں پر 5 وکٹیں مکمل کرنے کا 78 سال پرانا ریکارڈ توڑا۔

ورلڈ ماسٹرز اسنوکر چیمپئن شپ: محمد آصف پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے

منامہ (آئی این پی) بحرین میں جاری آئی بی ایس ایف ورلڈ ماسٹرز اسنوکر چیمپئن شپ میں پاکستان کے محمد آصف پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے۔ راؤنڈ آف 22 میں آصف نے ویلز کے ٹونی مورگن کو تین - صفر سے شکست دی۔ آصف کی کامیابی کا اسکور چوبتر۔ دس، ایک سو چھ۔ صفر اور نواسی۔ گیارہ رہا۔ محمد آصف نے دوسرے فریم میں 90 اور تیسرے فریم میں 61 کی بریک کھیلی۔

لاس اینجلس اولمپکس 2028، کرکٹ مقابلے گیمز سے 2 دن قبل شروع ہونگے

کرکٹ مقابلے 12 سے 29 جولائی 2028 کے درمیان کھیلے جائیں گے

لاس اینجلس (آن لائن) لاس اینجلس اولمپکس کا باضابطہ آغاز 14 جولائی 2028 کو ہوگا، لاس اینجلس اولمپکس میں کرکٹ مقابلے گیمز سے 2 دن قبل شروع ہوں گے۔ کرکٹ کی اولمپکس میں 128 سال بعد واپسی ہوگی۔ اولمپکس انتظامیہ کے مطابق کرکٹ مقابلے 12 سے 29 جولائی 2028 کے درمیان کھیلے جائیں گے۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ 12 اور 13 جولائی ماسٹر 2 اور ماسٹر 1 قرار دیے گئے۔ اولمپکس انتظامیہ کے مطابق لاس اینجلس اولمپکس سے ٹھیک تین برس قبل اولمپک مقابلوں کے شیڈول کی رونمائی کی گئی۔ کرکٹ مقابلے دو مراحل میں ہوں گے، پہلا مرحلہ 12 سے 18 جولائی جبکہ دوسرا مرحلہ 22 سے 28 جولائی تک ہوگا۔ اولمپکس انتظامیہ کے مطابق کرکٹ مقابلوں کا فائنل 29 جولائی کو کھیلا جائے گا۔ مینز اور ویمن کے مقابلوں کی ترتیب کے حوالے سے تاحال فیصلہ نہیں ہوسکا۔ میڈلز ایونٹس اور میچز کی ترتیب کے حوالے سے فیصلہ اس سال کے آخر میں کیا جائے گا، مرد و خواتین کرکٹ مقابلوں میں 6، 6 ٹیمیں شامل ہوں گی۔

انگلینڈ کے سائیکلسٹ سائمن یٹس نے ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس کا دسواں مرحلہ جیت لیا

پیرس (این این آئی) انگلینڈ کے سائیکل سوار سائمن یٹس نے ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس کا دسواں مرحلہ جیت لیا۔ فرانس کے شمالی حصے کے ایک شہر لِل سے ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس کے 112 ویں ایڈیشن کا آغاز ہو چکا ہے۔ جس میں دنیا بھر کی سائیکلنگ کی 23 ٹیموں کے نامور سائیکل سوار ٹائٹل کے حصول کے لیے کوشاں ہیں۔ ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس کے دسویں مرحلے میں سائیکل سواروں نے فرانس میں انیزا سے مونٹ ڈورینک کا فاصلہ طے کرنا تھا جو پہاڑی رستے پر 165.3 کلومیٹر پر محیط تھا۔ 32 سالہ برطانوی سائیکل سوار سائمن یٹس نے عمدہ سائیکلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 165.3 کلومیٹر کا فاصلہ 4 گھنٹے 20 منٹ اور 5 سیکنڈز میں طے کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔

محکمہ خوراک کو بلوچستان کا ایک ماڈل ادارہ بنایا جائے گا، شجاعت کھوسہ

محکمے میں موجود خامیوں کے خاتمے کیلئے جامع اصلاحاتی اقدامات کیے جائیں گے

نصیرآباد (نامہ نگار) ڈائریکٹر جنرل محکمہ خوراک بلوچستان شجاعت علی کھوسہ نے کہا ہے کہ محکمہ خوراک کی کارکردگی میں بہتری اور شفافیت کو یقینی بنانا میری اولین ترجیحات میں شامل ہے کہ محکمے میں موجود خامیوں کی نشاندہی کر کے ان کے خاتمے کے لیے مؤثر اور جامع اصلاحاتی اقدامات کیے جائیں گے تاکہ عوام کو معیاری گندم کے ذریعے غذائی خوراک کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے عہدے کا چارج سنبھالنے کے موقع پر آفیسران اور اہلکاران سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمن جابر بلوچ بھی موجود تھے۔ ڈی جی فوڈ شجاعت علی کھوسہ نے کہا کہ موجودہ حالات میں خوراک کی حفاظت، معیار اور مناسب ترسیل کو یقینی بنانا نہایت اہمیت کا حامل ہے اور اس مقصد کے لیے محکمے کی کارکردگی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جا رہا ہے ذخیرہ کردہ گوداموں کی حالت بہتر بنانے اور معیار کو برقرار رکھنے کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں شجاعت علی کھوسہ نے کہا کہ محکمے کے افسران اور ملازمین کو چاہیے کہ وہ اپنی تمام تر صلاحیتیں محکمے خوراک کی بہتری، عوامی خدمت، اور محکمے کے وقار و نیک نامی کے لیے بروئے کار لائیں انہوں نے کہا کہ ہر افسر و اہلکار اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے ٹیم ورک، ایمانداری اور دیانتداری کے ساتھ اپنے فرائض منصبی سرانجام دیں کیونکہ ایک مضبوط اور شفاف محکمہ ہی عوام کا اعتماد کا باعث بن سکتا ہے انہوں نے کہا کہ محکمہ خوراک کی کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے کے لیے تمام اضلاع میں کڑی نگرانی کا نظام متعارف کرایا جا رہا ہے اور افسران پر زور دیا کہ وہ عوامی شکایات پر فوری ردعمل دیں متحرک رہیں اور زمینی سطح پر بہتری کو یقینی بنائیں انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ محکمہ خوراک کو بلوچستان کا ایک ماڈل ادارہ بنایا جائے گا جہاں عوامی خدمت شفافیت اور کارکردگی نمایاں طور پر نظر آئے گی۔

حاجی میر غلام دستگیر بادینی سے میر عارف بادینی کی ملاقات

نل (نامہ نگار) ایم پی اے نوشکی حاجی میر غلام دستگیر بادینی سے نل کے قبائلی و سیاسی رہنما میر عارف بادینی کی ملاقات علاقے کے مسائل سے ایم پی اے کو آگاہ کیا اور نئے ترقیاتی کاموں کے حوالے سے گفتگو کی گئی ایم پی اے نوشکی حاجی میر غلام دستگیر بادینی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ علاقے کے مسائل کو حل کرنے کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کریں گے حلقے کے عوام نے اعتماد کرتے ہوئے ہماری مینڈیٹ سے کامیابی دلوائی اس پر پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کرینگے بلاتفریق بلا رنگ و نسل عوام کی خدمت جاری رہے گی عوامی خدمت ہمارا نصب العین ہے ہم نے ہر وقت عوام کی خدمت کی ہے حلقے کے عوام کے حقوق کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کی ہے

خلیل عمرانی نے ایگزیکٹو انجینئر مواصلات و تعمیرات کا چارج سنبھال لیا

نصیرآباد (نامہ نگار) خلیل احمد عمرانی نے ایگزیکٹو انجینئرنگ مواصلات و تعمیرات (بلڈنگ) نصیرآباد کے عہدے کا باقاعدہ چارج سنبھال کر اپنی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔ اس موقع پر دفتر میں سادہ مگر پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں سب انجینئر عابد علی، ہیڈ کلرک بابو غلام سرور ابڑو، سید امداد شاہ، محمد ابراہیم ہنگوری سمیت دیگر افسران و عملے نے شرکت کی۔ افسران و ملازمین نے نئے ایکسین خلیل احمد عمرانی کو ان کی نئی ذمہ داری سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی اور انہیں سیٹ پر بٹھایا۔ اس موقع پر خوشگوار ماحول میں تمام عملے نے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی تعیناتی سے محکمہ تعمیرات میں مثبت تبدیلیاں آئیں گی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مزید تیز رفتاری سے اقدامات ہوں گے ایکسین بی اینڈ آر خلیل احمد عمرانی نے اس موقع پر کہا کہ وہ اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے دفتر کے امور کو بہتر انداز میں چلائیں گے

بلوچستان کی عوام پیپلز پارٹی کو امید کی کرن سمجھتے ہیں، فیصل خان جمالی

شہید ذوالفقار علی بھٹو شہید بے نظیر بھٹو کے مشن کو پایا تکمیل تک پہنچا کر دم لیں گے

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر لائیو سٹاک بلوچستان سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی عوامی حکومت بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لا رہی ہے عوام کی بے لوث خدمت پیپلز پارٹی کا ویژن ہے شہید ذوالفقار علی بھٹو شہید رانی محترمہ بے نظیر بھٹو کی مشن کو پایا تکمیل تک پہنچا کر دم لیں گے صحافی معاشرے کا آئینہ ہے صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے پریس کلب اوستہ محمد کے صحافیوں کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ مون سون بارشوں کی پیش نظر ضلع اوستہ محمد کے انتظامیہ کو سختی سے ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وہ ایمرجنسی کی صورتحال کو نمٹنے کے لیے ہائی الرٹ اور اسٹینڈ بائی رہیں غفلت اور لاپرواہی کرنے والے ادارے کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ اقتدار ہماری ہرگز منزل نہیں عوام کی بے لوث خدمت ہمارا ویژن ہے حلقہ انتخاب کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیں گے صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ غریب عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے ہیں اور بلوچستان کی عوام پاکستان پیپلز پارٹی کو امید کی کرن سمجھتے ہیں

ضلع حب میں تعلیم کے فروغ کی جانب ایک بڑی پیش رفت

گورنمنٹ ہائی اسکول ساکر ان میں زیر تکمیل جدید لائبریری کا افتتاح

اوتھل (آن لائن) ضلع حب میں تعلیم کے فروغ کی جانب ایک بڑی پیش رفت ہوئی، جب ڈپٹی کمشنر حب ثنار انگو نے گورنمنٹ ہائی اسکول ساکر ان میں یونیسف کی معاونت سے زیر تکمیل جدید لائبریری کا افتتاح کیا۔ اس تقریب میں تعلیم سے وابستہ افسران، اساتذہ، طلبہ اور علاقے کے معززین کی بڑی تعداد شریک تھی۔ تقریب میں ESP بلوچستان کے فیلڈ آفیسر نور اللہ وطن دوست بھی موجود تھے۔ جنہوں نے لائبریری کی تکمیل، سہولیات اور تعلیمی اثرات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اس لائبریری میں طلبہ کے لیے کتب، تعلیمی مواد، مطالعے کی پرسکون جگہ اور ڈیجیٹل لرننگ کا سامان دستیاب ہوگا، جو علاقے کے نوجوانوں کو عالمی معیار کی تعلیم کی طرف لے جانے کا اہم ذریعہ بنے گا۔ ڈپٹی کمشنر حب ثنار انگو نے کہا کہ یونیسف کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ پروجیکٹ نہ صرف تعلیمی ترقی کا نشان ہے بلکہ ہمارے بچوں کے روشن مستقبل کی بنیاد بھی ہے۔ واضح رہے کہ یونیسف کی جانب سے عنقریب گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول اوتھل میں بھی ایک نئی لائبریری کا افتتاح کیا جائے گا، جو خاص طور پر علاقہ کی طالبات کو تعلیمی میدان میں مزید روشناس کرے گی۔ یہ اقدام ضلع لسبیلہ میں تعلیمی ترقی کے لیے حکومت اور بین الاقوامی اداروں کے درمیان مضبوط تعاون کی واضح مثال ہے، اور امید کی جا رہی ہے کہ اس سے طلبہ میں مطالعے کی عادت، تحقیقی صلاحیت اور تعلیمی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئے گی۔

جعفرآباد ڈسٹرکٹ پریس کلب کی تعمیر بروقت مکمل کی جائے، ڈی ڈی انفارمیشن نصیرآباد

جعفرآباد (خ ن) صوبائی سیکرٹری اطلاعات عمران خان اور ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشن نور محمد کھیتران کی ہدایات پر محکمہ انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کی زیر نگرانی ضلع جعفرآباد کے ڈسٹرکٹ پریس کلب کی زیر تعمیر بلڈنگ کے منصوبے کے جائزہ لینے کے لیے ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن نصیرآباد ڈویژن نیک محمد نے پریس کلب جعفرآباد کا دورہ کیا۔ اس موقع پر پریس کلب جعفرآباد کے صدر حق بخش کھوسہ اور سب ڈویژنل افسر مواصلات و تعمیرات بلڈنگز محمد صدیق زہری بھی ان کے ہمراہ تھے۔ سب ڈویژنل افسر محمد صدیق زہری نے ڈپٹی ڈائریکٹر کو منصوبے کے تعمیراتی مراحل اور درپیش مسائل سے آگاہ کیا

گورنر بلوچستان صوبے کو ترقی کی جانب گامزن کر رہے ہیں، منیر احمد مسوری کاکڑ

سبی (اے این این) پاکستان مسلم لیگ ن لیبر یونین کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری کاکڑ نے کہا ہے کہ گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل کی صلاحیتوں سے بلوچستان کی ترقی عوام کی خوشحالی سمیت بلوچستان کو درپیش مسئلہ مسائل کو حل کرنے میں مدد ملے گی وفاق کے نمائندہ کے حیثیت سے گورنر بلوچستان اپنی ذمے داریاں احسن انداز سے سرانجام دیکر بلوچستان کو ترقی خوشحالی کی جانب گامزن کرنے میں اپنا کردار ادا کر رہے ہے پارٹی کی مقبولیت میں روز بروز اضافہ پارٹی قائدین پر اعتماد کا اظہار ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کارکناں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صوبائی جنرل سیکرٹری خان موسیٰ خان ٹیگ، سینئر صحافی میر ظہور احمد کھسی بھی موجود تھے

میر علی حسن کے فنڈز سے روڈ سیکٹر کے متعدد اسکیمات پر کام جاری

حب کو بائی پاس سے لنک کرنے والی پیرکس روڈ کیلئے فنڈز کی منظوری دی

حب (خ ن) ایکسین محکمہ مواصلات و تعمیرات حب انجینئر عبدالوہاب زہری کی زیر صدارت منگل کے روز میٹنگ کا انعقاد کیا گیا اجلاس میں محکمے کے انجینئرز نے پیرکس روڈ کے تعمیراتی منصوبے کے حوالے سے ایگزیکٹو انجینئر کو بریفنگ دی بریفنگ میں بتایا گیا کہ صوبائی وزیر زراعت کوآپریٹو میر علی حسن زہری کے فنڈز سے ضلع حب میں روڈ سیکٹر کے متعدد اسکیمات پر کام جاری ہیں صوبائی وزیر میر علی حسن زہری نے صنعتی شہر حب کو بائی پاس سے لنک کرنے والی پیرکس روڈ کے تعمیراتی کام کیلئے فنڈز کی منظوری دی ہے اور کنسٹرکٹر فرم کو ورک آرڈر جاری کر دیا گیا ہے اس موقع پر ایکسین محکمہ مواصلات تعمیرات حب انجینئر عبدالوہاب زہری نے پیرکس روڈ کے کنسٹرکٹر کو کام فوری شروع کرنے اور مشینری سائٹ پر پہنچانے کا حکم دیا

ویمن بزنس سینٹر خاران کی تمام دکانوں کو جلد فعال کیا جائے، شعیب نوشیروانی

تاکہ خواتین کو مقامی سطح پر روزگار کے باعزت مواقع فراہم کیے جاسکیں، دورے پر گفتگو

خاران (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو کے ہمراہ ویمن بزنس سینٹر خاران کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے بزنس سینٹر کے دکانوں اور عمارت کے دیگر حصوں کا معائنہ کیا جبکہ ادارے کی طرف سے صوبائی وزیر کو بریفنگ دی گئی۔ صوبائی وزیر نے ویمن بازار میں الاٹ کی گئی تمام دکانوں کو جلد از جلد فعال کرنے کی ہدایت جاری کی تاکہ خواتین کو مقامی سطح پر روزگار کے باعزت مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی معاشی خودمختاری کے لیے ایسے مراکز اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ دورے کے دوران جب وزیر خزانہ و معدنیات جناب میر شعیب جان نوشیروانی نے ویمن ڈیولپمنٹ کی ایک عمارت کے چھت کی ناقص مرمت کا مشاہدہ کیا تو سخت برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے احکامات جاری کیے کہ متعلقہ ٹھیکیدار فوری طور پر چھت کی سی پیج، سیلنگ اور دیگر ضروری مرمت مکمل کرے۔ صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے اس موقع پر خالی آسامیوں کو فوری طور پر پُر کرنے اور بجلی کے نظام کی بحالی کی بھی یقین دہانی کرائی

بنیادی حقوق کا حصول بلوچ وسائل کا تحفظ ہماری ریڈ لائن ہے، نیشنل پارٹی

مائنز اینڈ منرلز بل کے خلاف عدالت سے رجوع کرنا خوش آئند ہے، نادر بلوچ

خضدار (بیورو رپورٹ) نیشنل پارٹی کے صوبائی ورکنگ کمیٹی ممبر سٹی خضدار کے صدر نادر بلوچ تحصیل جنرل سیکرٹری کریم بلوچ تحصیل آرگنائزر زہری میر رفیع اللہ جنگ تحصیل آرگنائزر مولہ کریم بلوچ تحصیل آرگنائزر باغبانہ میر یاسر باحوئی نائب صدر شیر احمد قمرانی ڈپٹی جنرل سیکرٹری سعید احمد مردوئی رابطہ سیکرٹری رئیس احمد بلوچ فنانس سیکرٹری یوسف مینگل پریس سیکرٹری ریاض شاہوانی سینئر رہنما فدا بلوچ یوسف مردوئی مصطفیٰ مینگل حمید قادر بلوچ عبدالقادر پندرانی سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ بنیادی حقوق کے حصول بلوچ وسائل کا تحفظ ہماری سیاسی ریڈ لائن ہے نیشنل پارٹی کی جانب سے مائنز اینڈ منرلز بل کے خلاف عدالت سے رجوع کرنا خوش آئند عمل ہے بلوچ وسائل کی لوٹ مار پر سمجھوتہ قومی بقا پر سمجھوتہ ہوگا جو عناصر اپنے آقاؤں کی خوشنودی کے لیے بلوچ وسائل کی بے دریغ لوٹ مار پر سہولت کار بنے ہوئیں ہیں تاریخ انہیں صادق و جعفر کے القابات سے یاد رکھے گی رہنماؤں نے مزید کہا کہ ماضی میں بھی بلوچستان میں ترقی کے نام پر اربوں ڈالرز کے میگا پروجیکٹس شروع کیں گے لیکن ان سے محض مخصوص طبقے نے اپنی بینک بیلنس و جائیدادیں بنائی عام عوام کو موجودہ دور کی طرح تسلیوں تک محدود رکھا گیا

ژوب کے مختلف محلوں میں صفائی ستھرائی کا کام جاری ہے

ژوب (آن لائن) سول سوسائٹی ژوب شیرانی کے چیئرمین سید افضل شاہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ میونسپل کمیٹی ژوب کے اولیٰ چیئرمین شاہ بران کاکڑ نے جب سے چارج سنبھالا ہے۔ دن رات بلدیہ کے عملے سمیت مختلف محلوں میں صفائی ستھرائی کا کام جاری رکھا ہوا ہے۔ شہر کے مختلف چھوٹے بڑے نالوں کی صفائی رات گئے تک جاری رکھی ہے۔ ہر محلے ہر وارڈ میں صفائی ستھرائی کے کام کے جائزے کیلئے خود موقع پر موجود رہتا ہے۔ حالیہ طوفانی بارشوں میں بڑے نالوں کی صفائی کی وجہ سے پانی کے زیادہ بہاؤ سے بھی اللہ کے فضل سے کسی قسم کا جانی و مالی نقصان نہیں ہوا ہے۔

جنگل پیر علیزئی، کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب خان کاکڑ کا ایکسین حاجی سعود کاکڑ استقبال کر رہے ہیں

بعدالت فیملی جج (3) کوئٹہ

مثل نمبر 31/25 درخواست گارڈین

صابرہ یوسفی زوجہ حبیب اللہ یوسفی دختر رمضان علی مرحوم موجودہ پتہ مومن آباد علمدار روڈ کوئٹہ بنام 1۔ حبیب اللہ یوسفی ولد عیوض علی یوسفی ذات ہزارہ پتہ آسٹریلیا 50ASH ST.DOVETON V/C 3177 2Australia۔ عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 31/7/2025 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 14/7/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

61725

بعدالت فیملی جج (4) کوئٹہ

مثل نمبر 50/25 درخواست گارڈین

1۔ فیروز خان ولد ہزار خان پتہ اے ون سٹی کوئٹہ بنام 1۔ عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 25/7/2025 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 14/7/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

61730

بعدالت جناب سینئر سول جج IV صاحب کوئٹہ بااختیارات جناب ڈسٹرکٹ جج صاحب کوئٹہ

درخواست جانشینی نمبر 18/25 آئندہ تاریخ پیشی 25/7/2025

1۔ بی بی حنیفہ بیوہ عبدالجبار 2۔ بی بی مدیحہ 3۔ محمد حنظلہ 4۔ محمد اسفندیار 5۔ طلحہ 6۔ بی بی معصومہ 7۔ بی بی آصفہ 8۔ محمد دانش دختران و پسران مرحوم عبدالجبار ساکنان مکان نمبر 8-11/46A اللہ ذنہ روڈ شالدرہ کوئٹہ بنام عوام الناس

درخواست زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925 برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ درخواست مندرجہ بالا عنوان میں سائل / سائلان نے ایک درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ بابت حقوق عدالت ہذا میں گزاری ہیں جس کی آئندہ تاریخ سماعت مورخہ 25/7/2025 کو مقرر ہو چکی ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا عذر یا اعتراض ہو تو وہ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی آج بتاریخ 11/7/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

61726

TENDER NOTICE

The Superintendent Govt: Dairy Farm, Quetta invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252607773641 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee Rs.1000 PKR**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Animal Food & Medicine (Total Item(s) Count: 4)	5 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity Worth PKR. 2,000,000 Million each in Previous 3 Years Accumualted Turn over of at least PKR.12,000,000 Million in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 5 % specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 29 July, 2025till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System Address: Office of the Superintendent Govt: Dairy Farm Livestock and Dairy Development Department Brewery Road, Quetta Phone no: 0333780445 Email: supgovdaifarqta@gmail.com

SUPERINTENDENT
GOVT: DAIRY FARM, QUETTA

PRQ No.146/15-7-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

JOB OPPORTUNITY

Applications from eligible candidates from all over Balochistan are invited for the following vacant posts on **contract basis**

S.#	JOB	GRADE	QUALIFICATION AND EXPERIENCE	AGE LIMIT	NO OF POSTS
01	Admin Officer	17	MA/MBA (at least 2nd Division) preferably LLB from recognized University, with 5 years' experience in the field and excellent communication skills (specially written)	25-30	01
02	Lecturer Maths	17	MSc Maths (at least 2nd Division) from recognized University, with 5 years' teaching experience, preferably in residential institution.	21-30	01
03	Junior Clerk	11	Minimum Intermediate (at least 2nd division) with typing speed of at least 65-WPM. (English and urdu) and knowledge of Computer	18-30 years	01

Terms and Conditions:

1. Age limit is relaxable as per Government policy. Candidates with better grades will be given preference.
2. Applications should reach the undersigned by **25.07.2025**. Attested photo copies of Certificates/Degrees, Domicile, 02-recent passport size Photographs, CNIC alongwith experience certificates must be enclosed with the job application.
3. Final selection will be based on tests and interview of candidates.
4. The college administration reserves the right to cancel the selection process or not to fill vacant posts at any stage/level without assigning any reason(s).

Admin Officer
For Principal Cadet College Mastung
Phone #. (0843)895446-895460-895020

AB No.54/15-07-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 فنڈز واپس

اکتوبر 2024 مجموعی طور پر ساڑھے 7 لاکھ ٹن چینی برآمد کرنے کی اجازت دی گئی۔

بقیہ 2 اسحاق ڈار

جانب سے غیر منصفانہ اور غیر قانونی جارحیت، جوہری تنصیبات پر امریکی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، ایس سی او کے رکن ممالک کے خلاف اس طرح کی غیر قانونی کارروائیاں ناقابل قبول ہیں، جارحیت کو پالیسی ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کے بڑھتے رجحان پر گہری تشویش رکھتے ہیں، نائب وزیراعظم نے کہا دیرینہ تنازعات کے پرامن حل، مذاکرات، سفارتکاری و بین الاقوامی قانون، انصاف اور غیر جانبداری اصولوں کے مطابق حل پر زور دیتے ہیں قبل ازیں اسحاق ڈار نے بیجنگ میں گریٹ ہال آف دی پیپل میں صدر شی جن پنگ سے ملاقات کی، نائب وزیراعظم نے کہا شی جن پنگ سے ملاقات کرکے بہت خوش ہوں، پاکستان کی قیادت، حکومت اور عوام کی گرمجوش مبارکباد پہنچائی، آہنی بھائیوں، ہرموسم کے سٹرٹیجک شراکت داروں کی حیثیت سے پاک چین پائیدار دوستی کو مزید مضبوط کرنے اور مشترکہ علاقائی اہداف کو آگے بڑھانے کیلئے پرعزم ہیں، وزارت خارجہ کے مطابق چینی صدر نے وفود کے سربراہان کا خیر مقدم کرتے ہوئے ایس سی او کے دائرہ کار میں علاقائی تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔ نائب وزیراعظم وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی کونسل آف فارن منسٹرز کے اجلاس کے موقع پر منگل کو یہاں روس کے وزیر خارجہ سرگئی لاوروف سے ملاقات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات کے دوران فریقین نے دوطرفہ تعلقات کے مثبت انداز پر اطمینان کا اظہار کیا اور تجارت، توانائی، زراعت اور دفاع کے شعبوں میں تعاون کو مزید بڑھانے پر اتفاق کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف کو دورہ پاکستان کی دعوت کا اعادہ کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی سے ملاقات ہوئی، ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار نے تیانجن میں ایس سی او اجلاس کے سائیڈ لائنز پر ملاقات کی، ملاقات میں وزرائے خارجہ نے دوطرفہ تعاون کا جائزہ لیا۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے ایران کے خلاف اسرائیلی جارحیت کے بعد کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ 3 پیٹرول مہنگا

284 روپے 35 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اطلاق آج رات 12 بجے سے ہوگیا ذرائع کے مطابق مٹی کے تیل کی قیمت میں 3 روپے 10 فی لیٹر کمی کر دی گئی ہے جب کہ لائٹ ڈیزل آئل کی قیمت میں 1 روپے 85 پیسے فی لیٹر کمی کی گئی یکم جولائی کو پیٹرول کی قیمت میں 8 روپے 36 پیسے فی لیٹر اضافہ کیا گیا تھا، یکم جولائی سے ہائی اسپیڈ ڈیزل 10 روپے 39 پیسے مہنگا کیا گیا تھا۔

بقیہ 4 نشست بڑھ گئی

اعوان کی ن لیگ میں شمولیت کو تسلیم کر لیا اور 2 جنرل نشستوں پر ایک اضافی مخصوص نشست دینے کی پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز اور عوامی نیشنل پارٹی کی درخواستوں کو مسترد کر دیا، اقلیتی نشست پر ن لیگ اور جے یو آئی میں ٹاس ہوگا۔

بقیہ 5 صدر، وزیراعظم

رہنماؤں نے ملاقات میں ملک کی سیاسی، معاشی اور سکیورٹی، امن و امان کی صورتحال اور دہشت گردی کے خلاف اقدامات پر بھی تبادلہ کیا گیا۔ وزیراعظم نے معیشت کی بہتری کے لیے حکومتی اقدامات سے صدر مملکت کو آگاہ کیا جس پر انہوں نے اطمینان کا اظہار کیا۔ دونوں رہنماؤں نے ملکی استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے مل کر کام کرنے کے عزم کا اعادہ بھی کیا۔

بقیہ 6 آئی ایس پی آر

کے دورے پر آئے ہوئے انڈونیشیا کے وزیر دفاع لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ سجافری سجام الدین نے جنرل ہیڈ کوارٹرز میں آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے تفصیلی ملاقات کی، ملاقات کے دوران دوطرفہ دفاعی تعاون، علاقائی سکیورٹی کے امور اور فوجی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا، دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دوستی اور تعاون پر زور دیا گیا، فیلڈ مارشل نے خطے میں امن و استحکام کو برقرار رکھنے کیلئے باہمی تعاون کی اہمیت کو اجاگر کیا، انڈونیشیا کے وزیر دفاع نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاک فوج کے کردار کو سراہا اور پاکستان کے ساتھ دفاعی تعلقات کو بڑھانے کیلئے انڈونیشیا کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 7 سکیم ختم

رساں ادارے کے مطابق خفیہ منصوبے کا آغاز افغانستان میں طالبان حکومت کے قائم ہونے کے بعد کیا گیا، مقصد افغان وار میں برطانوی فوج کی مدد کرنے والے افغان باشندوں کو طالبان حکومت کی جانب سے ممکنہ جانوں کے خطرے کے پیش نظر برطانیہ آباد کرنا تھا، برطانیہ کے وزیر دفاع جان ہیلی نے کہا منصوبے کے تحت 900 افغان مددگاروں اور 3 ہزار 600 ان کے خاندان کے ارکان کو خفیہ طور پر برطانیہ لایا گیا، غلطی سے گئی ایک ای میل کی وجہ تقریباً 19 ہزار افغانوں کی ذاتی معلومات لیک ہوگئیں یہ وہ لوگ تھے جنہوں نے برطانیہ میں پناہ کی درخواست دی۔

بقیہ 8 ڈی آئی جی پولیس

انہوں نے منگل کو سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ میں حکومت بلوچستان کے ترجمان شاہد رند کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ اس موقع پر شہید مصور خان کاکڑ کے والد راز محمد بھی موجود تھے۔ ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ نے کہا کہ پولیس مصور خان کاکڑ کے اغواء میں ملوث دیگر ملزمان کی گرفتاری کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے مغوی مصور خان کے اغواء میں ملوث نعمان رند نامی شخص مارا گیا اغواء میں ملوث ریحان طیب شاہ باجوڑ کا رہنے والا ہے گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جارہے ہیں واقعے میں ملوث ہشام نامی شخص کو گرفتار کرلیا گیا اور اغواء میں استعمال میں ہونے والی گاڑی بھی برآمد کرلی گئی ملزم ہشام ریمانڈ پر ہے واقعے میں ملوث دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لئے کارروائیاں جاری ہیں مصور خان کی شہادت پر بے حد افسوس ہے کیونکہ پولیس اور اداروں نے بچے کی بھی کوششیں اس کی بحفاظت بازیابی کیلئے کی تھی وہ سب کے سامنے ہیں لیکن اس کی شہادت ہمارے لئے افسوسناک ہے اور ہماری بحفاظت بازیابی کیلئے کی جانے والی کوششیں رائیگاں گئیں انہوں نے کہا کہ پولیس نے واقعہ کے بعد وارداتوں میں استعمال ہونے والی گاڑی جو مختلف علاقوں میں رہائش کیلئے حاصل کئے گئے گھروں پر کارروائیاں کرنے کے علاوہ گلستان سے اسلحہ فراہم کرنے والے 3 ملزمان اور مالک مکان کو بھی گرفتار کرلیا گیا جو پابند سلاسل ہے ہشام ملزم نے افغانستان سے گاڑی لانے کے بعد گلستان سے اسلحہ بھی لایا اور متعدد بار افغانستان گیا اور بلوچستان آیا اور اغواء سے قبل مصور خان کے گھر اور ان کی دکان کی ریکی بھی کی انہوں نے کہا کہ گاڑی اور دیگر تمام چیزوں کی تصدیق سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے ہوئی ہے اور پولیس کی جانب سے اس مقدمے میں ملوث مجرمان جو مصور خان کے خون میں شامل ہیں انہیں قانون کے کٹہرے میں لائیں گے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں وارداتوں میں کچھ ذاتی دشمنی، کچھ دہشت گردی، کچھ حادثات اور دیگر وارداتوں میں مارے جارہے ہیں ہماری کوشش ہے کہ حالات کی بہتری کیلئے تمام اقدامات اٹھائے جائیں۔ اس موقع پر حکومت بلوچستان کے ترجمان شاہد رند نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان نے سڑکوں کو بلاک کرنے اور بدامنی پھیلانے کے ساتھ ساتھ قتل و غارت گری کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لینے کی ہدایت کی ہے مستونگ اور دیگر علاقوں میں روڈ بلاک کرنے والوں کے خلاف فورسز کی فوری کارروائی پر وہ علاقہ چھوڑ کر چلے جاتے ہیں انہوں نے کہا کہ قومی شاہراہوں پر مسلح افراد کتنی دیر تک کنٹرول کرتے ہیں؟ مستونگ اور قلات میں مسلح افراد کی کارروائی میں نقصان کیوں نہیں ہوا کیونکہ ان علاقوں میں پولیس اور سیکورٹی فورسز نے بروقت موقع پر پہنچ کر جوابی کارروائی کی ہے ژوب میں بسوں سے مسافروں کو اتار کر قتل کرنے کا واقعہ شام کے وقت پیش آیا حالانکہ اس سے قبل جن مقامات پر واقعات پیش آئے وہاں پر پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی سروسز شروع کی گئی جس میں رزکن اور راڑہ شم کے علاقے شامل ہیں

بقیہ 9 امریکی سپریم کورٹ

دی، خبر رساں ادارے اے ایف پی کی رپورٹ کے مطابق امریکہ کی منقسم سپریم کورٹ نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو محکمہ تعلیم کو ختم کرنے کا عمل دوبارہ شروع کرنے کی اجازت دے دی، قدامت پسند اکثریت پر مشتمل سپریم کورٹ نے غیر دستخط شدہ حکم نامے میں وہ پابندی ختم کردی جو وفاقی ضلعی جج نے محکمہ تعلیم میں بڑے پیمانے پر کی جانیوالی برطرفیوں پر عائد کی تھی، 9 رکنی بینچ میں شامل 3 آزاد خیال ججز نے فیصلے سے اختلاف کیا۔

بقیہ 10 درخواست اعتراض

نشستوں کا فیصلہ برقرار رکھا، ہائیکورٹ کا فیصلہ اب سپریم کورٹ کے فیصلے میں ضم ہو چکا، رجسٹرار نے کہا درخواست اب قابل سماعت نہیں لہٰذا واپس کیا جاتا ہے۔

بقیہ 11 تجویز و تائید کنندہ

قائدین نے تصدیق نہیں کی بانی نے مشال یوسفزئی کو سینٹ امیدوار بنایا، شکیل خان اور میں مشال یوسفزئی کا تجویز کنندہ اور تائید کنندہ بننے سے دستبردار ہوتے ہیں۔

بقیہ 12 ہول سیل گروسرز

کے حکومتی معاہدے کے باوجود چینی کی ایکس مل قیمت 175 روپے کردی، رؤف ابراہیم نے کہا شوگر مافیا نے فی کلو چینی کی ایکس مل قیمت 10 روپے زائد رکھ کر حکومت کی رٹ کو کھلا چیلنج دے دیا، شوگر ملوں نے 4 روز کے بعد منگل کو سپلائی بحال کی ہے لیکن تھوک مارکیٹ میں 185 روپے فی کلو پر بھی چینی دستیاب نہیں، وفاقی وزرا چینی کی ایکس مل قیمتوں کے صرف اعلانات کررہے ہیں لیکن رٹ کہیں نظر نہیں آرہی، محسوس ہوتا ہے حکومت شوگر ملوں کیخلاف کریک ڈاؤن سے گریز کررہی ہے۔

بقیہ 13 مافیہ کیس

متعلق کونسل رسائی بھی دی جاچکی، درخواست میں ترامیم سے کیس کو طول دیا جارہا ہے، ہائیکورٹ آرٹیکل 199 کے سکوپ سے باہر جاکر کارروائی جاری رکھے ہوئے ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ کا 16 مئی کا آرڈر کالعدم قرار دیا جائے۔

بقیہ 14 توہین مذہب مقدمات

جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان کی عدالت نے توہین مذہب کے مقدمات کی تحقیقات کیلئے وفاقی حکومت کو 30 روز میں کمیشن تشکیل دینے کا حکم دیتے ہوئے کہا وفاقی حکومت کا تشکیل کردہ کمیشن 4 ماہ میں اپنی کارروائی مکمل کرے، سماعت کے دوران ایڈیشنل ڈائریکٹر سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے عدالت کو بتایا کہ اسماعیل کا شناختی کارڈ بلاک کرادیا، کول کے شناختی کارڈ پر 4 سم ہیں لیکن نومبر کے بعد نمبر چل نہیں رہے، جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان نے کہا 14 ستمبر کو پٹیشن دائر ہوئی اور نومبر میں کول غائب ہوجاتی ہے، ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے نے کہا کول ملک سے باہر نہیں گئی پاکستان میں ہی ہے، عدالت نے کمیشن تشکیل دینے کی ڈائریکشن کی درخواست منظور کرتے ہوئے حکومت کو 30 روز میں کمیشن بنانے کا حکم دیدیا۔

بقیہ 15 عمران خان

کہا بانی نے 2 پیغامات دیئے ہیں کہا میرے، بشریٰ کیساتھ ظلم ہورہا ہے، ٹی وی اور اخبارات بند، انسانی حقوق ختم کردیئے گئے ہیں، سب ایک شخص کے کہنے پر کیا جارہا ہے، عمران خان نے کہا لاہور اجلاس کو لیکر پارٹی میں اختلاف جان بوجھ کر پیدا کیا جارہا ہے، ذاتی اختلافات ختم کریں اور سارا فوکس تحریک پر رکھیں، 300 پارلیمنٹیرینز لاہور جلسہ کے جانے پر خوشی ہوئی جس نے بھی اختلاف پیدا کرے گا پارٹی اس کو میں خود دیکھ لوں گا، ہم جیلوں میں بیٹھے اور آپ اختلافات پیدا کررہے ہیں، پی ٹی آئی لیڈر ملک احمد خان بچھر نے کہا لاہور میں 5 اگست تک تحریک چلتی رہے گی، اپوزیشن کو احتجاج سے نہیں روکا جاسکتا۔

بقیہ 16 سانحہ سوات

اور انتظام میں موجود خامیوں کی نشاندہی کی گئی۔

بقیہ 17 علیمہ خان

جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان نے پی ٹی آئی میں اختلافات کی تردید کرتے ہوئے کہا پارٹی کے اتحاد پر اطمینان ہے، پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز کا لاہور اجلاس خوش آئند ہے، سب کچھ ٹھیک ہوجائے گا، لاہور میں اجلاس کو سراہتے ہیں، خوش آئند بات ہے پی ٹی آئی کے تمام پارلیمنٹیرینز لاہور میں اکٹھے ہوئے، لاہور میں ہونے والا اجلاس پنجاب کے عوام کیلئے حوصلہ افزا ہے

بقیہ 18 ملک گیر احتجاج

قائدین کی کال پر بلوچستان بھر کی سڑکوں پر سراپا احتجاج ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں حضرت علی اچکزئی، میر یاسین مینگل، سعد اللہ اچکزئی، حاجی ہاشم کاکڑ، ظفر کاکڑ، عبدالخالق آغا، عبدالعلی رمز، ودان علی کاکڑ، اللہ داد اچکزئی، جہانگیر لانگو، نقیب اللہ کاکڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ اس موقع پر دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی انجمن تاجران رجسٹرڈ بلوچستان نے وفاقی حکومت کی جانب سے ایف بی آر کو اختیارات کے حوالے سے دیئے جانے والے ترمیمی آرڈیننس کی مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کرتی ہے کہ اسے فوری طور پر واپس لیا جائے کیونکہ ڈیجیٹل انوائسنگ اور 37AA، 7B اور 21 ایس کارروائی کی مذمت کرتے ہیں اور کسی صورت قابل قبول نہیں نقد ادائیگیوں پر 20 فیصد ٹیکس قابل مذمت ہے ہمارے مطالبات تسلیم نہ کئے گئے تو ملک بھر کی تاجروں کی طرح کوئٹہ اور بلوچستان کے تاجر اپنے مرکزی تنظیموں اور قائدین کی کال پر بلوچستان بھر کی سڑکوں پر سراپا احتجاج ہوں گے حکومت نے اقتدار میں آنے کے بعد ہر شعبے کی طرح تاجروں کو دیوار کے ساتھ لگانے کے لئے ڈیجیٹل انوائسز کی شرط عائد کی ہے اور حکومت کی جانب سے ایف بی آر کو کسی بھی تاجر کی گرفتاری کا اختیار دینے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ایف بی آر کرپشن کا گڑھ بن چکا ہے اور حکمران آئے روز تاجروں پر اس طرح کے کالے قانون لاگو کرکے معیشت اور ملک کا بیڑا غرق کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تاجروں پر مزید ٹیکس لگانے کی بجائے ایف بی آر کے ملازمین کے اثاثوں کو چیک کروائے حکومت نے ان اندھے قوانین کو واپس نہ لیا تو ملک کے سوا کروڑ تاجروں کے ساتھ ملکر بلوچستان کے لاکھوں تاجر سراپا احتجاج ہوں گے ان ٹیکسوں کی وجہ سے تاجروں کے ساتھ ساتھ زمیندار، صنعت کار بھی ڈوب گئے ہیں اور حکمرانوں کو ان تینوں شعبوں کے ڈوبنے اور معیشت کی تباہی سے کوئی سروکار نہیں اس وقت ہمارا ایسا نمائندہ نہیں جو ہماری آواز اٹھائے اس ملک میں جو بھی وزیراعظم آتا ہے وہ ایف بی آر کو ٹھیک کرنے کا کہتا ہے لیکن ایف بی آر کو ٹھیک کرنے کی بجائے تاجروں اور عوام پر مزید ٹیکسز کا بوجھ ڈال کر ان کا خون چوستے ہیں

بقیہ 19 عالیہ حمزہ دھمکی

آرگنائزر نے 5 اگست کو احتجاج نہ کرنے پر عہدہ چھوڑنے کی دھمکی دے دی، ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کے عبوری چیئرمین بیرسٹر گوہر، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور سمیت دیگر مرکزی رہنما 90 دن میں فائنل احتجاج کی کال پر قائم ہیں تاہم پنجاب کی چیف آرگنائزر عالیہ حمزہ 5 اگست کو فائنل کال کے موقف پر ڈٹ گئیں، عالیہ حمزہ نے کہا پارٹی کو 5 اگست کے احتجاج پر قائم رہنا چاہیے، پنجاب کی تنظیم اور عہدیداروں کو 5 اگست کے احتجاج کی تیاریوں کی ہدایت بھی کردی۔

بقیہ 20 اوگرا

کیلئے 1.72 ڈالرفی ایم ایم بی ٹی یو کمی کی گئی جس کے بعد آر ایل این جی کی نئی قیمت 11.57 ڈالرفی ایم ایم بی ٹی یو مقرر کردی گئی، سوئی سدرن کیلئے آر ایل این جی کی قیمت میں 2.68 ڈالرفی ایم ایم بی ٹی یو کمی کی گئی جس کے بعد آر ایل این جی کی نئی قیمت 10.57 ڈالرفی ایم ایم بی ٹی یو مقرر کردی گئی۔

بقیہ 21 ریحام خان

کا اعلان کردیا، ریحام خان نے اپنی سیاسی جماعت کا نام پاکستان ریپبلک پارٹی رکھا، صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ریحام خان نے کہا نئی سیاسی جماعت عوام کی آواز بن کر حکمرانوں کا پیچھا کرے گی، پاکستان ریپبلک پارٹی عوامی مسائل کے حل کے لئے بھرپور جدوجہد کرے گی

بقیہ 22 بیرسٹر گوہر

کی وضاحت کرتے ہوئے کہا انہوں نے روٹین کی بات کی، مطلب تھا 90 دن میں کچھ نہ کچھ ہوجائے گا، آر ہوگا یا پار، بانی پی ٹی آئی عمران خان کی کال پر تحریک کا آغاز ہو چکا، عروج 5 اگست ہی ہوگا، اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا علی امین گنڈاپور خان صاحب کے کھلاڑی ہیں اور ان کے کہنے پر ہی پارٹی امور کیساتھ ساتھ حکومتی امور بھی چلا رہے ہیں، پارٹی میں کوئی اختلاف نہیں

بقیہ 23 چھان بین کا فیصلہ

اور تاجروں کو نوٹسز جاری کرے گا، ادارہ اگر جواب سے مطمئن نہ ہوا تو پھر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، ذرائع کے مطابق آمدن کے مطابق ٹیکس نہ دینے والوں میں مختلف مارکیٹ کے صدور، چیمبر اور فیڈریشن کے موجودہ اور سابق عہدیدار شامل ہیں، ایف بی آر نے تاجروں کے شاہانہ رہن سہن کا ڈیٹا اکٹھا کرلیا۔

بقیہ 24 جیل انتظامیہ

میسر نہیں، حاصل سہولیات میں خوراک، مطالعہ کتب و اخبارات سمیت ورزش اور واک شامل ہیں، بانی پی ٹی آئی کو ایکسرسائز سائیکل، ایل ای ڈی کی سہولت بھی میسر ہے، اپنے احاطے کے کھلے صحن میں 2 گھنٹے روزانہ ایکسرسائز کرتے ہیں، جیل انتظامیہ کے مطابق جیل میں متعین ڈاکٹر بانی پی ٹی آئی کا طبی معائنہ کرتے ہیں، تمام اعضا رئیسہ کا معائنہ کیا جاتا ہے، 2 ہفتوں میں بانی پی ٹی آئی کو کسی قسم کی بیماری یا عارضہ رپورٹ نہیں ہوا، 3 مہینوں میں 66 خواتین و حضرات نے ملاقاتیں کیں، پارٹی لیڈرز، فیملی ممبرز اور وکلا شامل تھے، 2 سال میں بانی پی ٹی آئی عالمی میڈیا سے بھی انٹریکشن کرچکے، جیل سے مین سٹریم میڈیا، اخبارات سے مخاطب ہوتے رہے، حکومت سے مذاکرات، 26 ویں آئینی ترمیم پر بھی بانی پی ٹی آئی نے ہدایات جاری کیں، جیل سے جاری بیانات 45 مرتبہ اہم سرخیوں میں شامل ہوئے، انتظامیہ نے کہا 2 سال میں بانی پی ٹی آئی عالمی میڈیا سے بھی انٹریکشن کرچکے، سوشل میڈیا اور میڈیا پر آئی افواہوں میں کوئی صداقت نہیں، سستی شہرت حاصل کرنے کیلئے سنسنی پھیلائی جارہی ہے، جیل میں بانی پی ٹی آئی کیساتھ کوئی امتیازی سلوک نہیں کیا جارہا۔

بقیہ 25 جمشید دستی

جاری کرکے جمشید دستی کیخلاف سپیکر قومی اسمبلی کے ریفرنس منظور کرلیا، جمشید دستی کی نااہلی کیلئے 2 درخواستیں منظور کرلی گئیں، رکن قومی اسمبلی جمشید دستی کی تعلیمی اسناد جعلی قرار دیدی گئیں۔

بقیہ 26 پولیو وائرس

نشاندہی نہیں ہوئی۔ پولیو ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے اعدادوشمار کے مطابق ستمبر 2024 سے بلوچستان بھر کے 23 سائٹس میں سے 19 سائٹس کے ماحول میں پولیو وائرس کی موجودگی میں 83 فیصد کمی آئی ہے۔ پولیو ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے حکام کہتے ہیں کہ بلوچستان میں رواں برس پولیو کا کوئی بھی کیس سامنے نہیں آیا صوبے میں پولیو کا آخری کیس سال 2024 کے نومبر میں ضلع قلعہ عبداللہ سے رپورٹ ہوا تھا۔

بقیہ 27 لوکل کونسلز

3 اگست 2025 کو ہوگی۔ اس سلسلے میں ریٹرننگ آفیسرز نے ضمنی انتخابات کے لیے امیدواروں کو انتخابی نشانات الاٹ کرکے ان کی حتمی فہرست شائع کردی ہے۔

بقیہ 28 عمرایوب

، عدالت نے اپوزیشن لیڈر کی مقدمات میں عبوری ضمانتیں خارج کردیں اور عمر ایوب کو گرفتار کرکے پیش کرنے کا حکم دے دیا، اے ٹی سی نے رہنما پی ٹی آئی اور کونسل کی عدم پیروی پر ضمانتیں خارج کیں۔

بقیہ 29 عرفان صدیقی

عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ حکومت کی از خود تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان سے رابطہ کرنے کی کوئی ضرورت ہے، نہ وہ ایسا ارادہ رکھتی ہے۔ عمران خان آج جہاں بیٹھے ہیں اس میں حکومت کا کوئی عمل دخل نہیں، ہم نے ان پر چرس، ہیروئن یا ایفیڈرین جیسا کوئی جھوٹا مقدمہ نہیں بنایا، وہ ٹھوس مقدمات کی وجہ سے جیل میں ہیں اور عدالتی چارہ جوئی کے عمل سے گزر رہے ہیں۔ ان کے دور میں نواز شریف سمیت درجنوں لیڈر جیلوں میں تھے، خان صاحب نے کبھی کسی کا حال پوچھا؟ وزیراعظم شہباز شریف کئی بار پی ٹی آئی کو مذاکرات کی پیشکش کرچکے ہیں، یہ پیشکش آج بھی موجود ہے لیکن مسئلہ یہ ہے کہ پی ٹی آئی مذاکرات اور جمہوری رویوں یا مثبت پارلیمانی کردار کیلئے نہیں، صرف سڑکوں پر ہنگامے اور فساد کے لیے بنی ہے۔ یہ بات سینیٹر عرفان صدیقی نے نجی ٹی وی میں اینکر کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کے جیل میں ہونے کے باوجود حکومت اور ریاست کے تمام معاملات آئین اور قانون کے مطابق چل رہے ہیں، معیشت ترقی کر رہی ہے، خارجہ تعلقات میں بہت بہتری آرہی ہے، [illegible] ہیں، ملک میں کسی طرح کا کوئی بحران نہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کو ہم نے کسی مصنوعی مقدمے میں جیل میں نہیں ڈالا، سب کچھ ان کا اپنا کیا دھرا ہے اور اب اپنے راستے میں پتھر بھی وہ خود ہی ڈال رہے ہیں۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ اگر ایک ہی دن پانچ افراد جیل میں عمران خان سے مل کر آئیں تو باہر آکر ہر ایک الگ کہانی سناتا اور الگ خبر دیتا ہے، جو سب ایک دوسرے کے الٹ ہوتی ہے۔ پی ٹی آئی کی تحریک کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ پی ٹی آئی تو اپریل 2022 سے تحریک چلا رہی ہے، جسے اب تین سال سے زیادہ عرصہ ہو گیا ہے۔ اس دوران اس نے 9 مئی بھی کرلیا، کسی نئی تحریک پر نکلنے سے پہلے وہ سوچ لیں کہ سوا تین سال کی تحریک نے انہیں کیا دیا؟ اب اگر اس کے اسلحہ خانے میں کوئی ہتھیار باقی رہ گیا ہے تو وہ بھی استعمال کرلیں نتیجہ وہی نکلے گا جو اس کے سوا تین سالہ تحریک کا نکلا۔ ایک اور سوال کے جواب میں کہ تحریک کی ناکامی کی صورت میں علی امین گنڈاپور نے مستعفی ہو جانے کا اعلان کیا ہے، سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ ان کے استعفے سے پاکستان کی صحت پر کیا اثر پڑتا ہے؟ بہتر ہے وہ ابھی سے استعفیٰ دے دیں۔ ایک اور سوال کے جواب میں سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ وقت آنے پر میاں محمد نواز شریف سیاست اور وقت کے تقاضوں کے مطابق متحرک کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 30 کارروائی روک دی

کو ہدایت کی اپوزیشن کے خلاف مزید کارروائی نہ کی جائے، اپوزیشن کے 10 معطل ارکان سے توڑ پھوڑ کے الزام میں جرمانہ وصولی کی کارروائی اور تنخواہوں سے جرمانے کی رقم کاٹنے کا عمل بھی روک دیا گیا، اپوزیشن کے مزید 9 چیئرمینوں کو عہدوں سے ہٹانے کے لیے عدم اعتماد کی تحاریک بھی روک دی گئیں تاہم اپوزیشن کے 4 چیئرمین کو عہدوں سے پہلے ہٹایا جاچکا ہے۔

بقیہ 31 پی آئی اے کی نجکاری

صدارت میں ہونے والے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے نجکاری کے اجلاس کو نجکاری کمیشن کے سیکرٹری عثمان باجوہ نے بریفنگ دی، عثمان باجوہ نے بتایا حکومت کا مقصد ہے پی آئی اے کی نجکاری سال 2025 کی آخری سہ ماہی تک مکمل کر لی جائے، تاہم جب تک سرمایہ کار مکمل طور پر مطمئن نہ ہوں کوئی فیصلہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 32 مون سون بارشیں

اب تک 7 بچوں اور 4 خواتین سمیت 16 افراد جاں بحق جبکہ 5 مردوں سمیت 8 افراد زخمی ہو چکے ہیں۔ صوبے میں اب تک سب سے زیادہ 6 اموات خضدار میں ہوئی ہیں جبکہ ژوب میں 4، موسیٰ خیل میں 2 اور کوہلو، لسبیلہ، زیارت، لورالائی میں ایک ایک اموات ہوئی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق صوبے میں اب تک 58 مکانات کو نقصان پہنچا ہے جن میں 11 مکمل جبکہ 47 جزوی طور پر متاثر ہوئے ہیں، مون سون بارشوں سے اب تک 4 سرکاری املاک کو نقصان پہنچا ہے جن میں تین ریونیو دفاتر اور ایک محکمہ تعلیم کی عمارت شامل ہے۔

بقیہ 33 ایرانی صدر

طرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا، محسن نقوی نے ایرانی صدر مسعود پزشکیان کو جنگ میں فتح کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا سپریم لیڈر سمیت پوری ایرانی قوم نے جارحیت کے خلاف ڈٹ کر مقابلہ کیا، خامنہ ای کی دانشمندانہ قیادت اور آپ کی بہترین حکمت عملی نے جنگ میں فیصلہ کن کردار ادا کیا، پاکستان کی پارلیمنٹ نے ایران پر جنگ مسلط کرنے کیخلاف مذمتی قرارداد منظور کی، پاکستان کی پارلیمنٹ نے ایران کے اپنے دفاع کے جائز حق کی حمایت کی، وزیر داخلہ نے وزیراعظم کا ایرانی صدر کو نیک خواہشات و احترام کا پیغام پہنچایا، ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا پاکستان کیساتھ اپنے تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتے ہیں، پاکستان نے جنگ کے دوران جس طرح ساتھ دیا وہ کبھی نہیں بھول سکتے، اسلامی ممالک کے درمیان اتحاد و ہم آہنگی ناگزیر ہے، صیہونی حکومت مسلم ممالک کے درمیان تقسیم اور کمزوری پیدا کرنے کی کوشش کررہی ہے، مسلم حکومتیں اسلامی اتحاد کی اہمیت سمجھ جائیں تو صیہونی حکومت کیخلاف متحد محاذ بنا سکتی ہیں، مسعود پزشکیان نے ایران، پاکستان کے درمیان موجودہ دوطرفہ تعلقات پر اطمینان کا اظہار کیا اور دونوں ممالک میں جامع تعاون وسیع کرنے کیلئے سفارتی تبادلوں و تعمیری مکالمے کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ 34 وفاقی وزیر

سطحی وفد بھی موجود تھا۔ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ، ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے بلوچ و دیگر حکام نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ وفد نے گوادر میں چائنا بزنس سینٹر کا دورہ کیا جہاں چیئرمین جی پی اے نورالحق بلوچ نے گوادر پورٹ، فری زون، گوادر انٹرنیشنل ٹرمینل اور دیگر ترقیاتی منصوبوں پر مفصل بریفنگ دی۔ منصوبوں کی پیشرفت پر وفاقی وزیر نے اطمینان کا اظہار کیا اور مزید بہتری کی ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 35 اقتدار خطرے میں

میڈیا نے دعویٰ کیا شاس پارٹی حکومتی اتحاد سے علیحدگی اختیار کرنے کی تاہم پارٹی کے ترجمان نے کہا وہ اب بھی اپنی قیادت و کونسل آف تورہ اسکالرز کی ہدایات کی منتظر ہے، شاس کی مذہبی قیادت کا اجلاس بدھ یا جمعرات کو متوقع ہے جس کے بعد حکومت سے علیحدگی کا حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔

بقیہ 36 عبوری ضمانت

میں سلمان اکرم راجہ کی عبوری ضمانت میں 19 جولائی تک توسیع کی گئی، عدالت نے آئندہ تاریخ پر سلمان اکرم راجہ کو پیش ہونے کا حکم دیدیا۔

بقیہ 37 پاکستان ریلویز

ملت ایکسپریس، بہاؤالدین زکریا ایکسپریس، سبک خرام، تھل ایکسپریس، راول ایکسپریس، بدر ایکسپریس، غوری ایکسپریس، راوی ایکسپریس، موئن جوڈرو پسنجر اور فیض احمد فیض پسنجر شامل ہیں ان ٹرینوں کی ٹکٹنگ بھی 12 اگست سے کھولی جائے گی۔

بقیہ 38 ثناء اللہ مستی خیل

ہوا۔ رکن پی اے سی ثناء اللہ مستی خیل نے مطالبہ کیا کہ ارکان پارلیمنٹ اور گریڈ 22 افسران کی مراعات، تنخواہوں کی تفصیلات بھی دی جائیں، جرنیلوں اور سپریم کورٹ ججز کو حاصل مراعات اور تنخواہوں کا بھی بتایا جائے، ان کا کہنا تھا کہ ہمیشہ کے لیے دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے، ثناء اللہ مستی خیل کا مطالبہ سن کر چیئرمین پی اے سی اور دیگر ارکان مسکرا دیئے، انہوں نے چیئرمین کمیٹی سے کہا کہ آپ ڈائریکشن دیں، کیا آپ بھی ڈرتے ہیں؟ اس سے پتہ چل جائے گا کہ سیاستدان یا دوسرے کتنے کرپٹ ہیں؟ میں یہ مطالبہ کرنے پر کوئی نتیجہ بھگتنے کو تیار ہوں، اس پر چیئرمین کمیٹی جنید اکبر نے کہا کہ میں نے توشہ خانہ کا ریکارڈ منگوایا تھا لیکن صرف ارکان پارلیمنٹ کا مہیا کیا گیا، دوسروں کا نہیں، مجھے کہا گیا کہ وہ تحفے سیدھے گھروں کو لیجاتے ہیں لہٰذا میں نے اسے پبلک نہیں کیا۔

بقیہ 39 پارلیمنٹ

ریکوڈک، آج کی اسمبلی نے باقی ماندہ وسائل کو نیلام کیا، تاریخی لوٹ مار میں شامل سیاسی مجرموں کا راستہ نہ روکا گیا تو صوبے کے لوگوں کو اس محکومی، غلامی اور غربت سے نکلنے میں مزید صدیاں لگیں گی یہ بات انہوں نے منگل کے روز سراوان ہاؤس میں مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہی نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے مزید کہا کہ قوموں کے سنجیدہ اور درد دل رکھنے والے لوگ اپنے قومی معاملات پر اجتماعی اصول طے کرکے قوموں کو مزید بحرانوں اور نقصانات سے بچاتے ہیں آج وقت ہے کہ قومی سرزمین پر بلوچستان کے لوگ اپنی سرزمین کے معاملات خود حل کریں نہ کہ کسی معجزے کا انتظار کریں، انہوں نے کہا کہ آج اس سرزمین کے لوگوں کو بہت سے بڑے مسائل اور چیلنجز کا سامنا ہے اگر 28 دسمبر 2021 کو بلوچستان اسمبلی کے ہونے والے پراسرار ان کیمرہ اجلاس میں ریکوڈک کو فروخت کرنے کی بجائے اس پراسرار اجلاس میں شریک سیاسی جماعتیں ریکوڈک کو آئندہ نسلوں کی امید اور خوشحالی کا ذریعہ سمجھتے ہوئے خفیہ ڈیل نہ کرتیں تو آج کی اسمبلی مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پاس کرکے اس سرزمین کے ذرہ ذرہ کو فروخت نہ کرتی اس تاریخی لوٹ مار میں شامل سیاسی مجرموں کا راستہ انتہائی نظام، جبر اور بدامنی سے متاثرہ بلوچستان کے لوگوں کو ہی روکنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں بلوچستان کی سیاسی جماعتیں مصلحتوں کا شکار ہیں، ایسے وقت میں جب بلوچستان کو حقیقی نمائندگی کی ضرورت ہے سیاسی جماعتوں نے مقتدرہ کے پسندیدہ لوگوں کو اپنی صفوں میں شامل کرکے انہیں سیاسی کارکنوں پر ترجیح دی ہے یہاں تک کہ غیر مقامی اور غیر ملکی باشندے بھی یہاں پارلیمنٹ میں بیٹھے ہیں، ایسے میں بلوچستان کے ہر شخص کو آئندہ نسلوں کے وقار، عزت کیلئے اپنا کردار ادا کرتے ہوئے بلوچستان کے حقوق کا دفاع پارلیمنٹ سے باہر کرنا ہوگا

بقیہ 40 دل آزاری

فوری طور پر سوشل میڈیا پر اس طرح کے گستاخانہ عمل کی روک تھام کو یقینی بناکر اس میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کرکے انہیں قانون کے کٹہرے میں لائے بصورت دیگر ہم اس کے خلاف عدالت سے رجوع اور احتجاج کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں اپنے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ محرم الحرام کے بابرکت مہینے میں ملک بھر کی طرح بلوچستان کے مختلف علاقوں میں صحابہ کرام اور اہل بیت سمیت دیگر کی شان میں گستاخی کی گئی اور سوشل میڈیا پر اس کا پرچار کیا گیا جس کے خلاف ہم نے آواز اٹھائی لیکن اس کے سدباب کو یقینی بنانے کیلئے وہ اقدامات نہیں اٹھائے گئے جس کی ضرورت تھی انہوں نے کہا کہ حکومت وفاقی اور صوبائی سطح پر سوشل میڈیا پر صحابہ کرام اور اہل بیت کی شان میں گستاخی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کرکے انہیں منطقی انجام تک پہنچائے تاکہ انصاف کے تقاضے پورے ہوں اور مسلمانوں میں پائی جانے والی تشویش دور ہو کیونکہ اس عمل سے مسلمانوں کی دل آزاری ہوئی ہے

بقیہ 41 فرائض کی انجام

کے فیصلے کرنے کا اختیار آج بھی اس سیمینار میں بیٹھنے والوں کو حاصل ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان کے قیام کو 78 سال جبکہ پشتون، بلوچ یہاں ہزاروں سال سے آباد اور اپنی تاریخ، ثقافت، زبان اور اعلیٰ روایات رکھتے ہیں، ملک کو معاہدے کے تحت بنایا گیا اور اس کے لئے 1940 کی قرارداد کو پیش کی گئی لیکن بدقسمتی سے اس قرارداد و مقاصد سے انحراف کیا گیا انہوں نے کہا کہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کا قیام اور اس کا مقصد آئین کو تحفظ دینا ہے، آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری ہو، ہر ادارہ پارلیمنٹ، فوج، عدلیہ اپنے آئینی حدود میں رہ کر اپنے فرائض کی انجام دہی کرے۔

بقیہ 42 دلچسپی کا اظہار

شو 18 جولائی سے 20 جولائی تک آر اے ایف فیئر فورڈ میں منعقد ہوگا شو میں پاکستان کی جے ایف 17 کے علاوہ سی 130 اور آئی ایل 78 طیارے حصہ لے رہے ہیں اور یہ پہلا موقع ہے کہ جے ایف 17 تھنڈر کسی انٹرنیشنل شو میں حصہ لے رہا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار محمد عبدالقادر نے کہا کہ نمائش کے موقع پر پاکستان کا جے ایف 17 تھنڈر خصوصی توجہ کا مرکز رہے گا پاک بھارت جنگ کے دوران غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے جے ایف 17 تھنڈر کی خریداری کیلئے مختلف ممالک گہری دلچسپی کا اظہار کر رہے ہیں

بقیہ 43 سرگرمیاں بڑھتی

میں غیر ضروری پوسٹیں ختم کردی گئیں جن سے سالانہ 1.638 ارب روپے کی بچت ہوگی اسی طرح محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ میں مالی سال 2024-25 میں واٹر سپلائی کی 843 سکیمیں کامیابی کے ساتھ مکمل کی گئیں، جن میں 431 نئی سکیمیں اور 412 جاری سکیمیں شامل ہیں فیز-I کے تحت موجودہ واٹر سپلائی سکیموں کی سولرائزیشن پر منتقل ہو چکی ہے بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں 4 RO واٹر فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب مکمل ہو چکی ہے اور صوبے بھر میں 100 غیر فعال واٹر فلٹریشن پلانٹس کی بحالی کی گئی اس موقع پر چیف سیکرٹری نے کہا کہ ترقیاتی منصوبے جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہوتے ہیں جس سے عوام کو بہتر اور بنیادی سہولیات میسر آتی ہیں ان منصوبوں کی تکمیل سے معاشی سرگرمیاں بڑھتی ہیں

بقیہ 44 ناگزیر

کو عوام کی دہلیز تک پہنچانے کیلئے آئین کے آرٹیکل 140-A کی پیروی میں تعمیر و ترقی کی راہ کو ہموار کرنے کی خوشگوار ابتداء کی گئی ہے اسی طرح ضلع و ڈویژن و صوبائی سطح پر قابلیت و دیانت داری کو محور بنا کر حالیہ انتظامی تبدیلیاں بالخصوص سب سے بڑے محکمہ تعلیم کو ترجیحی بنیادوں پر فوقیت دینا خوش آئند ثابت ہوسکتا ہے اسی طرح فورسز کی سٹرکچر وفعال و مستعد بنانے کا آغاز کرکے عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے اقدامات بھی قابل توجہ ہیں تاہم صوبے کے وسائل و ساحل پر عوام کی دسترس کو کینیڈا اور امریکہ کی طرز پر صوبے یا مقامی سطح پر اختیارات کی منتقلی وقت کی ضرورت ہے اسی طرح صوبے میں دائمی امن و آشتی کی بحالی کیلئے عوام و ریاست کے درمیان تناؤ کے خاتمے کیلئے سنجیدہ و نتیجہ خیز مذاکرات کو سرعت کے ساتھ آگے بڑھانا ہوگا جس سے عوام کا ریاست پر اعتماد بڑھے اور لوگ اپنی جان و مال و عزت و آبرو کو محفوظ سمجھیں اس مقصد کے لئے تمام طبقات و سیاسی و متحارب قوتوں کے درمیان خلیج کو قطر فارمولے کے تحت فریقین کو ایک ٹیبل پر بٹھانا ہوگا تب صوبے میں امن و آشتی، تعمیر و ترقی کا عمل تیز تر ہوسکے گا اور ریاست ایک انتظامی ڈھانچہ و تخت گیر رویہ کا حامل نہیں بلکہ دھرتی ماں جیسی محبت کی آغوش کا آنگن بنے تا کہ ناگزیر کا کردار ادا کرے۔

بقیہ 45 ڈیجیٹل اسکلز

درجنوں طالبات نے شرکت کی سیمینار میں خصوصی طور پر ورچوئل شرکت کرنیوالے ملک کے معروف آئی ٹی اور آرٹیفیشل انٹیلیجنس ماہر قیصر رونجھا نے طالبات کو جدید تقاضوں کے مطابق ڈیجیٹل اسکلز، مصنوعی ذہانت کے عملی اطلاق، اور کاروباری مواقع پر تفصیلی تربیت فراہم کی وہ اردو سے اے آئی (اردو سے آئی) کے بانی ہیں، جس کا مقصد نوجوانوں کو قومی زبان میں ٹیکنالوجی کی تعلیم دینا ہے تاکہ زبان کی رکاوٹ تعلیم و ترقی کی راہ میں حائل نہ ہو قیصر رونجھا نے اپنے سیشن میں طالبات کو نئی ٹیکنالوجی کے میدان میں عالمی سطح پر ہونے والی پیش رفت، اسکلز ڈیولپمنٹ، اور ڈیجیٹل معیشت میں نوجوانوں کے ممکنہ کردار سے متعلق مفید معلومات فراہم کیں شرکاء نے ان کے سیشن کو نہایت مفید، بصیرت افروز اور عملی طور پر فائدہ مند قرار دیا۔ شاذ زیب نے ڈیجیٹل مارکیٹنگ اور ماہین بلوچ نے دو ماہ انٹرپرینیورشپ پر تربیت فراہم کی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی مشیر برائے تکمیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے کہا کہ نوجوان، بالخصوص لڑکیاں ہماری آبادی کا اہم حصہ ہیں جنہیں وقت کے تقاضوں کے مطابق ہنر اور علم سے لیس کرنا وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ ہماری آدھی آبادی خواتین پر مشتمل ہے، لیکن بدقسمتی سے ان کی شرکت قومی ترقی میں بہت کم ہے ہم اس وقت تک ترقی نہیں کرسکتے جب تک ہماری بیٹیاں معاشی، تعلیمی اور سماجی میدانوں میں پیچھے ہوں ہمیں انہیں بااختیار بنانا ہے، ڈیجیٹل اسکلز سے آراستہ کرنا ہے

بقیہ 46 سیکرٹری کو آگاہ

تگ افسر انجینئر شعیب کی سربراہی میں ٹیم نے لیڈا کا دورہ کیا اور بلوچستان میں صنعتی شعبے کی ترقی وفروغ کے حوالے سے حب اسپیشل اکنامک زون پراجیکٹ سے متعلق اجلاس کی صدارت کی اجلاس میں ایم ڈی لیڈا لیاقت کاشانی نے وفاقی جوائنٹ سیکرٹری کو پراجیکٹ پر پیشرفت سے متعلق بریفنگ دی بریفنگ میں بتایا گیا کہ 75 فیصد فزیکل 65 فیصد فنانشل پروگریس کیساتھ منصوبے پر کام جاری ہے ایم ڈی لیڈا نے بریفنگ میں بتایا کہ حب اسپیشل اکنامک زون منصوبے کے تحت چار سو چھیاسی ایکڑ رقبے پر 65 نئی صنعتی فیکٹریاں وئیر ہاؤسز اور 4 کمرشل سیکٹر کے یونٹس قائم ہونگے صنعتی ترقی کے ان منصوبوں کی بدولت روزگار کے نئے مواقع پیدا ہونگے اجلاس میں ہر منصوبے کی بروقت تکمیل اور دیگر مسائل کے حوالے سے بھی وفاقی جوائنٹ سیکرٹری کو آگاہ کیا گیا

بقیہ 47 پولیس گردی

سلمان احمد ولد عبدالقدوس قوم زہری کے نام سے ہوئی مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

بقیہ 48 بلوچستان امن

سزادلوائی جائے اپنے جاری کردہ بیان میں سابق وزیرداخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ 11 سالہ معصوم مصور خان کاکڑ کے اغواء اور بہیمانہ قتل میں ملوث ملزم کی گرفتاری سی ٹی ڈی سمیت دیگر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز گوریہ اور ان کی ٹیم کی کامیاب کارروائی اور اس گھناؤنے عمل میں ملوث ملزم کی گرفتاری کا عمل قابل ستائش ہے گرفتار ملزم کے اعترافی بیان میں ملزم اس درندگی کا اعتراف کررہا ہے میری سی ٹی ڈی اور دیگر سیکورٹی فورسز سے یہی امید ہوگی کہ وہ اس اندوہناک واقعہ میں ملوث دیگر افراد کو بھی فوری گرفتار کرکے نہ صرف انصاف کے کٹہرے میں کھڑا کریں بلکہ انہیں عبرتناک سزا بھی دی جائے تاکہ ایسے واقعات کی سرکوبی ممکن ہو سکے انہوں نے کہا کہ اعتزاز گوریہ کی سربراہی میں جس طرح سے سی ٹی ڈی نے امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے قلع قمع کرنے میں قربانیاں دی اسی طرح سے وہ دن دور نہیں جب سیکورٹی فورسز کی بدولت بلوچستان امن کا گہوارہ بنے گا۔

بقیہ 49 ریکوری نوٹس

، سپریم کورٹ نے نجی کمپنی کے خلاف 2 ارب 92 کروڑ روپے کے انکم ٹیکس ریکوری کا نوٹس معطل کردیا، دوسری کمپنی پر ایک ارب 88 کروڑ روپے کی ود ہولڈنگ ٹیکس وصولی کی کارروائی بھی کالعدم قرار دیدی، عدالت نے کہا سیکشن 140 کے تحت بینکوں کو فوری ادائیگی کے نوٹس دینا خلاف قانون ہے، ریکوری سے قبل ٹیکس افسر کو اپیل کا فیصلہ ٹیکس گزار کو باقاعدہ موصول ہونا چاہئے، قانون کے مطابق مناسب وقت دیا جائے تا کہ اسی دن ادائیگی کی شرط ہے، ریکوری سے پہلے قانونی حقوق، شنوائی و وقار کا تحفظ ضروری ہے۔

بقیہ 50 منصوبوں کا جائزہ

کیا جائے اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ دورے کے دوران محکمہ بی اینڈ آر (بلڈنگز اینڈ روڈز) ڈیپارٹمنٹ کے اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینئر (ایس ڈی او) محمد طاہر نے کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی، جس میں مختلف منصوبوں کی نوعیت، بجٹ، تکمیل کی مدت اور اب تک کی پیش رفت پر روشنی ڈالی گئی۔ محکمہ کے ایگزیکٹو انجینئر (ایکسین) حاجی محمد سعود خان بھی اس موقع پر موجود تھے، جنہوں نے فیلڈ میں جاری ترقیاتی کاموں کے تکنیکی پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ کمشنر شاہ زیب خان کاکڑ نے ضلع قلعہ عبداللہ کے مختلف علاقوں میں تعمیراتی کاموں کا خود معائنہ کیا، جن میں سڑکوں کی تعمیر، سرکاری عمارتوں کی مرمت و توسیع، اور دیگر انفراسٹرکچر کے منصوبے شامل تھے

بقیہ 51 م میروانی سکنہ سوراب

لیویز عملے نے بروقت پہنچ کر ایمبولینس پہنچ اور موبائل لیویز فورس پہنچ کے ذریعے نعشوں اور زخمیوں کو فوری طور پر ڈی ایچ کیو ہسپتال قلات منتقل کر دیا گیا جہاں پر زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی گئی جاں بحق ہونے والوں میں علی حسن ولد نبی بخش قوم سلائی سکنہ گدر سوراب اور لکیر خان ولد محمد علی قوم سلائی سکنہ چپر قلات حال گدر سوراب جبکہ زخمیوں میں محمد اسحاق ولد محمد یوسف قوم شیخ سکنہ خضدار رحمت اللہ ولد محمد خان قوم میروانی سکنہ سوراب شامل ہیں۔

بقیہ 52 ہرممکن تعاون

کہ بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن کا کردار ماند پڑ چکا ہے جسے موثر اور فعال بنانے کے لئے تمام اپوزیشن جماعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنا ناگزیر ہے ملاقات میں عوامی مسائل، حکومتی کارکردگی پر تنقید اور اپوزیشن کی حکمت عملی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا میر یونس عزیز زہری نے اس موقع پر کہا کہ بلوچستان کے عوام اس وقت بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، اور حکومتی خاموشی نے ان کے مسائل میں مزید اضافہ کر دیا ہے اپوزیشن کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایوان میں عوام کی آواز بنے اور حکومت کو جواب دہ بنانے کے لئے بھرپور کردار ادا کرے۔ بی این پی عوامی کے قائد میر اسد اللہ بلوچ نے اپوزیشن لیڈر کی تجاویز سے اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں پائیدار جمہوریت اور عوامی مفادات کے تحفظ کیلئے اپوزیشن کا متحد ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ ان کی جماعت اپوزیشن کی فعالیت کیلئے ہرممکن تعاون فراہم کرے گی۔

بقیہ 53 لیناہماری ذمہ داری

شعیب نوشیروانی نے کہا کہ عوامی مسائل کا حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے خاران میں ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے اور ہم اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ تمام منصوبے بروقت اور شفاف انداز میں مکمل ہوں انہوں نے کہا کہ تعلیم، صحت اور پانی جیسے بنیادی منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے اور ان مسائل کے دیرپا مستقل حل کے لئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں امن و امان کے قیام کیلئے ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے متحرک ہیں اور عوام کے تعاون سے خاران کو ایک پرامن اور ترقی یافتہ ضلع بنانا میری ذاتی کاوش ہے صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی نے مزید کہا کہ پارٹی کارکنان اور عوامی نمائندے ہمارے لئے بہت اہمیت رکھتے ہیں اور ان کی تجاویز اور شکایات کو سنجیدگی سے لینا ہماری ذمہ داری ہے۔

بقیہ 54 گھر گھر تک پہنچائیں

بیج کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی اسلامی و نظریاتی تشخص کی حفاظت اور قومی وحدت کے لئے جمعیت علماء اسلام نظریاتی ملک میں سیاسی جدوجہد کررہی ہے ہم انسانیت کی خدمت اور دین کی اشاعت اور تبلیغ کے ساتھ ساتھ سیاسی میدان میں بھی اپنا کردار ادا کررہے ہیں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رکنیت سازی مہم کی کامیابی کے لئے تمام ورکرز دن رات ایک کریں ہر پانچ سال بعد رکنیت سازی دستوری تقاضا ہے موروثیت کی سیاست کے خاتمے کے لئے نظریاتی بنیادوں پر قوم کو دعوت دیں جماعتی منشور کو گھر گھر تک پہنچائیں

بقیہ 55 قاصر ہے جس

میں، ایرانی حکام نے پیٹرول مارکیٹ کو بفرزون کے اندر ایک محفوظ مقام پر منتقل کرنے کی تجویز پر اتفاق کیا ہے کیچ کے ڈپٹی کمشنر بشیر احمد بڑیچ کی کوششوں کی بدولت خطے میں تیل کی شدید قلت کو دور کرتے ہوئے ایران سے پیٹرولیم کی درآمدات کو دوبارہ شروع کرنے کے قابل بنایا گیا طویل فاصلے اور پسماندہ انفراسٹرکچر کی وجہ سے، پاکستان اسٹیٹ آئل (PSO) ایران کی سرحد سے متصل جنوبی بلوچستان کے اضلاع کو مناسب طریقے سے پیٹرولیم فراہم کرنے سے قاصر ہے جس کی وجہ سے ان اضلاع نے عرصہ دراز سے ایران سے درآمدات پر انحصار کیا ہے

بقیہ 56 نظرآرہی

کے صدر عارف کاکڑ، پلانٹ ایسوسی ایشن کے صدر حاجی فضل درانی اور حاجی امان اللہ خان کے ہمراہ پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں پارٹی کے سینئر سیکرٹری سید قادر آغا ایڈووکیٹ، صوبائی آفس سیکرٹری نداسنگر، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز سلیمان بازئی، پروفیسر اسد ترین، جمعہ خان زرکوں سے ملاقات کے دوران کیا وفد نے پارٹی رہنماؤں کو بتایا کہ حالیہ دنوں کوئٹہ کراچی شاہراہ پر، خصوصاً مستونگ اور کھڈ کوچہ کے علاقوں میں کرومائٹ سے بھرے ٹرکوں پر فائرنگ کے متعدد واقعات پیش آئے ہیں، جس پر مائنز مالکان کو سخت تشویش لاحق ہے ان کا کہنا تھا کہ حکومت ان حملوں کو روکنے میں مکمل طور پر ناکام نظر آرہی ہے

بقیہ 57 بلندکی ہے اور کرتے

ادارے بلوچستان میں آئینی قانونی ذمہ داری کے علاوہ سب کچھ کرتے ہیں ان حالات میں جماعت اسلامی نے 25 جولائی حقوق کے حصول لانگ مارچ ظلم وجبر اسلام آباد کے حکمرانوں کی بلوچستان سیاسی معاشی مداخلت کے خلاف لانگ مارچ کا فیصلہ کیا ہے آئے روز شاہراہوں پر ڈکیتیاں، ڈاکوں، ٹرکوں پر برسٹ مار کر ناکارہ بنانا اور سامان سمیت ٹرانسپورٹ گاڑیوں کو نذر آتش کرنے کا سد باب کیا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے امرائے اضلاع و ذمہ داران سے گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو پینے کا پانی، تعلیم، صحت اور روزگار جیسی بنیادی سہولیات سے محروم رکھا گیا ہے، جبکہ اسلام آباد کے مسلط کردہ طبقہ کرپشن اور اقتدار کی سیاست میں مصروف ہے امرائے اضلاع ذمہ داران اراکین 25 جولائی کو امیر صوبہ کی قیادت میں کوئٹہ سے اسلام آباد تک ہونے والے تاریخی لانگ مارچ میں بھرپور شرکت کرے جماعت اسلامی ہمیشہ اسمبلی کے اندر و باہر بلوچستان کے عوام کے حقوق کیلئے آواز بلندکی ہے اور کرتے رہیں

بقیہ 58 بھڑکانے کی کوشش

ہورہی ہے بلوچستان کی بعض سیاسی مذہبی جماعتوں نے بھی مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پاس ہونے میں ساتھ دیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے لوگوں کے روزگار کا دارومدار بارڈرز یا ایرانی تیل پر تھا حکومت اور اداروں نے ان بارڈرز کو بند اور ایرانی تیل پر پابندی لگا دی بلوچستان کے لاکھوں خاندانوں سے دو وقت کی روٹی چھین لی گئی انہوں نے کہا بلوچستان کے تمام سیاسی و مذہبی جماعتیں مل کر اس سال کے لئے اپنی پارٹیاں اور الیکشن چھوڑ کر بلوچستان کی آئینی حقوق کے حصول کے لئے یکجا ہوجائیں تاکہ ہم آئندہ نسلوں کے سامنے مجرم نہ ہوں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سوچی سمجھی سازش کے تحت بار بار فرقہ واریت، لسانیت اور قومیت کی آگ بھڑکانے کی کوشش کی گئی۔

بقیہ 59 بزنس ٹرین

منتقل ہوں گی، جدید بزنس ٹرین میں مسافروں کی سہولت کیلئے مفت وائی فائی اور بین الاقوامی معیار کے مطابق تیار کردہ ڈائننگ کار شامل ہوگی۔

بقیہ 60 سے روک دیا

کمال نے کہا کہ رواں سال پولیو کے 14 کیسز سامنے آئے ہیں جس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ پولیو ہمارے ماحول میں موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ویکسین کے حوالے سے غلط فہمیاں نہ جانے کیوں لوگوں کے ذہنوں میں بیٹھی ہیں، جس کو دور کرنے کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے آگاہ کیا کہ پولیو کے قطرے پلانے سے انکار کرنے والے والدین کو پولیس کے ذریعے گرفتار کرنے سے روک دیا ہے اور اس مسئلہ کا حل نکالنے کیلئے اقدامات کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پولیو کے مسئلہ پر میں خود وہاں گیا تھا، وہاں سے زیادہ تر ان علاقوں میں کیسز آئے جہاں ہماری رسائی نہیں تھی، پولیو کی ویکسین سے متعلق منفی پروپیگنڈا کیا جاتا ہے۔ سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پورے پاکستان کے اضلاع سے پولیو کے نمونے مثبت آرہے ہیں، اس کا مطلب ہے کہ ہمارے ماحول میں پولیو وائرس موجود ہے، جو پولیو کے قطرے پی رہے ہیں وہی لوگ محفوظ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پورے افغانستان میں قندھار کے علاوہ تمام صوبوں میں پولیو کی مہم جاری ہے۔

بقیہ 61 دوٹوک جواب

ہوا، ادھر ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے بھی اپنے بیان میں کہا ایران سفارتکاری، بامقصد بات چیت کا حامی ہے، سمجھتے ہیں مذاکرات کی راہ اب بھی کھلی ہے، سنجیدگی سے پرامن حل کی کوشش جاری رکھیں گے۔

بقیہ 62 اسرائیلی فوجی ہلاک

لہ سارجنٹ یولی فاکٹر شامل ہیں، تمام اہلکار 401 ویں آرمرڈ بریگیڈ کی 52 ویں بٹالین سے تعلق رکھتے ہیں، ٹینک کو حماس کے راکٹ پروپیلڈ گرینیڈ سے نشانہ بنایا گیا، فوجیوں کی ہلاکت کے بعد غزہ میں حماس کے خلاف زمینی آپریشن اور سرحد پر جاری کارروائیوں میں اسرائیل کے ہلاک ہونے والے فوجیوں کی تعداد بڑھ کر 454 ہوگئی۔

بقیہ 63 ای ویزا سہولت

، لاکھوں افراد پہلے ہی ای ویزا سسٹم کامیابی سے استعمال کرچکے ہیں، نئی سہولت سے وقت بچے گا اور پاسپورٹ اپنے پاس رکھ سکیں گے، ہائی کمشنر جین میریٹ نے کہا نئی ای ویزا امیگریشن سٹیٹس یا قیام کی شرائط پر اثرانداز نہیں ہوگا، ای ویزا طلبہ، گلوبل ٹیلنٹ، سپورٹس پرسنز اور سکلڈ ورکرز کیلئے متعارف کرایا ہے، عارضی کام، بزنس موبلیٹی اور یوتھ سکیم کے ویزوں پر بھی ای ویزا لاگو ہوگا۔

بقیہ 64 وزیرخزانہ

کے تحت حالیہ جائزہ کامیابی سے مکمل کیا، نتیجے میں دوسری قسط جاری ہوئی اور ریزیلیئنس اینڈ سسٹین ایبلیٹی فسیلیٹی (آر ایس ایف) میں بھی پیش رفت ہوئی، سینیٹر اورنگزیب نے مہنگائی میں نمایاں کمی، پالیسی ریٹ میں نرمی، روپے کی قدر میں استحکام، کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس، ترسیلات زر میں اضافہ اور جون کے آخر تک زرمبادلہ کے ذخائر کے 14 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے جیسے مثبت اشاریے بھی پیش کیے، وزیر خزانہ نے بجٹ میں شامل مالیاتی اقدامات، تجارتی اصلاحات، برآمدات پر مبنی ترقی اور کفایت شعاری پر بھی روشنی ڈالی، وزیر خزانہ نے کہا امریکہ کیساتھ ترجیحی ٹیرف تک رسائی کی بات چیت کو تعمیری و مثبت قرار دیتے ہوئے کہا مشرق وسطیٰ سے ایک ارب ڈالر کا کمرشل فنانسنگ معاہدہ کیا جبکہ پانڈا بانڈ کے اجرا اور یورو بانڈ مارکیٹ تک دوبارہ رسائی کی تیاری بھی جاری ہے

بقیہ 65 مشکلات کا سامنا

وزیر صحت نے آر ایچ سی کے دورے کے موقع پر اسٹاف کی حاضری چیک، سہولیات اور کارکردگی کا جائزہ لیا صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ نے ڈاکٹر، پیرامیڈیکس کو عوام کو فوری اور آسان طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی تاکید کرتے ہوئے کہا کہ تمام طبی عملے کی حاضری یقینی بناتے ہوئے ساتھ صفائی کی صورتحال بہتر بنائی جائے طبی مراکز میں صفائی کی صورتحال غیر یقینی ہونے سے مریضوں اور ان کے رشتہ داروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے

بقیہ 66 ترین علاقہ

میں بریفنگ دی گئی میر سلیم احمد خان کھوسہ نے ایس ای کیسکو کوئٹہ زمان شاہ اور ایکسین ایس ایس اینڈ ٹی کیسکو طارق لہڑی سے گرڈ اسٹیشن کے کام کو جلد مکمل اور گرڈ اسٹیشن میں بجلی کی فوری بحالی کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ڈسٹرکٹ صحبت پور گرم ترین علاقہ ہے

بقیہ 67 شہادت نوش

کی نمائندہ جماعت ہے اور ہماری پارٹی کا منشور و ایجنڈا غیور عوام کی فلاح و بہبود و جمہوری اقدار کو فروغ دینا ہے انہوں نے کہا ہے کہ آج پاکستان دنیا کا ساتواں ایٹمی ملک ہے اور اس کا کریڈٹ شہید ذوالفقار علی بھٹو کو جاتا ہے جس نے ایٹمی سائنسدان و محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر کو پاکستان لاکر انہیں ایٹم بم بنانے کیلئے تمام مراعات دے آج ہم ایٹمی طاقت اور بہادر افواج اور ایٹمی طاقت کے باعث دنیا سے آنکھیں ملاکر بات کرسکتے ہیں انہوں نے کہا ہے آج ہماری ریاست جس آئین پر یقین رکھتی ہے وہ بھی ہمارے قائد شہید بھٹو کی تخلیق کردہ ہے جس کے تحت ہماری ریاست مضبوطی کے ساتھ کھڑی ہے انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے جمہوریت اور ریاست پاکستان کو استحکام بخشنے کیلئے غیر جمہوری قوتوں کا دلیری کے ساتھ مقابلہ کیا اور بھٹو خاندان نے مملکت خداداد کی سلامتی و بقاء کیلئے جام شہادت نوش کیا انہوں نے کہا ہے

بقیہ 68 ملوث ملزم گرفتار

سمگلنگ اور ویزہ فراڈ میں ملوث ملزم ایجنٹ عبیدزادہ خان کو گرفتار کرلیا ہے، ملزم کو چھاپہ مار کارروائی میں کراچی سے گرفتار کیا گیا۔ ترجمان نے بتایا کہ گرفتار ملزم نے شہری کو بیرون ملک بھجوانے کیلئے جعلی ایگزٹ اسٹیمپس چسپاں کیں، جعلی اسٹیمپ کی بنیاد پر قطر جانے والے متاثر مظفر نامی شہری کو آف لوڈ کیا گیا تھا۔ ترجمان ایف آئی اے نے بتایا کہ گرفتار ملزم کے خلاف تفتیش کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ 69 اے ڈی بی

سے بڑا چیلنج کرپشن ہے، شعبے پر وفاقی و صوبائی سطح پر جائز ٹیکس دنیا اور خطے میں سب سے زیادہ ہیں اور ٹیکس پالیسیاں عام طور پر مستقل نہیں رہتیں، رپورٹ میں مزید کہا گیا سروس فراہم کرنے کی لاگت ڈیجیٹل تقسیم کو مزید بڑھا رہی ہے

بقیہ 70 انتہاپسندی

بلوچ تمام تر مواقعوں کے باوجود کردار کا دامن تھامے رکھا دونوں کے کردار، عمل، ایمانداری اور جہد مسلسل میں ہم آہنگی و مشترک صفات تھے۔ انہوں نے کہا کہ کارکن جب میر غوث بخش بزنجو گل خان نصیر شہید مولا بخش دشتی شہید حبیب جالب بلوچ سمیت دیگر قائدین کو مشعل راہ قرار دیتے ہیں تو کردار و سنجیدگی کو بھی اپنانا ہوگا انہوں نے کہا کہ دونوں اطراف میں انتہاپسندی ہے

بقیہ 71 اندرونی کہانی

فیصل جاوید، مرزا آفریدی اور پیر نور الحق قادری شامل ہیں، ٹیکنوکریٹ سیٹ پر اعظم سواتی اور خواتین سیٹ پر روبینہ ناز شامل ہیں۔

بقیہ 72 انروا

برائے انسانی حقوق کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا ہے کہ 6 ہفتوں میں امدادی مراکز کے قریب 865 فلسطینی مارے گئے، اسرائیلی آبادکاروں اور فورسز نے مغربی کنارے میں قتل، حملے اور ہراسانی شدید کردی۔

بقیہ 73 مجرمان کو سزائیں

میں تھانہ پیروہائی پولیس نے گرفتار کیا تھا۔ اسی مقدمے میں دیگر چار افراد کو نو نو سال قید کی سزائیں سنائی گئیں۔ مجرم سمید کو ایک کلو چار سو انچاس گرام چرس رکھنے کے جرم میں نو سال قید اور دو لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، اسے اکتوبر 2023 میں رتہ امرال پولیس نے گرفتار کیا تھا۔ جاوید اختر کو ایک کلوایک سوگرام چرس کے ساتھ گرفتار کیا گیا تھا، جس پر عدالت نے اسے نو سال قید اور دو لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ یہ گرفتاری جون 2023 میں گجنڈی پولیس کی کارروائی کے دوران عمل میں آئی تھی۔ مزید برآں، مجرم نعمان رشید کو ایک کلو چھ سو گرام چرس رکھنے کے جرم میں نو سال قید اور اسی ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ اسے دسمبر 2024 میں تھانہ کینٹ پولیس نے گرفتار کیا تھا۔ مجرم قربان کو بھی نو سال قید اور اسی ہزار روپے جرمانے کی سزا دی گئی۔ عدالت نے فیصلے سناتے ہوئے کہا کہ منشیات جیسے سنگین جرائم کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے کی گئی کارروائیاں قابل تحسین ہیں اور ان مقدمات میں دی گئی سزائیں دوسروں کے لیے ایک مثال بنیں گی۔

بقیہ 74 ملک بدری

افغان مہاجرین کی ہدایت پر محکمہ داخلہ بلوچستان نے آئی جی پولیس، کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز اور پولیس حکام کو رجسٹرڈ افغان مہاجرین کے خلاف کارروائی اور تنگ کرنے سے روک دیا۔ کمشنریٹ آف افغان مہاجرین کے مطابق بلوچستان کے مختلف علاقوں میں قیام دس افغان مہاجرین کیمپس سمیت مختلف علاقوں میں تین لاکھ پانچ ہزار رجسٹرڈ افغان مہاجرین رہائش پذیر ہیں۔

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور اعلیٰ معیار پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، چیف سیکرٹری

ان منصوبوں کی تکمیل سے غربت، بے روزگاری میں کمی اور لوگوں کے معیار زندگی میں بہتری آتی ہے شکیل قادر خان

اوستہ محمد پولیس کی کارروائی موٹر سائیکل چھیننے والا ملزم گرفتار

منصور کاکڑ کے بہیمانہ قتل میں ملوث ملزم کی گرفتاری قابل ستائش ہے' ضیاء لانگو

گرفتاری پر ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز گورایہ اور ان کی ٹیم کی کارکردگی قابل ستائش ہے واقعہ میں ملوث دیگر ملزمان کی گرفتاری کو بھی یقینی بنا کر انہیں عبرتناک ...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر نائب صدر و سابق صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ شہید 11 سالہ معصوم طالب علم منصور کاکڑ کے اغواء اور قتل میں ملوث ملزم کی

قلات 'نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق

مقتول کی شناخت سلمان احمد زہری کے نام سے ہوئی مزید کارروائی پولیس کررہی ہے

قلات (آن لائن) بلوچستان کے ضلع قلات میں نامعلوم مسلح افراد فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، پولیس ذرائع کے مطابق غوث آباد کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کر کے موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ کر نعش ہسپتال قلات منتقل کردا جہاں پر مقتول کی شناخت ...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

کمشنر کوئٹہ کا قلعہ عبداللہ کا دورہ، ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

ڈپٹی کمشنر نے جاری ترقیاتی کاموں کی تفصیلات پیش کیں، بروقت تکمیل پر زور دیا گیا

کمشنر کوئٹہ نے تعمیراتی منصوبوں کا جائزہ لیا، معیار پر سمجھوتہ نہ کرنے کی ہدایت جاری کئے

میزئی اڈہ (نامہ نگار) کوئٹہ ڈویژن کے کمشنر شاہ زیب خان کاکڑ نے قلعہ عبداللہ کا تفصیلی دورہ کیا جہاں انہیں ضلع میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ محمد ریاض خان نے کمشنر کو جاری ترقیاتی سرگرمیوں سے آگاہ کیا اور منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت کی تفصیلات پیش کیں۔ کمشنر کوئٹہ نے منصوبوں کے معائنہ کے دوران ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی کاموں کو مقررہ وقت میں مکمل ...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، بلوچستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے عہدداروں سے ٹیکس بار کے چیئرمین سلیم رضا ایڈووکیٹ حلف لے رہے ہیں

غزہ' حماس کی کارروائی میں محفوظ ترین مارک فور ٹینک تباہ' 3 اسرائیلی فوجی ہلاک

ٹینک کو حماس کے راکٹ پروپیلڈ گرینیڈ سے نشانہ بنایا گیا، ہلاک اہلکار 401 ویں آرمرڈ بریگیڈ کی 52 ویں بٹالین سے تعلق رکھتے ہیں

غزہ میں حماس کیخلاف زمینی آپریشن وسرحد پر جاری کارروائیوں میں اسرائیل کے ہلاک ہونے والے فوجیوں کی تعداد بڑھ کر 454 ہوگئی

غزہ (بیورو رپورٹ) شمالی غزہ کی پٹی میں حماس کے مجاہدین کی کارروائی میں دنیا کا سب سے محفوظ سمجھا جانے والا مارک فور نامی اسرائیلی ٹینک تباہ، دھماکے کے نتیجے میں 3 اسرائیلی فوجی ہلاک، افسر زخمی ہوگیا، ٹائمز آف اسرائیل کی رپورٹ کے مطابق شمالی غزہ کی پٹی میں اسرائیلی ٹینک دھماکے کی زد میں آگیا، تحقیقاتی ٹیم مہلک دھماکے کی وجوہات جاننے کی کوشش کررہی ہے، ہلاک ہونے والے 3 فوجیوں میں یارڈینا کا رہائشی 21 سالہ سٹاف سارجنٹ شوہم مناہم، ایفرات کا رہائشی 20 سالہ سارجنٹ شلومو یاکیر شریم، ریشون لیسیون سے 19 سا...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

کمشنر کوئٹہ شاہزیب خان کاکڑ قلعہ عبداللہ کے دورے کے موقع پر ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ ریاض احمد داوڑ ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

برطانیہ نے پاکستانی طلبہ اور پروفیشنلز کیلئے ای ویزا سہولت کا آغاز کردیا

برطانیہ میں قیام کی اجازت وشرائط کا آن لائن ریکارڈ ہوگا، ای ویزا بارڈر اینڈ امیگریشن سسٹم کو آسان، محفوظ بنائے گا

اقدام سے طلبہ اور پروفیشنل ویزا ہولڈرز کو پاسپورٹ پر سٹیکر ویزا کی ضرورت نہیں ہوگی، برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) برطانیہ نے پاکستانی طلبہ اور پروفیشنلز کیلئے ای ویزا سہولت کا آغاز کردیا، برطانوی ہائی کمیشن کے مطابق اقدام سے طلبہ، پروفیشنل ویزا ہولڈرز کو پاسپورٹ پر سٹیکر ویزا کی ضرورت نہیں ہوگی، فزیکل ویزے کی جگہ اب ڈیجیٹل امیگریشن سٹیٹس یعنی ای ویزا دیا جائے گا، ای ویزا برطانیہ میں قیام کی اجازت وشرائط کا آن لائن ریکارڈ ہوگا، امیگریشن سٹیٹس UKVI اکاؤنٹ میں لاگ ان ہوکر دیکھا جاسکے گا، برطانوی ہائی کمیشن کے مطابق ای ویزا بارڈر اینڈ امیگریشن سسٹم کو آسان، محفوظ اور ڈیجیٹل بنائے گا ...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

پبلک ویلفیئر ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن کی نومنتخب کابینہ سے مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ حلف لے رہے ہیں

بلوچستان کے ساتھ ہمیشہ ظلم وجبر والا رویہ رکھا گیا' مولانا عبدالقادر لونی

مائنز اینڈ منرلز ایکٹ صوبے کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف ہے' امیر بلوچستان جمعیت نظریاتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی نے کہا کہ بلوچستان کے ساتھ ہمیشہ ظلم وجبر کا رویہ رکھا گیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ساحل ووسائل اور سیاسی وجمہوری حقوق کو غصب کیا گیا انہوں نے کہا کہ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پاس کرکے صوبے کے حقوق پر ڈاکہ ڈالا گیا اور آج قبائل کی زمینیں کی الاٹمنٹ ...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان ریلوے کا جدید ترین بزنس ٹرین متعارف کرانے کا اعلان

وزیراعظم شہباز شریف جدید ترین کا افتتاح 19 جولائی کو لاہور اسٹیشن پر کریں گے

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان ریلوے نے مسافروں کی سہولت کیلئے جدید ٹیکنالوجی کی حامل بزنس ٹرین متعارف کرانے کا فیصلہ کرلیا، وزیراعظم شہباز شریف جدید ٹرین کا افتتاح 19 جولائی کو لاہور سٹیشن پر کریں گے، حکام کے مطابق کراچی اور لاہور کے درمیان پہلے سے چلنے والی پاک بزنس ٹرین کو اپ گریڈ کیا گیا جو 28 نئی ڈیجیٹل چائنیز کوچز پر ...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں پولیو کے مسئلہ پر میں خود وہاں گیا تھا، مصطفیٰ کمال

وفاقی وزیر نے پولیو کے قطرے نہ پلوانے والے والدین کو گرفتار کرنے سے روک دیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے پولیو کے قطرے نہ پلوانے والے والدین کو گرفتار کرنے سے روک دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سینیٹ اجلاس میں توجہ دلاؤ نوٹس پر جواب دیتے ہوئے وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ ...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم انصاف 17 جولائی جمعرات کو منایا جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم انصاف 17 جولائی جمعرات کو منایا جائے گا۔ اس دن کو منانے کا مقصد انصاف کے مضبوط نظام کی نشاندہی کرنا اور متاثرین کے حقوق کو فروغ دینا ہے۔ عالمی یوم انصاف کے حوالے سے ملک بھر میں تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جن میں دنیا کی توجہ انصاف کی فراہمی حائل رکاوٹوں کی جانب دلائی جائے گی۔ عالمی یوم انصاف ہر برس 17 جولائی کو منایا جاتا ہے یہ دن لوگوں کو عالمی یوم انصاف کی اہمیت سے آگاہ کرنے اور دنیا بھر میں ہونے والے ناانصافی یادیر سے انصاف فراہمی کے معاملات کی جانب توجہ مرکوز کرنے کے لیے منایا جاتا ہے۔

سونا 700 روپے تولہ سستا

کراچی (بیورو رپورٹ) سونے کی قیمت میں 3 روز کے مسلسل اضافے کے بعد کمی آگئی آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق سونے کی فی تولہ قیمت 700 روپے کی کے بعد 3 لاکھ 59 ہزار روپے ہوگئی، ایسوسی ایشن کے مطابق 10 گرام سونے کی قیمت 600 روپے کم ہوکر 3 لاکھ 7 ہزار 784 روپے رہی۔

پی ٹی آئی کے مرکزی پولیٹیکل سیکرٹری امجد علی خان نیازی، لالا سلطان قریشی، ودیگر قریشی ہاؤس میں دیئے گئے استقبالیہ سے خطاب کر رہے ہیں

مذاکرات یورینیم افزودگی سے مشروط ہوئے تو بات چیت نہیں ہوگی' ایران کا دوٹوک جواب

ایران، امریکہ کے درمیان کسی ممکنہ ملاقات کیلئے تاریخ، وقت یا مقام کا تعین تاحال نہیں ہوا، مشیر ایرانی رہبر اعلیٰ علی ولایتی

تہران سفارتکاری، بامقصد بات چیت کا حامی، سنجیدگی سے پرامن حل کی کوشش جاری رکھیں گے، صدر مسعود پزشکیان

تہران (بیورو رپورٹ) ایران نے کہا ہے امریکہ نے جوہری مذاکرات کو یورینیم افزودگی کے خاتمے سے مشروط کیا تو تہران ایسے کسی مذاکراتی عمل کا حصہ نہیں بنے گا، ایرانی رہبر اعلیٰ خامنہ ای کے مشیر علی ولایتی نے سرکاری خبررساں ایجنسی ارنا سے گفتگو میں دوٹوک موقف اختیار کرتے ہوئے کہا اگر مذاکرات کی شرط افزودگی روکنا ہے تو ایسے مذاکرات ممکن ہی نہیں، ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے بھی موقف کی توثیق کرتے ہوئے کہا ایران، امریکہ کے درمیان کسی ممکنہ ملاقات کیلئے تاریخ، وقت یا مقام کا تعین تاحال نہیں ...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ تعلیم کو ترجیحی بنیادوں پر فوقیت دینا خوش آئند ہے' امان اللہ کنرانی

امن وآشتی کی بحالی کیلئے نتائج خیز کاوشوں کی ضرورت ہے' سابق صدر سپریم کورٹ بار

کوئٹہ (آن لائن) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر سینیٹر (ر) امان اللہ کنرانی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان کے سرکاری نہیں بلکہ اجتماعی دانش کے تناظر میں بعض ٹھوس اقدامات وانتظام والانصرام میں بہتری کے نتائج واضح تبدیلی کی شکل میں محسوس ہورہے ہیں سب سے پہلے صوبائی بجٹ کو ارکان عمل سے نکال کر بجٹ کے مقتدرہ سے ...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

لڑکیاں آبادی کا اہم حصہ انہیں ہنر وعلم سے لیس کرنا ضروری ہے' مینا مجید

محکمہ امور نوجوانان کے زیر اہتمام تربیتی سیمینار سے صوبائی مشیر کا خطاب

کوئٹہ (خ ن) گزشتہ روز محکمہ امور نوجوانان بلوچستان کے زیر اہتمام ایک تربیتی سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence)، انفارمیشن ٹیکنالوجی، انٹرپرینیورشپ اور ڈیجیٹل مہارتوں جیسے جدید موضوعات پر رہنمائی اور تربیت فراہم کی گئی سیمینار میں مختلف اسکولوں اور کالجوں سے تعلق رکھنے والے ...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

3 ارب کی لاگت سے حب اسپیشل اکنامک زون منصوبے پر کام جاری

منصوبے کے تحت 406 ایکڑ رقبے پر 65 نئی صنعتی فیکٹریاں، 10 ویئر ہاؤسز اور 4 کمرشل سیکٹر یونٹس قائم ہونگے

مزید فنڈز کے اجراء کیلئے اعلیٰ حکام سے بات کرینگے' وفاقی جوائنٹ سیکرٹری دفاعی پیداوار

کوئٹہ (خ ن) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور صوبائی وزیر میر علی حسن زہری کے حلقہ انتخاب میں حب اسپیشل اکنامک زون منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے وفاقی حکومت کے تعاون سے تین ارب کی لاگت کا منصوبہ صنعتی ترقی کی جانب سے اہم پیشرفت ہے وزارت دفاعی پیداوار والانڈسٹریز کی جوائنٹ سیکرٹری عذرا جمالی اور مانیٹر ...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ نے مناسب مہلت کے بغیر ریکوری نوٹس جاری کرنا غیر قانونی قرار دیدیا

ٹیکس وصولی کا مقصد "پکڑ دھکڑ" کرنا نہیں، ایک ہی دن اپیل، فیصلہ اور ریکوری نوٹس انصاف کے اصولوں کیخلاف ہے

ایف بی آر کی انٹرا کورٹ اپیل خارج، ٹیکس حکام کو سزا دینے والی ایجنسیوں کے طور پر کام نہیں کرنا چاہیے، فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے ایف بی آر کا مناسب مہلت کے بغیر ریکوری نوٹس جاری کرنا غیر قانونی قرار دیتے ہوئے کہا ٹیکس حکام کو سزا دینے والی ایجنسیوں کے طور پر کام نہیں کرنا چاہیے جسٹس عائشہ ملک نے 18 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا، سپریم کورٹ نے ایف بی آر کی انٹرا کورٹ اپیل خارج کرتے ہوئے کہا ٹیکس حکام کو سزا دینے والی ایجنسیوں کے طور پر کام نہیں کرنا چاہیے، ٹیکس وصولی کا مقصد "پکڑ دھکڑ" کرنا نہیں، ایک ہی دن اپیل، فیصلہ اور ریکوری نوٹس جاری کرنا انصاف کے اصولوں کے خلاف ہے...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

نصیر آباد 9 لاکھ کی ڈکیتی میں ملوث ملزم گرفتار

نصیر آباد (نامہ نگار) پولیس تھانہ منگولی نے نو لاکھ روپے کی ڈکیتی میں ملوث دوسرے ملزم اور واردات کے مرکزی سرغنہ کو گرفتار کرلیا ہے۔ پولیس نے گرفتار ملزم کے قبضے سے اسلحہ بھی برآمد کرلی۔ ڈی آئی جی نصیر آباد ریج عاصم خان اور ایس ایس پی غلام سرور بھیو کی خصوصی احکامات پر ایس پی محمد طیب اقبال کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ منگولی محمد عمر اعوان اور سی آئی اے نصیر آباد کے انچارج طالب حسین لاشاری نے کارروائی کر کے سرغنہ ملزم سیوا ولد محمد عثمان قوم کھوسہ کو گرفتار کرلیا

قلات، کوئٹہ کراچی شاہراہ پر گاڑیوں میں تصادم، 2 افراد جاں بحق 2 زخمی

حادثہ نیچارہ کے مقام پر پیش آیا' نعشیں وزخمی ہسپتال منتقل' مزید تحقیقات جاری ہے

قلات (آن لائن) قلات میں این 25 کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ نیچارہ کے مقام پر دو کار گاڑیوں میں تصادم، دو افراد جاں بحق جبکہ دو افراد شدید زخمی ہوگئے لیویز ذرائع کے مطابق کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ نیچارہ کے مقام پر ٹوڈی اور انڈس کار کے مابین تصادم ہوا جس کے نتیجے میں 2 افراد موقع پر جاں بحق جبکہ 2 افراد زخمی ہوگئے اطلاع ملتے ہی قلات ...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

پیمرا بلوچستان میں کونسل آف کمپلیکس کا اجلاس منعقد

چیئرمین ڈرچین مری کی زیر صدارت اجلاس میں نجی چینل کیخلاف شکایت کا جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (خ ن) پیمرا بلوچستان میں کونسل آف کمپلیکس کا اجلاس چیئرمین محترمہ ڈرچین مری کی صدارت میں منعقد ہوا اجلاس میں ایک نجی چینل کے خلاف شکایت کا جائزہ لیا گیا دیگر اراکین میں افضل مراد، سمیرا ڈاکٹر مریم تنویر، میر عالم زیب، شاہد اقبال اور سیکرٹری کونسل آف کمپلیکس کامران زیب اور ریجنل ڈائریکٹر بھی موجود تھے۔

بلوچستان کے عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں' یونس عزیز زہری

تمام اپوزیشن جماعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنا ناگزیر ہوچکا ہے

اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی کی ولیجہ اسد بلوچ سے ملاقات' اہم امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے بی این پی عوامی کے مرکزی قائد اور سابق صوبائی وزیر راجی راہشون میر اسداللہ بلوچ سے ملاقات کی ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی صورتحال، اپوزیشن کے کردار اور اسمبلی میں موثر آواز بلند کرنے کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا ...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے' شعیب نوشیروانی

امن وامان کے قیام کیلئے قانون نافذ کرنے والے ادارے متحرک ہیں' خاران میں مختلف وفود سے گفتگو

خاران (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی سے نوتیزئی ہاؤس خاران میں سیاسی، سماجی وعلاقائی معتبرین اور پارٹی کارکنان نے ملاقات کی اس موقع پر میں ضلع خاران میں جاری ترقیاتی منصوبوں، صحت، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، تعلیمی مسائل اور امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا صوبائی وزیر خزانہ میر ...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت نظریاتی اکابرین کی امین جماعت ہے' قاری مہر اللہ

ہمیں ایک امانت سپرد اس مشن کو آگے بڑھانے کیلئے خود کو وقف کرنا ہوگا' رہنما، جمعیت (ن)

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی کنوینئر مولانا قاری مہر اللہ نے پشین میں رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں ذمہ داران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نظریاتی اکابرین کی نظریاتی سوچ وافکار کی امین جماعت ہے یہ ہمیں ایک امانت سپرد ہوئی ہے اس مشن کو عملی طور پر آگے بڑھانے کیلئے خود کو وقف کرنا ہوگا خطا ...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں ایرانی پیٹرول وڈیزل کی فراہمی کے حوالے سے اہم پیش رفت

پاکستانی وایرانی حکام پیٹرول وڈیزل کی فراہمی کو بفرزون میں منتقل کرنے پر رضامند

74 گاڑیوں کو تیل کی نقل وحمل کی اجازت دی گئی ہے' ڈپٹی کمشنر کیچ

کوئٹہ (مشرق نیوز) بلوچستان میں ایرانی پیٹرول وڈیزل کی فراہمی کے حوالے سے اہم پیش رفت' تفصیلات کے مطابق پاکستانی اور ایرانی حکام پیٹرول اور ڈیزل کی فراہمی کو بفرزون میں منتقل کرنے پر رضامند، جنوبی بلوچستان میں ایندھن کی درآمد دوبارہ شروع جنوبی بلوچستان کے سرحدی اضلاع میں ایندھن کی فراہمی کے لئے ایک اہم پیش رفت ...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

معدنیات لے جانے والے ٹرکوں کو تحفظ فراہم کیا جائے' پشتونخوا نیپ

حکومت ٹرکوں کو سیکورٹی فراہم کرے تاکہ وہ بلاخوف وخطر اپنے منزل تک پہنچ سکیں قادر آغا ایڈووکیٹ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے سینئر سیکرٹری سید قادر آغا ایڈووکیٹ نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ صوبے بھر میں، بالخصوص کوئٹہ کراچی شاہراہ پر معدنیات لے جانے والے ٹرکوں کو تحفظ فراہم کرے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں مسلم باغ ٹرک ایسوی ایشن کے صدر دلبر خان، انجمن تاجران ...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے عوام پر کئی دہائیوں سے ظلم جاری ہے' مولانا ہدایت الرحمان

شاہراہوں پر مال بردار گاڑیوں کو نذر آتش کرنے کے واقعات کا سدباب کیا جائے' امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام پر کئی دہائیوں سے ظلم ہورہا ہے بلوچستان کے وسائل معدنیات لوٹے جارہے ہیں اسلام آباد کے حکمرانوں نے عوام پر سازش کے تحت اشاروں پر چلنے والے مافیاز مسلط کئے ہیں ہمیشہ سے عوامی مینڈیٹ کی توہین کی جاتی رہی ہے سیکورٹی...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے اجتماعی امور پر قومی یکجہتی کا مظاہرہ کیا جائے' نوابزادہ لشکری رئیسانی

بلوچستان کے لوگ اپنی سرزمین کے معاملات خود حل کریں تاکہ کسی معجزے کا انتظار کریں

گزشتہ اسمبلی نے ریکوڈک، آج کی اسمبلی نے باقی ماندہ وسائل کو نیلام کیا' سینئر سیاستدان

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاست دان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے لوگ مادر وطن کے اجتماعی امور پر قومی یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی سرزمین کے معاملات خود حل کریں نہ کہ کسی معجزے کا انتظار کریں، مصلحتوں کے شکار سیاسی جماعتوں نے بلوچستان کو حقیقی نمائندگی سے محروم رکھا ہے، گزشتہ اسمبلی نے ...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

محرم کے دوران صحابہ کرامؓ کی شان میں گستاخی کی گئی' مولانا رمضان مینگل

ملوث عناصر کیخلاف عدالت سے رجوع اور احتجاج کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں' سربراہ سنی علماء کونسل

کوئٹہ (آن لائن) سنی علماء کونسل بلوچستان کے سربراہ مولانا محمد رمضان مینگل، مولانا غلام غوث حقانی، علامہ ثناء اللہ فاروقی، حافظ قاسم، مفتی کلیم اللہ حیدری، مولوی عبدالحکیم، قاری عبدالولی فاروقی، مولانا عبدالرحیم ساجد نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے مہینے میں ملک بھر کی طرح بلوچستان کے مختلف علاقوں میں تقاریب کے دوران سوشل میڈیا پر صحابہ کرام اور اہل بیت کی شان میں گستاخی کر کے غلط تاثر دیا گیا ہے جس کی ہم مذمت کرتے ہیں حکومت ...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

محکوم اقوام کے ساتھ جو کچھ ہورہا ہے وہ ناقابل برداشت ہے' عبدالقہار ودان

ملک کو بچانے کا راستہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے پروگرام میں شامل ہے' سیمینار سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کے محکوم اقوام ومظلوم عوام کے ساتھ جو کچھ ہورہا ہے یہ مزید ناقابل برداشت ہوچکا ہے، اقتدار کے لئے پارٹیوں کی تخلیق کی جاتی ہے، من پسند افراد کو سیاستدان کا نام دینے اور سیاسی پارٹیوں کی تخلیق سے قومی مسائل حل نہیں ہوسکتے آج بھی پشتون قومی سوال حل طلب ہے، اس صوبے اور کے عوام کے مسائل کا حل اوران ...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

جے ایف 17 طیارے کا برطانوی شو میں حصہ بننا باعث فخر ہے' محمد عبدالقادر

برطانوی شو میں پاکستانی سی ون 30 اور آئی ایل 78 طیارے بھی حصہ لے رہے ہیں' سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاکستان کے جے ایف 17 طیارے کا برطانیہ کے رائل انٹرنیشنل شو کا حصہ بننا پاکستان کے لئے فخر اور اعزاز کی بات ہے پاکستان اور بھارت کے درمیان حالیہ جنگ کے دوران پاکستان کے جے ایف 17 طیارہ جس نے اپنی کارکردگی سے بین الاقوامی شہرت حاصل کی پاک بھارت جنگ کے بعد اب پہلی مرتبہ برطانیہ میں ہونے والے رائل انٹرنیشنل ایئر شو میں حصہ لے گا یہ ...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

معیشت استحکام کی راہ پر گامزن، ریٹنگ میں بہتری کی امید ہے، وزیر خزانہ

وزیر خزانہ کی موڈیز ٹیم کو بریفنگ

مہنگائی میں نمایاں کمی، پالیسی ریٹ میں نرمی، روپے کی قدر میں استحکام، کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس، ترسیلات زر میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا

امریکہ کیساتھ تجارتی ٹیرف تک رسائی کی بات چیت تعمیری ومثبت، ٹیکس ٹو جی ڈی پی شرح کو 13.5 فیصد تک لیجانا ہے

عمران 6، بشریٰ کی ایک مقدمے میں عبوری ضمانتوں میں توسیع

وزیراعلیٰ کی جانب سے اسمبلی اجلاس بلانے کی ایڈوائس ابھی تک نہیں ملی گورنر کے پی

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کی جانب سے اسمبلی اجلاس بلانے کی ایڈوائس ابھی تک نہیں ملی نجی ٹی وی سے گفتگو میں گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا مخصوص نشستوں پر منتخب ممبران نے اسمبلی کی رکنیت کا حلف اٹھانا ہے اور سینیٹ الیکشن میں ووٹ ڈالنا ہے، وزیراعلیٰ کے پی اسمبلی اجلاس بلانے کی ایڈوائس بھیجیں تاکہ ممبران حلف اٹھاسکیں۔

صوبائی وزیر صحت کا دورہ آر ایچ سی سورینج، صفائی کی ابتر صورتحال پر برہم

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ ڈاکٹرز اور طبی عملے کی حاضری کو یقینی بنایا جائے، ریجنل ہیلتھ سینٹر میں صفائی کی صورتحال کو بہتر بنایا جائے، غفلت برتنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریجنل ہیلتھ سینٹر سورینج کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی ...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر مواصلات کا صحبت پور گرڈ اسٹیشن کا دورہ اور کام کا جائزہ

میر سلیم کھوسہ نے بارشوں سے متاثرہ پولز کی تنصیب کے کام کو تیز کرنے کے بھی احکامات جاری کئے

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے گزشتہ روز صحبت پور گرڈ اسٹیشن کا دورہ کیا اور بارش سے متاثرہ گرڈ اسٹیشن کا جائزہ لیا اس موقع پر صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات سلیم احمد خان کھوسہ کو ایس ای کیسکو کوئٹہ زمان شاہ، ایکسین ایس ایس ایڈ جی کیسکو طارق لہڑی نے گرڈ اسٹیشن میں جاری کام کے بارے ...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

ایف آئی اے کی کراچی میں کارروائی، انسانی سمگلنگ وویزہ فراڈ میں ملوث ملزم گرفتار

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کراچی نے انسانی سمگلنگ اور ویزہ فراڈ میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ڈی جی ایف آئی اے رفعت مختار کی ہدایات پر انسانی سمگلنگ میں ملوث ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے اور اسی تناظر میں اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کراچی نے کارروائی کی۔ انہوں نے بتایا کہ کراچی میں کارروائی کے دوران انسانی ...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی عوام کی نمائندہ جماعت اور شہداء کی امانت ہے' غزالہ گولہ

صوبوں کی خودمختاری کا سہرا صدر آصف علی زرداری کے سر جاتا ہے' ڈپٹی سپیکر بلوچستان اسمبلی

پاکستان دنیا کا ساتواں ایٹمی ملک جس کا کریڈٹ شہید ذوالفقار بھٹو کو جاتا ہے' صحافیوں سے گفتگو

بولان (این این آئی) پیپلز پارٹی بلوچستان عوام کی نمائندہ جماعت ہے اور شہداء کی امانت ہے صوبوں کی خودمختاری کا سہرا صدر آصف علی زرداری کے سر جاتا ہے ان خیالات کا اظہار ڈپٹی اسپیکر صوبائی اسمبلی غزالہ گولہ نے ڈھاڈر پریس کلب کے سینئر نائب صدر محمد عارف ہنگورئی اور ممبر عبدالحئی گولہ سے ملاقات کے دوران کی انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک ملک گیر سیاسی و جمہوری پارٹی ہے لیکن چند ناعاقبت اندیش وسیاسی نابلد لوگوں کے خیال میں پیپلز پارٹی سکڑ کر سندھ تک محدود ہوچکی ہے انہوں نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی عوام ...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان مختلف محکموں کے سالانہ کارکردگی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈیجیٹل لین دین پر 5 فیصد جی ایس ٹی نافذ کیا جائے' ایشیائی ترقیاتی بینک

پاکستان کے ڈیجیٹل انفرااسٹرکچر کو زیادہ ٹیکسیشن سے بڑا چیلنج درپیش شعبے پر وفاقی وصوبائی سطح پر عائد ٹیکس دنیا اور خطے میں سب سے زیادہ ہیں

بھاری وغیر مستقل ٹیکس غیر ملکی سرمایہ کاری، ترقی اور ڈیجیٹل خدمات کے پھیلاؤ کیلئے سنگین خطرہ ہیں، اے ڈی بی نے رپورٹ میں خبردار کردیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے حکومت سے سفارش کی ہے تمام ڈیجیٹل لین دین پر یکساں 5 فیصد جنرل سیلز ٹیکس (جی ایس ٹی) نافذ کرے تاکہ ملک بھر میں ڈیجیٹل ادائیگیوں، ای کامرس پلیٹ فارمز کو فروغ دیا جاسکے، نقدی سے متعلقہ غیر موثر طریقہ کار کو کم کیا جاسکے اور معیشت کو دستاویزی شکل دی جاسکے، اے ڈی بی نے خبردار کیا ملک میں ڈیجیٹل انفرااسٹرکچر پر بھاری وغیر مستقل ٹیکس غیر ملکی سرمایہ کاری، ترقی اور ڈیجیٹل خدمات کے پھیلاؤ کے لیے سنگین خطرہ ہیں، پاکستان کے ڈیجیٹل انفرااسٹرکچر کو زیادہ ٹیکسیشن ...... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

وائس چانسلر بیوٹمز پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ اور میزان بینک کے (SCD) کاشف نثار بیوٹمز اور میزان بینک کے باہمی معاہدے کی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں

کوئی کنفیوژن نہیں ہونی چاہیے، نیشنل پارٹی جمہوری جدوجہد پر یقین رکھتی ہے' مالک بلوچ

شہید مولا بخش دشتی وشہید حبیب جالب بلوچ سیاست کے بلند کردار وعمل کی پہچان' ایمانداری وکمٹمنٹ انکی شناخت تھی

18 ویں ترمیم میں قومی اکائیوں کے اختیارات میں اضافہ ہوا، اسلم بلوچ، بوہیر صالح بلوچ کا تعزیتی ریفرنس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے شہید مولا بخش دشتی وشہید حبیب جالب بلوچ کی یاد میں تعزیتی ریفرنس سے خطاب میں دونوں قائدین کی سیاسی جمہوری جدوجہد کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہید مولا بخش دشتی وشہید حبیب جالب بلوچ سیاست کے بلند کردار وعمل کی پہچان تھے۔ ایمانداری وکمٹمنٹ ان کی شناخت تھی۔ سیاسی بصیرت وسنجیدگی کے بدولت انہوں نے قومی سیاست کی شعوری آبیاری کی۔ نیشنل پارٹی کے سربراہ نے کہا کہ شہید مولا بخش دشتی وشہید حبیب جالب ...... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

شاہنواز بھٹو کی چالیسویں برسی 18 جولائی جمعہ کو منائی جائے گی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی و سابق وزیراعظم پاکستان ذوالفقار علی بھٹو کے صاحبزادے اور سابق وزیر اعظم پاکستان محترمہ بے نظیر بھٹو کے بھائی شاہنواز بھٹو کی چالیسویں برسی 18 جولائی جمعہ کو منائی جائے گی اس سلسلے میں جہانیاں، بخشہ صادق آباد سمیت مختلف شہروں میں تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں مرحوم کے لیے قرآن خوانی کا اہتمام کیا جائے گا شاہنواز بھٹو 27 سال کی عمر میں ستمبر 1977 کو اپنے والد کی گرفتاری کے بعد لندن چلے گئے تھے

ہربنس پورہ، کرنٹ لگنے سے 2 بچے جاں بحق

لاہور (این این آئی) ہربنس پورہ کے علاقہ برف خانہ سٹاپ کے قریب کرنٹ لگنے سے 2 بچے جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق اہل خانہ نے بتایا کہ کرنٹ گھر میں موجود کپڑوں کی آہنی پٹی سے لگا، متوفین میں 15 سالہ اویس اور اس کی بہن 13 سالہ ثناء شامل ہیں۔ پولیس کارروائی کے پیش نظر دونوں میتیں میاں میر ہسپتال منتقل کردی گئیں۔

راولپنڈی، منشیات کے پانچ مقدمات میں ملوث مجرمان کو سزائیں

راولپنڈی (زاہد احمد خان) انسداد منشیات کی عدالت نے منشیات کے پانچ مختلف مقدمات کا فیصلہ سناتے ہوئے پانچ مجرمان کو مجموعی طور پر پچاس سال قید اور دس لاکھ ساٹھ ہزار روپے جرمانے کی سزائیں سنادیں۔ رپورٹ کے مطابق ان مقدمات میں سب سے سخت سزا بلال خان کو سنائی گئی، جسے چودہ سال قید اور پانچ لاکھ روپے جرمانے کی سزا دی گئی۔ بلال خان کے قبضے سے پانچ کلو چھ سوگرام چرس برآمد ہوئی تھی، جس پر اسے فروری 2025 بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، متحدہ لوکل بس ایسوی ایشن کے حاجی اختر جان کاکڑ ودیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

بانی پی ٹی آئی اور بیرسٹر سیف کے درمیان ملاقات کی اندرونی کہانی

سینٹ کے امیدواروں کی حتمی منظوری، ثانیہ نشتر کی سیٹ پر مشال یوسفزئی کا نام فائنل

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان اور تحریک انصاف کے رہنما ومشیر اطلاعات کے پی بیرسٹر سیف کے درمیان ملاقات کی اندرونی کہانی سامنے آگئی، ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی نے سینٹ کے امیدواروں کی حتمی منظوری دے دی، ثانیہ نشتر کی سیٹ پر مشال یوسفزئی کا نام فائنل کر دیا گیا، سینٹ کے دیگر امیدواروں میں مراد سعید، ...... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ میں ہر 10 میں سے ایک بچہ غذائی قلت کا شکار ہے، رپورٹ

اقوام متحدہ کے ادارے انروا نے غزہ میں شدید غذائی قلت سے خبردار کردیا

غزہ (بیورو رپورٹ) فلسطینی پناہ گزینوں کیلئے اقوام متحدہ کے ادارے انروا نے غزہ میں شدید غذائی قلت سے خبردار کردیا، یو این امدادی ایجنسی برائے فلسطین انروا کے مطابق غزہ 4 ماہ سے سخت محاصرے میں ہے، غزہ میں غذائی قلت کی شرح میں اضافہ ہورہا ہے جہاں ہر 10 میں سے ایک بچہ غذائی قلت کا شکار ہے، دوسری جانب اقوام متحدہ کے دفتر ...... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

ڈسٹرکٹ وائس میر اسفندیار خان بار محمد زئی سینئر سردار محمد عمر گورگیج کو صوبائی صدر مقرر ہونے پر گلدستہ پیش کر رہے ہیں

وفاقی حکومت افغان مہاجرین کی ملک بدری بارے کوئی فیصلہ نہ کر سکی

بلوچستان میں رہائش پذیر رجسٹرڈ افغان مہاجرین کی صوبے میں قیام کی مدت تیس جون کو ختم ہوئی

وفاقی وزارت سیفران، کمشنریٹ آف افغان مہاجرین کی ہدایت پر مزید کارروائی سے روک دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں رہائش پذیر رجسٹرڈ افغان مہاجرین کی صوبے میں قیام کی مدت تیس جون کو ختم ہوگئی، بلوچستان حکومت نے وفاقی حکومت کے احکامات آنے تک پولیس اور لیویز کو رجسٹرڈ افغان مہاجرین کے خلاف کارروائی سے روک دیا۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کے مراسلے کے مطابق صوبے میں رہائش پذیر رجسٹرڈ افغان مہاجرین کی قیام کی مدت گذشتہ ماہ 30 جون کو ختم ہوگئی ہے تاہم وفاقی حکومت کی جانب سے رجسٹرڈ افغان مہاجرین کی ملک بدری کے حوالے سے کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے وفاقی وزارت سیفران، کمشنریٹ آف ...... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر